Temple Mount/
Al Haram Al Sharif
Dome of the Rock
Western or
Wailing Wall
Al-Aqsa/Qibli Mosque

عرب اسرائیل تنازعہ

عاطف خان

Table of Contents

انتساب

ابراہیم کہخدا ، والدین اور شریک حیات نام

اظہار تشکر

میں ڈاکٹر ضمیر اختر، ڈاکٹر صفدر رشید، محمد شفیع ،محمد
یعقوب ،صغیر انور وٹو اور ان تمام خواتین و حضرات کا صدق دل سے
ممنون ہوں جنہوں نے اس کام میں کسی بھی طریقے سے میری
معاونت کی ۔ میں خاص طور جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مرحوم
کا مشکور ہوں ۔ جن کی کتب اور ویڈیوز سے میری کئی الجھنیں
آسان ہوئیں ۔ اور مجھے یہودیت ۔ عیسائیت اور اسلام سمجھنے میں
بہت مدد ملی۔ اللہ ان کے درجات بلند فرمائے۔

کتاب پڑھنے کے لئے راہنمائی

یہ کتاب ان عظیم ہستیوں کی زندگی پر مبنی ہے جنہیں دنیا مانتی
ہے ۔ یہودی عیسائی اور مسلمان اپنے عقیدے کے مطابق ان عالی
مرتبت شخصیا ت کے نام کے ساتھ کچھ کلمات بطور ادب استعمال
کرتے ہیں ۔آپ اپنےمذہبی عقیدے کے مطابق انہیں موزوں القابات کے
ساتھ پکاریں ۔

اسلامی کلمات

مسلمان آدم سے لیکرمحمد تک ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں میں
یقین رکھتے ہیں۔ اسلامی دنیا میں خدا ، پیغبروں اور نیک لوگوں کے
لئے مندرجہ ذیل کلمات استعمال کرتے ہیں
خدا ۔ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَیٰ، تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَزَّ وَجَلَّ

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ، نبی محمد کے نام
کے بعد یہ کلمات ادا کئے جاتے ہیں
مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ محمد کے نام کے ساتھ ہر باردرود
ابراہیمی پڑھیں ۔ یا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کہیں ۔
عَلَيْهِ السَّلَامُ ،عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ پیغمبر اور نبیوں کے لئیے شیعہ
حضرات اماموں کے لئے بھی یہی استعمال کرتے ہیں
رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، محمد کے صحابہ کرام کے ناموں کے بعد یہ لفظ ادا کئے
جاتے ہیں
خواتین کے لئے رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَ کہا جاتا ہے۔
یہودیت میں ادبی کلمات
یہودی آدم سے لیکر حنانی تک اڑتالیس مرد پیغمبر اور ابراہیم کی
زوجہ سارہ سے لیکر ایشتر تک سات خواتین پیغمبروں کو مانتے ہیں
ابراہیم کو وہ ہمارا باپ ابراہیم کے نام سے پکارتے ہیں ۔
Avraham Avinu (אברהםאבינו)
یہودیت میں خدا کے سات نام ملتے ہیں ایل ، الوہم ، علووہ ، ایلوہی
ایل شیدائی اور زیواعتہ ان ناموں کو لکھنے کے بعد مٹایا نہیں جا
سکتا
بزرگوں اور نیک لوگوں لہ لئے یہودی کہتے ہیں۔ راست آدمی کی یاد
گار مبارک ہے۔ لیکن شریروں کانام سڑجائیگا
zekher tzadik livrakha" and in Hebrew: "**זכרצדיקלברכה**.
عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جس کا مطلب ہے۔ سلامتی ہو یا
"zikhrono livrakha"
"alav ha-shalom
آرتھوڈوکس یہودی موسی کو موشہ ربینو ، ایوید ہاشم یعنی ہمار ا
قائد موسی ، خدا کا ملازم ، اور پیغمبروں کا باپ کہتے ہیں
اسلام میں ابراہیم کو حضرت ابراہیم علیہ السلام ، اور موسی کو
حضرت موسی علیہ السلام کہا جاتا ہے۔
مختلف عیسائی فرقوں میں نیک لوگوں بزگوں اور پیغمبروں کو
مختلف القابات سے پکارا جاتا ہے۔۔ مشرقی آرتھوڈوکس، چرچ آف
جیسز کرائسٹ ،پروٹسٹنٹ اور کیتھولک مختلف ادبیہ کلمات استعمال
کرتے ہیں۔ کیتھولک ازم میں پوپ سینٹ پیٹر کے جان نشین سمجھے
جاتے ہیں ۔ سینٹ پیٹر یسوع مسیح کے بارہ شاگردوں میں سے ایک
تھے۔ انہیں روم کا پہلا پوپ مانا جاتا ہے ۔ عیسائی عقیدہ کے مطابق
انہیں مصلوب کردیا گیا تھا

پیش لفظ

گزشتہ کئی دہائیوں سے عرب اسرائیل تنازعہ خبروں کا ایک اہم موضوع ہے ۔ شاید ہی کوئی دن گزرتا ہو جب کسی بلیٹن میں اس حوالے سے خبر نہ ہو۔ پوری دنیا اس کی وجہ سے ایک تناو کا شکار ہے ۔اور کئی ممالک کی خارجہ اور داخلی پالیسیاں اسی کے گرد گھومتی ہیں۔ اس تنازعہ کے دونوں فریقین یعنی یہودیوں اور مسلمانوں دونوں کے مذاہب کا نقطہ آغاز ایک ہی ہے۔ لیکن دونوں ایک دوسرے کے بد ترین دشمن ہیں۔ اسلامی دنیا کے بیشتر ممالک اسرائیل کو تسلیم نہیں کرتے تو دوسری جانب یہودی مسلمانوں کو دنیا کے تمام مسائل کی جڑ اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ گردانتے ہیں۔ پچاس اسلامی ریاستوں میں کچھ مشترک ہو نہ ہو لیکن اسرائیلی قبضہ کے خلاف ، ان میں سے بیشتر متحد ہیں۔ دنیا میں یہودیوں کی کل آبادی محض چودہ ملین ہے ، جس میں سے تقریبا سات ملین اسرائیل میں رہتے ہیں۔ یہودیوں کے مقابلہ میں

مسلمانوں کی تعداد بہت زیادہ ہے ۔ قریبا دو ارب کی آبادی کے ساتھ
اسلام دنیا کا دوسرا سب سے بڑا مذہب ہے۔ اسبھاری اکثریت کے
باوجود ، مسلمان ننھی سی اسرائیلی ریاست کے خلاف بے بس ہیں۔
دونوں عظیم مذاہب کے درمیان بنیادی جھگڑا یروشلم کی ملکیت کا ہے
۔ مذہبی تاریخ کی بنیاد پر ، دونوں کا دعویٰ ہے کہ اس شہر پر ان کا
حق ہے۔ یہودی ، عیسائی اورمسلمان مقدس سرزمین پر قبضہ کے
لئے صدیوں سے لڑ رہے ہیں ۔لیکن حالیہ دہائیوں کے دوران ،
اسرائیلی ہمدردوں نے اس دیرینہ مسئلہ کو ایکسرحدی تنازعہ
کاروپ دے دیا ہے۔ اس کامیاب میڈیا مینجمنٹ کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب
2017 میں ریاستہائے متحدہ امریکہ نے یروشلم کو اسرائیل کا
دارالحکومت تسلیم کرنے کا اعلان کیا، تو کہیں سے کہیں کوئی
ردعمل نہیں آیا ۔ یہ امریکی دباؤ ہی تھا کہ کئی مسلمان ریاستوں نے
اپنے دہائیوں پہ محیط مؤقف کو تبدیل کرتے ہوئےاچانک اسرائیل کے
ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے پر تیار ہوگئے ۔ لیکن اس سب کے
باوجود یہودی اسکالر ہمیں وقتا فوقتا یہ یاد دلاتے رہتے ہیں کہ عرب
اسرائیل تنازعہ سرحدی نہیں بلکہ مذہبی ہے۔ حالیہ برسوں کے دوران
، کئی یہودی مذہبی مفکرین نے دعویٰ کیا کہ مسیحا پیدا ہوچکا ہے اور
دنیا کے اختتام کا وقت قریب ہے ۔ آرتھوڈوکس نظریہ کے مطابق ،
مسیح بنی اسرائیل کو جمع کریں گے اور یروشلم پر مارچ کریں گے۔ وہ
یروشلم میں مخالف قوتوں پر قابو پانے کے بعد تیسرا مندر یا ہیکل
تعمیر کریں گے ۔ اگر مسیحا پیدا ہوچکے ہیں تو پھر دجال یا دشمن
کون ہے۔ جس کے خلاف وہ جنگ کریں گے؟ گذشتہ ستر سالوں کے
دوران دنیا کے بیشتر ممالک اسرائیل کے قریبی حلیف بن گئے ہیں۔ اگر
اسرائیل کی کسی سے دشمنی ہے تو وہچند اسلامی ممالک ہیں ۔
اگر اسرائیل اور ان ممالک کے درمیان باقاعدہ جنگ چھڑتی ہے تو یہ
ایک بڑی جنگ ہو گی۔شائد آرماجدون۔ کیونکہ اگر آدھی دنیا اسرائیل
کی دوست ہے تو کچھ ممالک تو مسلمان ریاستوں کے ساتھ بھی
ہوں گے۔ کیا یہی وجہ ہے کہ امریکی صدر جارج ڈبلیو بش نے 2001
میں اس وقت آرماجدون کا لفظ استعمال کیا تھا جب امریکہ کی
زیرقیادت اتحادی فوجوں نے افغانستان پر حملہ کیا تھا ۔ قرب قیامت
کے حوالے سے مسلمانوں کی بہت سی روایات ہیں۔ انہیں یقین ہے کہ
دجال ، ایک جھوٹا مسیحا ، ایک عظیم مسلمان خلیفہ مہدی کے دور
حکومت میں نمودار ہوگا۔ اس کے پاس یہودیوں ، پارسیوں ، ترکوں
اور عرب بدؤوں کی ایک بہت بڑی فوج ہوگی۔ عیسیٰ علیہ السلام

زمین پر واپس آئیں گے اور آخری جنگ میں جھوٹے مسیحا کو شکست
دیں گے۔ اسلام یہودیت اور عیسائیت تینوں کی بنیاد ایک ہی ہے ۔
تینوں خدا سے ابراہیم سے کئے گئے عہد کو مانتے ہیں اور تینوں انہی
ابراہیم کی اولاد میں سے ہیں۔ اگرآخری جنگ مسلمان اور یہودیوں
یا عیسائیوں کے درمیان ہوگی تو اس کا مطلب ہے کہ ان میں سےکوئی
ایک اپنی بنیادی تعلیمات سے منحرف ہو گیا ہے۔ دونوں یروشلم کی
ملکیت کے اپنے دعوے میں سچ نہیں ہوسکتے ہیں۔ کسی بھی شخص
کی طرح ، میرے بھی یہی سوالات تھے ۔ ایک صحافی کی حیثیت سے
اپنے پیشہ ورانہ کیریئر کے دوران ، میں نے اسرائیل کے خلاف بہت سے
مظاہرے کور کئے ، لیکن اسلام آباد میں تعینات ہونے کی وجہ سے
مجھے کبھی بھی اس بین الاقوامی مسئلے کی تحقیق کا موقع نہیں
ملا۔ کرونا وائرس کی وبا کے دوران ، مجھے کچھ وقت ملا تو میں نے
اس معاملے کو کھوجنے کی ٹھانی۔ یروشلم پر یہودی اور مسلمانوں
ملکیت کے دعوی کوسمجھنے کے لئے مجھے کسی ایسی کتاب کی تلاش
تھی جو مجھے بتا سکے کہ یہ دونوں مذاہب ہیں کیا ، یہ کیسے شروع
ہوئے اور زمانہ قدیم سے لے کرآج تک انکا ارتقا کیسے ہوا۔کئی کتابیں
ملیں لیکن یا تو وہ مسلمانوں کے نقطہ نظر سے لکھی گئی تھیں یا
پھر یہودیوں کو خوش کرنے کو ۔ ایک بھی ایسی جامع کتاب نہیں ملی
جو غیر جانبدارانہ انداز میں مستند تاریخٰ حوالوں پرلکھی گئی ہو۔
مستند تحقیق پر مبنی مواد کی قلت نے مجھے یہ کتاب لکھنے پر مجبور
کیا۔ حوالے کھوجنے شروع کئے تو معلوم ہوا کہ بائیبل کے علاوہ دنیا
میں کوئی اور مستند تاریخی حوالہ ہے ہی نہیں کہ جو ابراہیم اور
ان کی اولاد کی زندگی کے بارے میں بتاتا ہو ۔ لیکن بائیبل میں بھی
فقط عبرانی کو ہی مستند سمجھا جاتا ہے۔عبرانی بائیبل لی تو اب
سوال تھا کہ اسے سمجھے کون۔ انگریزی ترجموں پر انحصار کرنا
پڑا۔سو دو سو سال پہلے کی لکھی گئی انگریزی سمجھنا بھی آسان
نہ تھا۔ زبان ہی نہیں حروف کی چھپائی بھی بہت مختلف تھی۔ انٹر
نیٹ نے بہت مدد کی۔ ایسے سوفٹ وئیر مل گئے جو قدیم انگریزی کو
آسان کردیں ۔ لیکن پھر بھی کئی باتیں سمجھ میں نہ آئیں مثلا
ابراہیم کا نمرود سے تنازعہ کیسے شروع ہوا ، خدا کے بیٹے عورتوں پر
عاشق کیسے ہوئے۔ اور خدا بابل کا معمولی سا برج یا ٹاور بنانے پر
کیوں اتنا ناراض ہوا۔عام طور پر مذہبی عقائد پر سول نہیں اٹھائے
جاتے بلکہ انکی اندھا دھند تقلید کی جاتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کسی
یہودی یا عیسائی نے کبھی ا نکے بارے میں سوچا ہی نہ ہو لیکن ایک تو

میں مسلمان گھر میں پیدا ہوا ۔ دوسرا خدا کے اسلامی تصور سے
آشنا تھا، دوسرا صحافی ہو ں ۔ جب تک کوئی چیز منطق پر نہ اترے
مجھے اسے ماننے میں تامل ہی رہتا ہے ۔تاریخی سیاق و سباق
سمجھنے کے لئے میں نے مدراش یا یہودی روائیتیں پڑھیں۔ اس تاثر کے
تحت کہ اسلامی تاریخی کتب عقیدت سے چور ہو کر قصیدہ گوئی کے
انداز میں لکھی گئی ہیں۔ میں نے مغربی کتب کا مطالعہ شروع
کردیا۔ بڑی حیرت ہوئی ۔ بیس سال صحافت کر نے کے بعد اتنا تو
سمجھ آتا ہے کہ کون سی   تحریر کس مقصد سے لکھی گئی ہے ۔یا
بین السطور میں کیا کہا جارہا ہے۔مجھے کم ہی ایسیمغربیکتابیں
ملیں جو غیر جانبدار ہوں اور جن کا مقصد سیاسی کی بجائے تاریخ کا
درستریکارڈرکھنا ہو
مستند حوالوں کی کھوج میں میں اسکالرز کے پاس گیا۔ پادریوں سے
ملا ۔ شیعہ ،سننی علما سے رابطہ کیا ۔ مذہبی پیشواوں کا رویہ
بہت ہی دلچسپ تھا ۔ ہر کوئی اپنے فرقے یا مذہب کو درست توکہتا
تھا لیکن سوال کرنے پر براماں جاتا تھا ۔ جب میں نے ان کے عقائد کے
حوالے سے مستند تاریخی حوالے طلب کرنے شروع کئے تو ہر جانب
سے میری حوصلہ شکنی کی گئی ۔ اور کہا گیا کہ مجھے مذہبی
تعلیم حاصل کئے بغیر دین پر نہیں لکھنا چاہئے۔ مجھے تنبیہ کی گئی
کہ بائیبل پڑھنے سے میں لادین ہو جاؤں گا ۔ میں نے سوال کیا کہ
اگر بائیبل پڑھنا اتنا ہی بڑا گناہ ہے۔ تومسلم دنیا کے سب سے بڑے تاریخ
دان ، محمد ابن جریر ال طبری ، نے اپنی کتاب تاریخ الرسلوالملوککی
جلد نمبر ایک دو اور تین میں ہزاروں سال پرانے واقعات کہاں سے
لئے۔
علامہ صاحب کے پاس اب جواب نہ تھا ۔ علامہ صاحب ہی نہیں ،
گورے پادری صاحب ، حتٰی کہ فری میسنز بھی باریک چیزوں سے لا علم
نکلے ۔ فری میسنز کہتے ہیں کہ انکا مذہب دین ابراہیمی ہی ہے۔
لیکن اس میں نوح بھی شامل ہیں ان سادہ لوحوں کو یہ نہیں معلوم
کہ اولاد نوح نے ہی بابل کا برج بنا کرسب سے پہلے خدا کو چیلنج کیا
تھا ۔ وہیں سے بت پرستی کا بیج ڈلا۔ابراہیم نے اسی کے اثر کو زائیل
کرنے کے لئے کام کیا ۔ اکثر اس بات سے بھی لاعلم ہیں کہ دین نوح کا
کوئی بھی پیروکار فری میسن بن سکتا ہے۔ لیکن 33 ڈگری یا قیادت کی
بنیادی شرط عیٰسی کو خدا کا بیٹا ماننا ہے۔ اکثر لادینیت کے پیروکاروں
کو یہ نہیں معلوم کہ جن برہنہ مخلوط ناچوں کو انہوں نے جدیدیت
کے نام پر اپنایا وہ تو کئی ہزار سال پہلے سلیمان کی عالی شان

سلطنت یا اسکے فوری بعد بھی ہوتے تھے۔ انہی کی وجہ سےتو
ریاستہائے متحدہ اسرائیل کا زوال شروع ہوا تھا ۔ یہاں میں یہ نہیں
کہہ رہاہوں کہ دنیا میں مذہبی عالموں کی کمی ہے ۔ عیسائی مسلم
اور یہودی دنیا میں بڑے بڑے عالم اورمفکر ہیں ۔ لیکن مجھے ایسا
لگا کہ عمومی طور علماء اور مذہبی پیشواؤں کی سوچ نہائت
محدود ہے ۔ اکثر خدا کو اپنے مذہب یا فرقے کے آگے دیکھنے کے لئے تیار
ہی نہیں ۔ اس وقت میں نے عہد کیا کہ اپنی کتا ب میں جھوٹ کی
آمیزش نہ ہونے دوں گا ۔ میں چار ہزار سال پہلے کے واقعات کا
مشاہدہ تو نہیں کرسکتا ۔ لیکن یہ تو کرسکتا ہوں کہ کوئی بھی
واقعہ دو یا تین زرائع سے تصدیق کر کے لوں ۔ اور اسے عقل و شعور
کی کسوٹی پر پرکھوں اور اس کا جو نتیجہ سامنے آئے اس بلا کم و
کاست آپکے سامنے رکھ دوں۔ یہ سوچ کر میں نے نئے سرے سے اپنی
جستجو شروع کی ۔ مستند کتابیں کھوجیں انٹرنیٹ نے بہت مدد کی ۔
بہت ہی نادر نسخے مل گئے۔ میں نے زیادہ تر تحقیقی کام کیا ہے ۔
میرے لئے یہ ایک روزمرہ کا کام تھا کہ قدیم صحیفوں سےاصل بات
تلاش کروں اور اسے سادہ الفاظ میں لکھ دوں۔ لیکن یہ میری پوری
زندگی کا سب سے مشکل پروجیکٹ ثابت ہوا۔یہ بہت کٹھن اور ذمہ
داری کا کام تھا کہ اصل ذرائع سے موا دنکال کر اسے ایسے سلیس
زبان میں لکھا جائے کہ مفہوم تبدیل نہ ہو ۔ مستند ذرائع ڈھونڈنے سے
لے کر انہیں سمجھنے اور پھر انکی تالیف تک مجھے ہر قدم پر رکاوٹوں
کا سامنا کرنا پڑا۔ کئی بار ، میں نے سوچا کہ میں یہ کام مکمل نہیں
کر پاؤں گا۔ لیکن یہ قدرت کی مدد تھی ، قسمت ، یا میری ثابت
قدمی کہ مجھے ہر بار راستہ مل گیا۔ اپنی سوا سالہ تحقیق کے دوران
، میں نے بائبل ، مدراش ، قرآن اور کوئی دو سو سے زائد قدیم کتابیں
پڑھیں۔ تحقیق کے اس سارے وقت میں مجھے ایسے لگا جیسے میں
کسی ٹائم مشین پر سوار ہوں ۔ آدم وحوا کے بچوں سے ملا ۔معتوب
فرشتوں سے ملا قات ہوئی جنہوں نے انسان کو خفیہ علوم سکھائے۔
اب اگر معتوب فرشتوں نے انسان کو شروع ہی میں خفیہ علوم میں
تاک کردیاتھا تو بنی نوع انسان ہزاروں سال سے کیوں رزق کے لئے در
بدر مارا مارا پھررہا ہے ۔ اگر یہودی قبالہ، علم الاعداد، ستاروں کی
چالاور دوسرے مخفی علوم جانتے ہیں تو کیوں درجنوں بار انہیں کنعان
سے ذلت آمیز رسوائی کے ساتھ دربدر ہونا پڑا ۔ہزاروں سال سے لیکر
ایک سو سال پہلے تک تو وہ ساری دنیا میں اچھوت ہی تھے۔پھر میں
ابراہیم سے ملا۔ کیا جذبہ ہو گا وہ کہ بادشاہ وقت کے سامنے ڈٹ گئے

،کہنہیں ، خدا کے علاوہ کسی کو نہ پوجوں گا ۔ نمرود نے آگ میں
پھینک دیا مگر آگ ٹھنڈی ہوگئی ۔ کچھ تو ہے اس وحدانیت میں، میں
سے سوچا ۔ابراہیم کو سدوم اور عمورہ کی تباہی پر خدا کے ساتھ
بحث کرتے دیکھنا نہائت ہی دلچسپ تھا۔ یعقوب کے جنیاتی تجربے اور
یوسف کی غیر معمولی ذہانت اور سوجھ بوجھ نے حیران کیا ۔ میں
نے موسی کے ساتھ چالیس سال صحرائے سینا میں گزارے ۔ خدا کو
آسمان سے بٹیر اور ویفرز نازل کرتے اور چٹانوں کو پانی اگلتے
دیکھا ہوے کیا منظر ہو گا جب پہاڑ پر بجلی کڑکی ہو گی، جب
موسی نے بادلوں اور دھوئیں کے بیچ خدا سے بات کی ہوگی۔میں نے
تصور کیا ۔پھر میں یروشلم پہنچ گیا میں نے سلیمان کی عظیم
سلطنت کا نظارہ کیا۔دنیا کے سب سے دیومالائی بادشاہ جنہوں نے خدا
سے دولت اور عمر کی بجائے عقل و فہم مانگی ۔ پھر میں نے ہیکل
سلیمانی کی تعمیر اور تباہی دیکھی ۔یہودیوں کی تاریخ اور ان کے
مذہبی عقائد کو سمجھنے کے بعد ، پھر میں اسلام کی جانب متوجہ
ہوا۔ مجھے بتایا گیا کہ محمد دنیا کے وہ واحد شخص ہیں جنہوں نے
اپنے اعلی اصولوں پر ایک ریاست کی بنیاد رکھ دی اور ان اصولوں کو
لاگو بھی کردیا۔ میں نے عرب بدؤوں کو دنیا کی عظیم فاتح قوم بنتے
دیکھا ۔ میں نے آدھی دنیا کے بادشاہ عمر بن خطاب کو مسجد کی
سیڑھیوں پر سوتے دیکھا ۔پھر میں نے علی ابن طالب کی حکمت
دیکھی۔ بائبل ، مدراش اور قرآن کے تقابلی جائزے کے دوران ، مجھے
احساس ہوا کہ اسلام یہودیت کا تسلسل ہے۔ یا یوں کہیں کہ ابراہیم،
یعقوب، موسی اور باقی انبیاء کے پیغام اور اسلام کے پیغام میں کوئی
فرق نہیں۔ شریعت کے احکامات میں وقت کے مطابق کمی بیشی ہو
سکتی ہے۔ لیکن اصل سب کی ایک ہی ہے۔ "میں تمہارا خدا ہوں ،
صرف میری عبادت کرو ،اور میرا کوئی شریک نہیں ہے" ، میں نے خدا
کا یہ پیغام ابراہیم ، موسیٰ ، عیسیٰ اور محمد کو اپنی اپنی قوموں کو
دیتے دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ محمد نے مدینے منورہ میں جو کچھ نافذ
کیا وہ تقریبا وہی تھا جوموسی نے اپنی قوم پر لاگو کیا۔ دین ابراہیمی
کے تمام بنیوں کا پیغام ایک ہی تھا ۔ لیکن وقت کے ساتھ وہ اصل
شکل کھو بیٹھا۔ سولہویں صدی سے سیکولرازم اور سامراجی عزائم
نے ابراہیمی مذاہب کے عقیدے توحید کو بہت نقصان پہنچایا۔ اسوقت
تو دین ابراہیمی اپنی شکل ہی کھو بیٹھا جب دولت وقت کا خدا بن
گئی اور ناتھن مائر روتھ چائلڈ جیسے یہودی بینکروں کو انبیاء کے درجے
پر فائز کردیا گیا۔پھر برطانیہ اور اسکے حواریوں نے دولت کی ہوس

میں جو کچھ ابراہیمی مذاہب کے ساتھ کیا ۔ اس کی مثال کم ہی ملتی ہے ۔ اس سے اسلام ہی نہیں عیسائیت کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ۔میری کھوج یہودی مسلم تنازعے سمجھنے کے لئے کی تھی لیکن اس جستجو میں میں نے ابراہیم کے خدا کو پالیا۔ یہ کتاب آپکو یہودی مسلم تعلقات پر تو بتائے گی ہی ۔ یہودیت اور اسلام کا آغاز اور اب تک کے حالات تو دے گی ہی ،ساتھ یہ آپکو ابراہیم کے خدا سے بھی ملوائے گی ۔ جس سے پہلے آپ کبھی نہیں ملے ہیں۔ میں نے اس کتاب میں حتی الامکان غیر جانبدار رہنے کی کوشش کی ہے اور جانچ پڑتال کے بعد ہی یہ کتاب مرتب کی ہے لیکن انسان ہونے کے ناطے ۔ مکمل غیرجانبداری یا غلطی سے کلی مبرا ہونے کا دعوی تو نہیں کرسکتا ۔ تاہم مجھے یقین ہے کہ میری یہ پرخلوص کاوش مزید تحقیق کے لئے بنیاد فراہم کرے گی۔میں نے اپنی کتاب انگریزی میں لکھی تھی اور اس کے حوالے جات انگریزی ذرائع سے لئے ۔سچ کے متلاشیوں کے لئے میں نے یہ اردو ترجمہ تو کردیا ہے لیکن حوالے جات انگریزی کتب کے ہی ہیں۔ بائیبل اور قرآن کے بھی انگریزی ترجموں کےہی لنک دئے گئے ہیں ۔ آپ چاہیں تو اردو عہد نامہ داون لوڈ کرسکتے ہیں

ابراہیم کی کہانی

دنیا کے تین عظیم توحیدی مذاہب ، یہودیت ، عیسائیت ، اور اسلام کی کہانی ابراہیم سے شروع ہوتی ہے وہ تقریبا دو ہزار قبل از مسیح

میں موجودہ عراق کے قریب ایک شہر میں رہتے تھے ۔ جسے
کسدیوں کا اُر کہا جاتا تھا۔ CITATION Sun8 \l 1033 یاواہ نے ابراہیم سے وعدہ
کیا کہ اگر وہ اور انکی نسل اسکی فرمان بردار رہے گی تو وہ
انہیں زرخیز ترین شہر کنعان میں بسائے گا ، جہاں وہ ہمیشہ
رہیں گے۔ عبرانی زبان میںیاواہ خدا کو کہتے ہیں ۔ خدا کے نام کا
صحیح تلفظ پرانے ادوار میں ہی کہیں گم ہوگیا تھا۔ CITATION Sun8 \l 1033
ابراہیم آدم کی بیسویں یا اکیسویں نسل میں سے تھے۔ آدم پہلے
انسان تھے جنہیں خدا نے تخلیق کیا ۔ تمام انسان انہی کی اولاد ہیں ۔
آدم کو خدا نے مٹی سے پیدا کیا ۔ پھر اسکے نتھنوں میں ہوا پھونکی تو
وہ زندہ ہوگئے۔ لیکن آدم کو تخلیق کرنے سے پہلے خدا نے زمین آسمان
بنادئے تھے۔
پھر خدا نے مشرق کی جانب ایک باغ اگایا اور آدم کو اس میں رکھا ۔
اس باغ میں طرح طرح کے درخت تھے جس کے پھل خوشنما اور کھانے
میں نہایت لذیذ تھے۔ اس باغ کے بیچوں بیچ ایک پیڑ تھا ۔ یہ زندگی
کا درخت تھا۔ خدا نے آدم کو خبردار کیا تھا کہ باغ میں سے جو چاہو
کھاو لیکن زندگی کے درخت کا پھل نہ کھانا۔ کہ تم مرجاو گے۔ خدا نے
آدم کو اپنے جیسا پیدا کیا تھا ۔ اس کا دل بہلانےکے لئے جانور چرنداور
پرند پیدا کئے لیکن جب آدم کی اداسی کسی طورکم نہ ہوئی۔ تو
خدا نے حوا کو پیدا کیا۔ حوا آدم کی پسلی سے پیدا کی گئی تھیں ۔
اسی لئے آدمی اپنے ماں باپ چھوڑ کر اپنی بیوی کا ہی ہوجاتا ہے۔
خدا نے جتنے بھی جانورتخلیق کئے تھے۔سانپ ان میں سب سے زیادہ
چالاک تھا۔ اس نے حوا کو اکسایا کہ وہ زندگی کے درخت سے پھل
کھائیں اور خدا کی مانند نیکی اور بدی کی پہچان پائیں۔ جب حوا نے
پھل کی خوبصورتی دیکھی تو وہ خود پر قابو نہ رکھ سکیں اور سانپ
کے بہکاوے میں آکے پھل کھا لیا۔ حوا نے آدم کو بھی یہ ممنوعہ پھل
کھلا دیا۔ جیسے ہی دونوں نے پھل کھایا انکو احساس ہوا کہ وہ تو ننگے
ہیں۔ انہوں نے فورا پتوں سے اپنا ستر ڈھانپ لیا
جب خدا کو معلوم ہوا تو وہ بہت ناراض ہوا ۔اس نے سانپ کو
ساری عمر پیٹ کے بل رینگنے کی سزا دی۔ اور انسان کے دل میں
اسکی اتنی نفرت بھر دی کہ وہ جہاں سانپ دیکھے اسے کچل دے۔ حوا
کو بچے جنتے وقت شدید درد کی سزا ملی ۔ اس کا شوہر اس پر
حاکم مقرر کردیا گیا۔ اب باری آئی آدم کی۔ خدا نے آدم کو ایک منفرد
سزادی ۔ اسکی روزی مشکل بنادی ۔ حکم ہوا کہ وہ ساری زندگی

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis 11:31)
CITATION Sun8 \l 1033 (G. Johannes Botterweck page 500)

محنت مشقت کر کے اپنا اور کنبے کا پیٹ پالے ۔ [CITATION Sun8 \l 1033] حکم
عدولی کی پاداش میں آدم اور حوا کو باغ عدن سے بے دخل کر کے
زمین پر بھیج دیا گیاکہ وہیں جاو جس خاک سے پیدا ہو، اور مر کر
اسی خاک میں دفن ہوجاو، زمین پر آنے کے بعد ، آدم اور حوا کے کئی
بچے ہوئے۔

ہابیل اورقابیل (کائین) بھی انہی کے بیٹے تھے۔ ہابیل بڑا ہوکر
چرواہا بن گیا جبکہ قابیل نے کھیتی باڑی شروع کردی۔ جب فصل پک
کر تیار ہوئی تو قابیل نے پھل لئے اور خدا کے حضور پیش کردئے ادھر
ہابیل نے بھی اپنی بھیڑوں کے پہلوٹھے بچے خدا کی نذر کردئے ۔ خدا کو
قابیل کے مقابلے میں ہابیل کا تحفہ زیادہ پسند آیا۔ اس پر قابیل کو
اس قدر حسد ہوا کہ اس نے اپنے بھائی کو قتل کردیا ۔ یہ بنی نوع
انسا ن کا پہلا قتل تھا۔ خدا نے سزا کے طور پر اسے بے گھر کردیاوہ
خانہ بدوش ہوگیا اور بے چین ہوکر ایک جگہ سے دوسری جگہ مارا
مارا پھرتا رہا۔ وقت کے ساتھ ساتھ اولاد آدم تیزی سے بڑھتی رہی ۔
انسان کی بیٹیاں پیدا ہوئیں، جو انتہائی خوبصورت تھیں ۔ اس وقت
زمین پر انسان کے علاوہ خدا کی اولاد بھی بستی تھی۔ نیفلیٹ یا خدا
کے بیٹوں نے جب عورت کا بے پایاں حسن دیکھا تو اس پر عاشق
ہوگئے ۔ انہوں نے عورتوں سے تعلقات قائم کر لئے ،جس سے انکے
بچے پیدا ہونے لگے۔ نوح کے پردادا سے منصوب مذہبی تحریر کتاب
حنوک بتاتی ہے کہ خدا کے بیٹے دراصل فرشتے تھے جنہیں انسان پر
نظر رکھنے کے لئے زمین پر بھیجا گیا تھا ۔ لیکن ان میں سے کچھ عورت
کے حسن سے مرعوب ہوگئے ۔ ان فرشتوں کی عورتوں سے شادی کے
بعد جو دوغلی نسل پیدا ہوئی اسے نیفلیم کہتے ہیں۔ انسان کو لکھنے
پڑھنے، اسلحہ سازی ، بناو سنگھار ، جادو ، موسمیات اور دوسرے
خفیہ علوم کی تعلیم انہی فرشتوں نے دی[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ یہ دیو
قامت لوگ تھے جو بے پناہ طاقت کے حامل تھے۔ جب خدا نے دیکھا کہ
انسان اخلاقی طور پر بہت پست ہو گیا ہے، اور ہر وقت برائی کے ہی
بارے میں ہی سوچتا رہتا ہے،تو اسے افسوس ہوا کہ اس نے انسان کو
تخلیق ہی کیوں کیا۔اسی ملال میں اس نے فیصلہ کیا کہ وہ انسان ،
حیوان چرند پرند سب جانداروں کو نیست و نابود کردے گا۔ لیکن نوح
واحد شخص تھے جنہیں خدا پسند کرتا تھا۔ اس نے ا نہیں ایک کشتی
بنانے کا حکم دیا جس میں انکے اہل و عیال اور چرند پرند کا ایک ایک
جوڑاسوارکردیا۔ پھر ایک زبردست سیلاب آیا ۔ زمین سے چشمے ابل

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis 3:17)
CITATION Sun8 \l 1033 (Barker)

پڑے ۔ آسمان مینہ برسانے لگا۔ چالیس دن اور چالیس رات متواتر
بارش ہوتی رہی ۔ ہر طرف پانی ہی پانی تھا، اس پانی نے ایک سو
پچاس دن تک زمین کو ڈھانپے رکھا ۔ تمام ذی روح ہلاک ہوگئے۔
صرف نوح ،انکا خاندان اور وہ جانور بچے جو کشتی میں سوار تھے۔
جب پانی اتر گیا تو نوح اور تمام جاندار کشتی سے اتر آئے ۔تو نوح نے
خدا کے لئے قربانی کی ۔ اس زمانے میں قربانی کا گوشت جلا دیا جاتا
تھا ۔ جب نوح نے جانور ذبح کر کے اسکا گوشت جلایا اور چربی کی
سوندھی خوشبو خدا تک پہنچی تو اسے انسانوں کو تباہ کرنےپر
ملال ہوا۔ اس نے تہیہ کیا کہ باوجود اس کے کہ انسان کا دل بچپن
سے ہی بدی کی جانب مائل ہوتا ہے، وہ پھر بھی انسانوں کو کبھی
دوبارہ تباہ نہیں کرےگا۔ یہ پہلا عہد تھا جو خدا نے انسان سے کیا ۔
خدا کے اس عہد کی یادگار قوس قزح ہے۔ طوفا ن کے بعد نوح کی
اولاد بڑھتی رہی اور تیزی سے دنیا میں پھیل گئی۔ کچھ لوگ شینار
بھی پہنچے اور وہیں آباد ہوگئے۔ اس وقت تک دنیا میں ایک ہی زبان
بولی جاتی تھی ۔ اہل شینار نے اینٹیں بنانے کا فن سیکھا اور اس
میں یکتا ہوگئے۔ ایک روز انہوں نے سوچا کہ کیوں نہ ایک ایسا بلند و
بالا برج تعمیر کیا جائے کہ اسکی چوٹی آسمان تک پہونچ جائے۔ جب
خدا کو خبر ہوئی تو وہ زمین پر اترا، اس نے دیکھا کہ وہ سب ایک
ہی زبان بول رہے تھے۔ اس نے سوچا یہ جس کام کا ارادہ کرلیں کر
ہی گزریں گے ۔ اس لئے خدا نے انکی زبان کو ہی الجھا دیا CITATION Sun8 \l 1033
۔ برج کی تعمیر اور بابل شہر کا سارا منصوبہ دھرا کا دھرا
رہ گیا اور وہ مختلف زبانیں بولتے پوری دنیا میں منتشر ہوگئے۔بتایا
جاتا ہے کہ بابل کے برج کی تعمیر کے ساتھ ہی عالمی وحدانیت ختم
ہوگئی، جو انسان کی پیدائش سے چلی آرہی تھی CITATION Sun8 \l 1033
وقت کے ساتھ لوگ ہجرت کرتے رہے۔ ابراہیم کے آباء و اجداد
کسدیوں کے شہر اُر میں بس گئے۔ ایک روز ابراہیم کے والد تیرہ نے
اپنے تینوں بیٹوں اور انکے اہل و عیال کو ساتھ لیا اور کنعان کی جانب
نکل پڑے ۔ راستے میں جب وہ حاران پہنچے تو انہوں نے وہیں رکنے کا
فیصلہ کیا۔ تیرہ نے بت سازی شروع کردی ۔ لیکن انکے بیٹے
ابراہیم کو بت پسند نہیں تھے ۔ جب والد کے کہنے پر انہیں دوکان
پر بیٹھنا پڑتا تو وہ گاہکوں سے الجھ پڑتے کہ وہ کیوں انسان کے
تراشے بتوں کی پوجا کرتے ہیں۔ ایک روز انہوں نے ایک گاہک سے
اسکی عمر پوچھی ۔ جب اس نے اپنی عمر پچاس سال بتائی تو بولے

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis 11:5-8)
CITATION Sun8 \l 1033 (Bard, Mitchell G□)

تم پچاس سال کے ہو اور ایک دن کی عمر کے بت کی پرستش کرتے ہو کتنی عجیب بات ہے[CITATION Sun8 \l 1033]۔ اسی طرح ایک دن ابراہیم نے دوکان میں موجود بتوں کو توڑ ڈالا ، جب والد نے استفسار کیا تو بولے بت آپس میں لڑ پڑے تھے انہوں نے ایک دوسرے کو توڑ دیا۔ ابراہیم کی بتوں سے نفرت جب بادشاہ وقت تک پہنچی تو اس نے انہیں بت پرستی پر مجبور کیا لیکن اس کی ہر دلیل کا جواب ابراہیم دلیل سے دیتے رہے، مگر بتوں کے آگے نہ جھکے۔ آؤ آگ کی پرستش کریں نمرود نے حکم دیا۔ آگ کی بجائے پانی کی پرستش کیوں نہ کریں کہ وہ آگ کو بجھا دیتی ہے۔ ابراہیم بولے ۔ ٹھیک ہے۔ چلو پانی کی پرستش کرتے ہیں نمرود نے کہا ، لیکن پانی کی بجائے بادل کی پرستش کیوں نہ کریں جو پانی برساتا ہے، ابراہیم نے ترکی بہ ترکی جواب دیا۔ اچھا ٹھیک ہے۔ بادل کی پوجا کرتے ہیںنمرود بادل نخواستہ بولا ۔ لیکن بادل کی کیوں، پرستش تو ہوا کی کرنی چاہئے۔ جس سے بادل بنتے ہیں ابراہیم نے کہا ۔ اب نمرود کو احساس ہو گیا کہ ابراہیم لفظوں سے کھیل رہے ہیں ۔ غصے میں اس نے انہیں آگ میں پھینکنے کا حکم دے دیا۔ انکے لئے ایک بہت بڑی بھٹی جلائی گئی ۔ اب پکار اپنے رب کو کہ وہ تجھے اس آگ سے بچائے[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ نمرود دھاڑا۔ اور ساتھ ہی اسکے لوگوں نے ابراہیم کو ایک جھولے میں ڈال کر آگ میں اچھال دیا۔ ابراہیم نے اپنے رب کو پکارا اور اس نے آگ کی تاثیر بدل ڈالی۔ لپٹے مارتی آگ ابراہیم کے لئے گل و گلزار بن گئی۔ اس واقعے کے بعد تو ابراہیم زور و شور سےخدا کی وحدانیت بیان کر نے میں لگ گئے۔ ابراہیم کی خدا سے محبت اور باطل کے لئے نفرت نے انہیں خدا کی نظروں میں مقبول بنادیا۔ وہ ستر سال کے تھے۔ جب خدا نے ان سے وعدہ کیا کہ وہ انہیں ایک عظیم قوم بنائے گا ۔ جب وہ پچھتر سال کے ہوئے تو خدا نے انہیں اہل و عیال کے ہمراہ کنعان ہجرت کرجانے کا کہا[CITATION Sun8 \l 1033]۔ کنعان پہنچے تو خدا نے انہیں خوش خبری سنائی کہ وہ اور انکی اولاد اسی سرزمین میں آباد ہوں گے۔ لیکن انکے جاتے ہی کنعان میں قحط شروع ہو گیا اور انہیں مصر کی جانب روانہ ہونا پڑا۔[CITATION Sun8 \l 1033] طویل اور تھکا دینے والے سفر کے بعد جب ابراہیم مصرپہنچے تو انہیں خیال گزرا کہ کہیں مصری انکی خوبصورت بیوی حاصل کرنے کے لئے انہیں مار ہی نہ ڈالیں۔ اس

[CITATION Sun8 \l 1033] (Midrash Bereishit Rabbah 38:13.)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Midrash, Bereishit Rabbah, Chapter 38:13)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 12:1)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 12:10)

خوف سے انہوں نے سرائے کو بیوی کی بجائے بہن بتانا شروع کردیا۔ CITATION Sun8 \l 1033
جب بادشاہ تک سرائے کی خوبصورتی کی دھوم پہنچی تو اس نے انہیں بیوی بنانے کا سوچا ۔ بادشاہ نے ابراہیم کو بلوایا اور سرائے کو اپنے محل میں ہی روک لیا ۔ عوض میں ابراہیم کو مال و دولت دے کر رخصت کردیا۔خدا نے فرعون پر طاعون بھیجے اور اسے ابراہیم کی بیوی لوٹانے کا حکم دیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔فرعون نے ابراہیم کو انکی بیوی لوٹادی اور بہت سے انعام و اکرام دے کر رخصت کیا ۔ اسی طرح کے واقعات ملک گیرار میں بھی پیش آئے، وہاں بھی ابراہیم نے سرائے کو اپنی بہن بتایا ۔ بادشاہ ابی ملک نے سرائے کی خوبصورتی سے متاثر ہو کر انہیں محل میں ہی رکھ لیا ، بادشاہ سرائے سے شادی کرنے ہی والا تھا کہ خدا نے اسے خواب میں خبردار کیاکہ وہ ایک بنی کی بیوی سے شادی کرنے کا گناہ کرنے جا رہا ہے۔ CITATION Sun8 \l 1033 خدا نے اسے کہا کہ وہ نبی کی بیوی لو ٹادے ۔ وہ اس کے حق میں دعا کریں گے تو خدا اسے قبول کرے گا۔ بادشاہ نے بیدار ہوتے ہی اپنی کابینہ سے مشورہ کیا اور ابراہیم کو طلب کرلیا ۔ آپ نے مجھ سے جھوٹ کیوں بولا ۔ اس نےا براہیم سے پوچھا ۔ ابراہیم نے بادشاہ کو بتایا کہ سرائے انکے والد کی بیٹی ہونے کے ناطے انکی بہن بھی لگتی ہیں۔ انہوں نے مصریوں کے سامنے سرائے کو اپنی بیوی اس لئے نہیں ظاہر کیا کہ وہ کہیں انکو قتل نہ کر ڈالیں۔ بادشاہ نے ان سے معافی مانگی اور انہیں بیوی لوٹاتے ہوئے مال و دولت اور مویشی دے کر رخصت کیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ اب ابراہیم واپس کنعان کی جانب چل پڑے ۔ واپسی کے سفر میں انکے بھتیجے لوط اور انکے چرواہوں میں جھگڑا ہوگیا۔ لوط ابراہیم کی اجازت سے مشرق کی زرخیز زمینوں کی جانب روانہ ہوگئے۔جبکہ ابراہیم کنعان پہنچ گئے ۔ وقت گزرتا رہا ، ایک رات پھر ابراہیم نے خدا کو خواب میں دیکھا۔اس نے ابراہیم کی اولاد بڑھادینے اور انکو ہمیشہ کے لئے کنعان دینے کا وعدہ دھرایا۔کنعان اس وقت شدید سیاسی کشیدگی کا شکار تھا۔کئی بادشاہ تھے جو آپس میں لڑتے ہی رہتے تھے ۔ ایسی ہی ایک لڑائی میں چار بادشاہوں نے دوسرے پانچ بادشاہوں کے خلاف اتحاد کرلیا ۔ اور ایک جنگ کے دوران ابراہیم کے بھتیجے لوط اور ان کے کنبے کو یرغمال

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 12:11-13)
CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 12:17)
CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 20: 7 בְּרֵאשִׁית)
CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 20:14)

بنا لیا۔ ابراہیم کو پتہ چلا تو انہوں نے تین سو اٹھارہ لوگوں کا ایک لشکر تیار کیا اور ایک زبردست جنگ کے بعد دشمن کو شکست دے کر اپنے بھتیجے کو بازیاب کرالائے۔وقت گزرتا گیا ۔ ایک دن پھر خدا نے ابراہیم سے اپنا وعدہ دہرایا۔ لیکن ابراہیم اب بوڑھے ہو چلے تھے ۔ انہیں کنعان میں آباد ہوئے دس سال بیت گئے تھے ۔ انکی بیوی سرائے ابھی تک بانجھ تھیں۔ ایک دن مایوس ہوکر انہوں نے ابراہیم کو کہا کہ وہ انکی خادمہ سے بچہ حاصل کرلیں ۔ CITATION Sun8 \l 1033

ابراہیم کی دوسری بیوی حاجرہ کا فرشتہ/خدا سے ہم کلام ہونا

سرائے کے کہنے پر ابراہیم نے مصری خادمہ حاجرہ کو اپنی بیوی بنا لیا۔ جب حاجرہ حاملہ ہوئیں تو سرائے کو انکے رویئے میں تکبر محسوس ہوا۔ اب واقعی حاجرہ تکبر میں آگئی تھیں یا یہ سرائے کا حسد تھا ، وہ حاجرہ سے بدسلوکی کر بیٹھیں ۔حاجرہ انکے رویئے سے دل برداشتہ ہوکر گھر سے بھاگ گئیں۔ وہ حاملہ تھیں ۔زیادہ دور نہیں گئی تھیں کہ تھک کر بیٹھ گئیں۔پریشانی میں سوچ رہی تھیں کہ ایک فرشتہ نمودار ہوا اور بولا، حاجرہ تم یہاں کیا کررہی ہو۔ حاجرہ کےجواب پر اس نے انہیں ایک بیٹے کی خوش خبری سنائی ۔ بولا خدا نے انکی فریاد سن لی ہے۔ وہ انہیں ایک بیٹا دے گا جس کی نسل اتنی ہوگی کہ شمار مشکل ہوگا ۔ فرشتے نے حاجرہ کوہدائت کی کہ جب بچہ پیدا ہو تو اس کا نام اسماعیل رکھیں CITATION Sun8 \l 1033 ۔ فرشتے کے کہنے پر حاجرہ گھر لوٹ گئیں ۔ ابراہیم چھیاسی برس کے تھے ، جب حاجرہ نے اسماعیل کو جنم دیا۔

خدا کا ابراہم سے عہد

ابراہیم ننانوے سال کے ہوئے تو خدا نے ان سے وعدہ کیا کہ وہ انکی نسل بڑھا دے گا ۔ انکی اولاد میں کئی بادشاہ پیدا ہوں گے۔ اور خدا انہیں کنعان میں مستقل طور پر بسا دے گا ۔ لیکن خدا نے ایک شرط رکھی۔ اس نے مطالبہ کیا کہ ابراہیم اور ان کی اولاد صدق دل سے ایک خدا کی پرستش کرے اور اسکے احکامات پر عمل کرے CITATION Sun8 \l 1033 ۔ ابراہیم اس وقت تو حیرت سے منہ کے بل گر پڑے جب خدا نے انہیں سرائے سے ایک بیٹے کی نوید سنائی۔ اسوقت سرائے کی عمر

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 16:1-3)
CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 16:11)
CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 17:1-2)

نوے سال ہو چکی تھی ، یہ سوچ کر کہ اس پیراں سالی میں وہ
دونوں کیسے بچہ جن پائیں گے انہوں نے خدا سے درخواست کی کہ
سرائے سے بچہ دینے کی بجائے خدا اسما عیل کو ہی نواز دے۔ نہیں
سرائے ہی بچہ پیدا کرے گی ، تم اس کا نام اسحاق رکھنا خدا نے
اصرار کیا ۔ خدا نے کہا کہ اس نے اسماعیل کے حق میں بھی ابراہیم
کی دعا سن لی ہے ۔ اس کی نسل بھی خوب بڑھے گی جس میں
بارہ بادشاہ ہوں گے [CITATION Sun8 \l 1033]، لیکن خدا اپنا عہد اسحاق کے
ساتھ ہی کرے گا، اسمٰعیل سے نہیں۔ خدا نے اس وقت انکا نام بھی
تبدیل کردیا ۔ پہلے انہیں ابرام کہا جاتا تھا۔ خدا نے انہیں ابراہیم کا
نام دیا ۔ اسی طرح انکی بیوی کا نام بھی سرائے سے سارہ کر دیا گیا ۔
خدا نے ابراہیم سے کہا کہ وہ اپنے عہد کی نشانی کے طور پر اپنے کنبے
کے ہر مرد کا ختنہ کریں ۔ اور جو بھی آٹھ دن عمر کو پہنچے اس کے
ختنے کردئے جائیں ۔ یہ ابراہیم کی اولاد کو خدا سے کئے عہد کی یاد
دلواتے رہیں گے۔ انہیں تمام ملازمین اور ان لوگوں کے بھی جو انکے
گھر میں مقیم ہوں کے ختنے کا حکم دیا گیا ۔ اسماعیل اس وقت تیرہ
برس کے تھے جب اس حکم کے تحت انکے ختنے ہوئے۔[CITATION Sun8 \l 1033]

ابراہیم کا خدا سے مکالمہ

ایک دن جب وہ اپنے گھر کے قریب تھے انہوں نے تین آدمیوں کو دیکھا
وہ فرشتے تھے ۔ ابراہیم انکو گھر لے آئے اور انکی خوب خاطر مدارت
کی۔ جب وہ جانے لگے تو انہوں نے ایک خاص انداز میں سدوم اور
عمورہ شہر کی جانب دیکھا ۔ ابراہیم کھٹک گئے ۔ اسی اثنا ء میں خدا
نےا نہیں بتایا کہ اسے سدوم اور عمورہ شہر کے حوالے سے بہت
شکایات موصول ہوئی ہیں۔ وہ ان شہروں میں خود جاکے دیکھے گا
کہ حقیقت کیا ہے۔ اور اگر اسے لگا کہ لوگ سرکشی میں آگے نکل گئے
ہیں تو ان دونوں شہروں کو تباہ کردے گا [CITATION Sun8 \l 1033]۔"تو کیا تو
پورا شہر تباہ کردے گا ۔ یہ تو کوئی انصاف نہ ہوا کہ تو شریروں کے
ساتھ نیکوں کو بھی تباہ کردے کیا ان شہروں میں ایسے پچاس نیک
لوگ بھی نہ ہوں گے جن کے لئے تو باقی بستی والوں کو معاف
کردے"، ابراہیم نے خدا سے سوال کیا [CITATION Sun8 \l 1033]۔اگر مجھے وہاں
پچاس لوگ بھی نیک ملے تو انکی وجہ سے میں پوری بستی کو معاف

[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 17:20)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 17:25)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 18:20-21 בְּרֵאשִׁית)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 18:23-24)

کردوں گا، خدا نے وعدہ کیا ۔مگر ابراہیم مطمئن نہ ہوئے اور اس بار زیادہ عاجزی سے درخواست کی۔" اگرچہ میں مٹی اور راکھ ہوں ، لیکن چونکہ آپ مجھ سے مخاطب ہیں ، میں یہ کہنے کی جسارت کروں گا کہ اگر وہاں پچاس نہیں بلکہ پینتالیس نیک آدمی ہوئے تو کیا آپ محض پانچ آدمیوں کی کمی کی وجہ سے پورے شہر کو ختم کردیں گے" ، ابراہیم نے کہا ۔ جواب میں خدا نے انہیں یقین دلایا کہ اگر اس بستی میں پینتالیس آدمی بھی حق پر ہوئے تو وہ ان کی وجہ سے پوری بستی تباہ نہیں کرے گا ۔ لیکن ابراہیم کی پھر بھی تشفی نہ ہوئی۔ "براہ کرم ، خدا کا قہر نہ بھڑکے لیکن میں یہ کہنے کی جسارت کروں گا، ابراہیم نے اس انداز سے خدا سے فریاد کرتے رہے۔ یہاں تک کہ خدا نے انہیں کہ دیا کہ اگر ان بستیوں میں فقط دس لوگ بھی نیک ہوئے تو وہ انہیں تباہ نہیں کرے گا۔ جب ابراہیم کی خدا سے گفتگو ختم ہوئی تودن ڈھلنے لگا تھا ۔ اسی شام سدوم شہر میں دو فرشتے اترے۔ ابراہیم کے بھتیجے لوط نے انہیں شہر کے داخلی راستے پر ہی دیکھ لیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ اور انہیں مہمان کے طور پر اپنے گھر لے گئے۔ جب لوط اپنے مہمانوں کو کھانا پیش کر رہے تھے ۔ پورا شہر انکے دروازے پر جمع ہوگیا۔ کیا جوان اور کیا بوڑھے سب لوط کے مہمانوں سے جنسی تعلق قائم کرنا چاہتے تھے۔ لوط نے بہت مزاحمت کی یہاں تک کہ اپنی دو کنواری بیٹیاں بھی پیش کردیں CITATION Sun8 \l 1033 ۔ لیکن لوگ ٹس سے مس نہ ہوئے وہ ہر قیمت پر لوط کے مہمان ہی چاہتے تھے، جب لوط نہ مانے تو انہوں نے دروازہ توڑ کر گھر میں داخل ہونے کا سوچا ۔ لوط کے مہمانوں نے، جو کہ دراصل فرشتے تھے ، گھر کے باہر کھڑے تمام لوگوں کو اندھا کردیا ۔ انہیں کچھ سجھائی نہ دیا۔ فرشتوں نے لوط کو بتایا کہ اس شہر کو تباہ کرنے والے ہیں ۔ وہ جلدی سے اپنے رشتے داروں کو اکٹھا کریں ۔ تاکہ انہیں شہر سے دور منتقل کردیا جائے۔ لوط اپنے ہونے والے دامادوں کے پاس گئے اور انہیں بتایا کہ شہر تباہ ہونے کو ہے وہ انکے ساتھ نکل چلیں ۔ لیکن لوگ انکی بات سن کر ہنسے ۔ مایوس ہوکر لوط اکیلے ہی لوٹ آئے

فرشتوں نے انہیں انکی دو بیٹیوں اور بیوی کو فورا شہر سے دور ایک مقام پر منتقل کردیا اور انہیں تنبیہ کی کہ وہ دور پہاڑوں کی جانب نکل جائیں اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں ۔ لوط نے فرشتوں سے درخواست کی کہ وہ انہیں بہت دور بھیجنے کی بجائے قریبی شہر

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 19:1)

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 19:8)

جانے کی اجازت دے دیں، فرشتے مان گئے۔ جب لوط اور انکا خاندان قریبی شہر کی جانب روانہ ہوا تو لوط کی بیوی خود پر قابو نہ رکھ سکیں اور پیچھے مڑ کر دیکھ بیٹھیں ، وہ فورا نمک کے ستون میں تبدیل ہوگئیں CITATION Sun8 \l 1033 سودوم شہر میں آج بھی ایک ایسا پہاڑ ہے جسے لوط کی بیوی کا پہاڑ کہا جاتا ہے۔ یہودی مقدس کتابوں کے مطابق حضرت لوط کی بیوی نیکوکاروں میں سے نہ تھیں ، وہ گھر میں فرشتوں کے آنے سے ناخوش ہوئیں ، اور انہوں نے ہی لوگوں کو اپنے گھر میں خوبصورت مردوں کی موجودگی سے آگاہ کیا، جب وہ نمک لینے ہمسائے میں گئیں۔ اگلی صبح ، آگ اور گندھک کی شدید بارش نے سدوم اور عمورہ شہروں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ تمام چرند، پرند، شجر، سب راکھ کا ڈھیر بن گئے CITATION Sun8 \l 1033 ۔
سائنس کی تمام تر ترقی کے باوجود ، ہم آج بھی یقین سے نہیں کہہ سکتے کہ سودوم اور عمورہ شہر کیسے تباہ ہوئے ، کیا کوئی آتش فشاں پھٹ پڑا ، زلزلہ آیا یا کوئی طاقتور شہاب ثاقب، ہم آج بھی اندازہ لگا رہے ہیں CITATION Sun8 \l 1033

حاجرہ اور اسماعیل گھر بیابان میں

وقت گزرتا گیا ، سارہ حاملہ ہوگئیں اور اسحاق کو جنم دیا۔جب اسحاق ذرا بڑے ہوئے تو انہوں نے اپنے بڑے بھائی کے ساتھ کھیلنا شروع کردیا۔ ایک دن سارہ نے اسحاق کو اسماعیل کے ساتھ کھیلتا ہوا دیکھا۔تو بہت برا منایا ، وہ ناراض ہوگئیں اور ابراہیم سے مطالبہ کیا کہ وہ حاجرہ اور انکے بیٹے کو گھر سے نکال دیں اور انہیں جائیداد میں سے کچھ نہ دیں۔ سارہ کی یہ بات سن کر ابراہیم غمگین ہوگئے۔ ایسے میں خدا نے انکی دلجوئی کی ، خدا نے کہا کہ وہ حاجرہ اور انکے بیٹے کے بارے میں بالکل بھی فکرمند نہ ہوں، وہ انکی دیکھ بھال کرے گا ، وہ ویسا ہی کریں جیسا سارہ کہتی ہیں CITATION Sun8 \l 1033 خدا کے حکم پر ابراہیم نے حاجرہ کو کچھ کھانا اور پانی دیا اور انہیں اپنے بیٹے اسماعیل کے ساتھ روانہ کردیا۔ حاجرہ بیرسبع کے بیابانوں کی جانب چل پڑیں۔ تپتے صحرا میں پانی کتنی دیر چلتا ، جلد ہی اسماعیل پیاس سے بلکنے لگے۔ ماں پر بہت کڑا وقت تھا ، کہ

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 19:26)
CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 19:28)
CITATION Sun8 \l 1033 (Trifonov, V.)
CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 21:12-13)

اسکا بچہ پیاس کی شدت سے نڈھال ہو اور وہ کچھ نہ کر پائے ۔ میں
اپنے بچے کو مرتا نہیں دیکھ سکتی یہ سوچتے ہوئے انہوں نے اسماعیل
کو ایک جھاڑی کے نیچے لٹا دیا اور خود پانی کے لئے ادھر سے ادھر
دوڑیں اور پھر کچھ دور جا کر بیٹھ گئیں ۔ حاجرہ اس شدت سے روئیں
کہ انکی فریاد عرش تک جا پہنچی۔ "خوف نہ کر حاجرہ ، خدا نے تیرے
بیٹے کی فریاد سن لی ہے۔ میں اسے ایک عظیم قوم بناوں گا" ایک
فرشتے نے آسمان سے پکارا [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ خدا نے حاجرہ کی
رہنمائی کی اور انہیں پانی کا ایک کنواں دکھایا جو کہ قریب ہی واقع
تھا۔ فرشتے کے کہنے پر حاجرہ نے اس سے پانی بھرا اور اسماعیل کو
پلایا۔ خدا نے ان دونوں کی دیکھ بھال کی ۔ اسماعیل ایک عمدہ تیر
انداز بن گئے ۔ اور فاران یا پاران کے بیابان میں آباد ہوگئے۔ حاجرہ نے
[CITATION Sun8 \l 1033] انکی شادی ایک مصری لڑکی سے کردی۔

اسحاق کی قربانی

حاجرہ کے گھر چھوڑنے کے کچھ عرصے کے بعد ، ابراہیم نےخواب دیکھا
کہ وہ اپنے بیٹے اسحاق کو موریاہ کی سرزمین پر لے جائیں اور انہیں
خدا کے راستے میں قربان کردیں۔ یہودیوں کے عقیدے کے مطابق
موریاہ یروشلم میں وہی جگہ ہے۔ جہاں بعد میں سلیمان نے اپنا
ہیکل تعمیر کیا۔ ابراہیم اپنے بیٹے اسحاق کو بتائی ہوئی جگہ لے
گئے ۔ اور انکو قربانی کے لئے باندھ دیا ۔ ابراہیم اپنے بیٹے کوذبح
کرنے ہی لگے تھے کہ آسمان سے ایک فرشتہ نمودار ہوا اور انہیں
اپنے بیٹے کو تکلیف دینے سے روکا ۔"اسحاق آپکا اکلوتا بیٹا ہے۔ اور آپ
اسے میرے لئے قربان کر رہے ہیں ، اب مجھے یقین ہو گیا ہے۔ کہ آپ
خدا کا احترام کرتے ہیں اور اس کی اطاعت کرتے ہیں"، فرشتے نے
کہا [CITATION Sun8 \l 1033] ، ابراہیم کو اس ویرانے میں اچانک ایک مینڈھا
نظر آگیا ۔ جس کے سینگ جھاڑیوں میں پھنسے ہوئے تھے۔ ابراہیم نے
اپنے بیٹے کی بجائے اس مینڈھے کوقربان کردیا۔ ان کی فرمانبرداری
سے خدا بہت خوش ہوا ، اور اس نے ابراہیم کو بے شمار اولاد عطا
کرنے کا وعدہ کیا ۔ وقت گزرتا گیا ، ایک سو ستائیس برس کی عمر
میں سارہ انتقال کر گئیں ۔ انکی رحلت کے بعد ابراہیم نے کتورہ
نامی ایک خاتون سے شادی کی ۔ جن سے انکے کئی بچے پیدا ہوئے۔

[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 21:17)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 21:21)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 22:11-12)

انہوں نے اپنے تمام بچوں کو تحائف دئے ۔ لیکن اپنا ترکہ اسحاق کو دیا۔ ابراہیم نے ایک سو پچھتر سال عمر پائی۔ ابراہیم نے اپنی بیوی سارہ کے مدفن کے لئے ایک غار خریدی تھی۔ابراہیم کی وفات پر انکے بیٹوں اسحاق اور اسماعیل نے انہیں اسی غار میں انکی بیوی کےقریب دفن کیا [CITATION Sun8 \l 1033]۔ اسماعیل ایک سو اکتیس برس کے تھے جب اس جہاں فانی سے کوچ کر گئے ۔ ان کے بچے ایشور کی جانب ۔ مصر کے قریب کے علاقوں میں رہتے تھے۔

اسحاق کی کہانی

ابراہیم کے بیٹے اسحاق کی شادی تو چالیس برس کی عمر میں ربیکا نامی خاتون سے ہو گئی تھی لیکن وہ کئی سال بے اولاد رہے۔ اسحاق کی شادی کی کہانی بھی دلچسپ ہے۔ ابراہیم جب عمر رسیدہ ہوگئے تو انہیں بیٹے کی شادی کی فکر لاحق ہوئی۔وہ اپنے بیٹے کی شادی کسی کنعانی لڑکی سے نہیں کرنا چاہتے تھے[CITATION Sun8 \l 1033]۔ انکی خواہش تھی کہ انکی بہو انکے اپنے ملک سے ہو۔ ایک دن انہوں نے اپنے ایک خادم خاص کو ڈھیر سارے تحائف دئے اور اسے اپنے آبائی ملک بھیج دیا ۔ انہوں نے غلام کو بتایا کہ خدا فرشتوں کے زریعے اسکی مدد کرےگا۔ غلام جب اپنی منزل پر پہونچا تو سیدھا کنوویں پر گیا ۔ اس نے خدا سے دعا کی کہ وہ مطلوبہ لڑکی کے دل میں ڈال دے کہ وہ اسے اور اسکے جانوروں کو پانی پلائے۔ ابھی خادم دعا مانگ ہی رہا تھا کہ ایک لڑکی آئی اور اسے پانی پیش کیا اور اسکے سارے جانوروں کو بھی پانی پلایا ۔ خادم نے اسے غیبی اشارہ سمجھا اور اس لڑکی کو قیمتی تحائف دئے جب وہ جانے لگی تو ابراہیم کے خادم نے اس کے گھر قیام کرنے کی درخواست کی۔ لڑکی بھاگ کر اپنے بھائی کو بلالائی ، وہ دونوں خادم کو اپنے گھر لے گئے ۔ جب کھانا چن دیا گیا تو خادم نے کہا کہ وہ اسوقت تک نہیں کھائے گا کہ جب تک وہ اسکی بات نہ سن لیں۔ خادم نے کہا کہ خدا نے اس کے مالک کو خوب مال و دولت سے نوازا ہے ۔ اور ایک بیٹا بھی عطا کیا ہے جو انکی کل جائیداد کا مالک ہے ۔اس نے کہا کہ ابراہیم نے انہیں اپنی بہو ڈھونڈنے کے بھیجا ہے ۔ اس نے اپنی دعا اور ربیکا سے ملاقات کا احوال بھی دہرایا ۔ جواب میں لابن نے کہا کہ یہ بات خدا کی جانب سے ہے ، اس میں کوئی کیا کہہ سکتا ہے، ربیکا لو اور رخصت ہو جاو، لابن بولا [CITATION Sun8 \l 1033]۔

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 25:9)
CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 24:3)
CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 24:51)

جب ربیکا سے انکی مرضی پوچھی گئی تو وہ فورا تیار ہوگئیں۔
اسحاق چالیس سال کے تھے جب ربیکا سے ان کی شادی ہوئی۔
شادی کے کئی سال بعد بھی دونوں کو اولاد نہ ہوئی تو اسحاق نے اپنے
رب سے خوب دعا کی۔ آخر خدا نے انکی دعا سن لی اور ربیکا حاملہ
ہو گئیں ۔ طویل انتظار کے بعد ماں بننے کے خیال سے وہ انتہائی
خوش تھیں لیکن جلد ہی انکی خوشی پریشانی میں بدل گئی جب انکو
اپنے پیٹ میں ناقابل برداشت درد محسوس ہونے لگا ۔ یہ میرے ساتھ
کیا ہورہا ہے وہ تکلیف سے کراہیں ۔ خدا نے انہیں خواب میں بتایا کہ
انکو تکلیف اس لئے محسوس ہو رہی ہے۔ کہ انکی کوکھ میں دو قومیں
ہیں۔ جب پیدائش کا وقت آیا تو دو بچے آگے پیچھے پیدا ہوئے ۔ پہلا
بچہ سرخ رنگ کا تھا اوربالوں نے اس کے پورے جسم کو ڈھانپا ہوا تھا ۔
اس کا نام عیسو رکھا گیا۔ عیسو کے بعد انکے بھائی پیدا ہوئے ، انہیں
یعقوب کا نام دیا گیا۔ عیسو ایک بہترین شکاری بن گئے جبکہ یعقوب
کم گو تھے اور خیموں میں رہنا پسند کرتے تھے ۔ اسحاق کو عیسو کے
شکار کئے جانوروں کا گوشت بہت بھاتا تھا ۔ وہ ان سے زیادہ پیار کرنے
لگے ۔ جبکہ ماں یعقوب سے زیادہ محبت کرتی تھیں۔ جب اسحاق
بوڑھے ہوگئے ، اور ان کی بصارت بھی کمزور ہوگئی تو ایک دن
انہوں نے عیسو سےشکار کے گوشت کی فرمائش کی اور کہا کہ وہ
اس کھانے کے بعد انہیں اپنا وارث بنادیں گے۔ جونہی عیسو شکار کے
لئے نکلے ماں کے دل میں خواہش پیدا ہوئی کی عیسو کی بجائے
یعقوب کو سب کچھ مل جائے۔ انہوں نے یعقوب سے کہا کہ وہ ریوڑ
میں سے ایک بکری ذبح کر لائیں وہ اسے عمدگی سے پکائیں گی ۔
یعقوب اس کھانے کو باپ کو کھلا کر انہیں خوش کردیں اور انعام پائیں
یعقوب کو تردد ہوا تو والدہ نے انہیں یقین دہانی کروائی کہ اس کا
گناہ یعقوب کو نہیں بلکہ ان کو ہوگا کیونکہ یہ انکا مشورہ ہے۔[CITATION Sun8 \l 1033]
۔ یعقوب نے بکری ذبح کی اور ماں سے پکوا کر باپ کو
پیش کردی ۔ ربیکا نے انکے جسم پر بکری کے بال لگادئے اور عیسو کے
کپڑے پہنا دئے تاکہ اسحاق کو شک نہ ہو ۔ جب یعقوب کھانا لے کے
اسحاق کے پاس گئے تو انہیں تعجب ہوا کہ وہ شکار سے اتنی جلدی
کیسے واپس آگئے ہیں تاہم جسم ٹٹولنے پر بال محسوس کر کے اور
عیسو کے کپڑوں کی خوشبو سے اسحاق مطمئن ہو گئے اور انہیں اپنا
جان نشین مقرر کردیا۔ عیسو جب شکار سے لوٹے اور باپ کو کھانا
پیش کیا تو اسحاق نے انہیں بتایا کہ وہ تو اپنا سب کچھ اس کے نام کر

[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 27:6-12)

چکے ہیں جو ان کے لئے پہلے کھانا لے کے آیا تھا ، اب عیسو اور اسحاق
کو اندازہ ہوا کہ یعقوب نے انکے ساتھ دھوکہ کیا ہے۔ عیسو نے غصے
میں عہد کیا کہ وہ باپ کی رحلت کے بعد اپنے بھائی یعقوب کو قتل
کردیں گے ۔ انکی یہ بات ماں نے بھی سن لی۔ ربیکا نے اسحاق کی
اجازت سے یعقوب کو اپنے بھائی کے گھر روانہ کردیا۔جاتے ہوئے اسحاق
نے نصیحت کی کہ   وہ اپنے ماموں کی لڑکی سے ہی شادی کرلیں اور
کسی کنعانی عورت سے شادی نہ کریں۔ انہوں نے دعا کی کہ یعقوب
کی اولاد ایک بڑی قوم بنے اور خدا وہ سارے انعام و اکرام یعقوب کو
عطا فرمائے، جن کا اس نے ابراہیم سے وعدہ کیا ہے۔ یعقوب کے جانے
پر جب عیسو کو معلوم ہوا کہ ان کے والد کنعانی عورتوں کو پسند
نہیں کرتے ، تو وہ اپنے چچا اسماعیل کے پاس چلے گئے اور انکی
بیٹی مہالاتھ سے بیاہ کرلیا [CITATION Sun8 \l 1033] تاہم انہوں نے اپنی کنعانی
بیویاں بھی برقرار رکھیں

خدا کا یعقوب سے وعدہ

یعقوب حاران کی جانب روانہ تھے کہ راستے میں رات ہوگئی ، وہ
رات گزارنے رک گئے اور ایک میدان میں سو گئے ، کیا دیکھتے ہیں کہ
زمین پر ایک بہت بڑی سیڑھی ہے جو آسمان تک پہونچی ہوئی ہے ۔
خدا کے فرشتے اس پر چڑھ اتر رہے ہیں ۔ پھر انہوں کے خدا کو دیکھا
جو کہہ رہا تھا کہ میں ابرہیم اور اسحاق کا خدا ہوں، جس زمین پر تو
لیٹا ہے میں اسے تجھے اور تیری نسلوں کو دوں گا ، تیری نسل چار سو
پھیل جائے گی ، تو جہاں کہیں بھی جائے گا میں تیری حفاظت کروں گا
اور تجھے اس ملک میں واپس لاوں گا۔جب یعقوب بیدار ہوئے تو ان پر
ہیبت طاری ہوگئی ۔ انہوں نے سوچا کہ یہ پر جلال جگہ خدا کے گھر
کے علاوہ اور کیا ہو سکتی ہے، یہ تو آسمان کا پھاٹک ہے۔اب یعقوب
نے اس پتھر کو سیدھا کھڑا کیا جس کو انہوں نے رات کو تکئے کے طور
پر استعمال کیا تھا ۔ اس پر تیل ڈالا اور اس مقام کا نام لوز سے تبدیل
کرکے بیت ایل رکھ دیا۔ انہوں نے خدا سے عہد کیا کہ وہ اگر انہیں
خوراک اور ملبوسات فراہم کرے گا اور انکی حفاظت کرے گا تو وہ
اپنی آمدن کا دسواں حصہ خدا کی راہ میں خرچ کریں گے۔ [CITATION Sun8 \l 1033]
سفر کرتے ہوئے یعقوب مشرق کے شہر جا پہونچے۔ شہر میں
پہنچ کر انہوں نے اپنے رشتے داروں کا پتہ معلوم کیا اور بتائی ہوئی
جگہ پہنچ کر ایک کنوویں پر رک گئے۔ یہاں انکی ملاقات اپنے ماموں

[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 28:9)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 28:20-22)

لابن کی بیٹی راحیل سے ہوئی ۔ یعقوب کو راحیل پہلی نظر میں ہی
پسند آگئیں ۔ جب یعقوب نے تعارف کروایا تو وہ گھر والوں کو خبر
کرنے دوڑیں ۔سب لوگ فورا کنویں پرپہنچ گئے اور یعقوب کا استقبال
کیا۔ یعقوب لابن کے جانوروں کی نگہداشت کرنے لگے جب ایک مہینہ
گزر گیا تو لابن نے ان سے کہا کہ وہ انکے رشتہ دار ہیں مناسب نہیں
کہ بغیر اجرت کام کریں، جواب میں یعقوب نے لابن کی بیٹی کا ہاتھ
مانگ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ اگر لابن راحیل سے انکی شادی کردیں تو
اس کے عوض وہ سات سال تک انکی خدمت کریں گے لابن راضی
ہوگئے کہ بیٹی کے لئے قریبی رشتہ دار سے زیادہ موزوں رشتہ کیا
ہوسکتا ہے۔ سات سال کام کرنے کے بعد یعقوب نے شادی کا تقاضا
کیا تو لابن نے تمام لوگوں کو جمع کیا اور ایک شاندار ضیافت کے بعد
اپنی بیٹی یعقوب سے بیاہ دی۔ اگلے روز جب یعقوب بیدار ہوئے تو
انہوں نے اپنے پہلو میں راحیل کی بجائے لیاہ کو پایا۔ لیاہ لابن کی بڑی
بیٹی تھی ۔ انکی آنکھیں کمزور تھیں۔ راحیل لیاہ کے مقابلے میں سڈول
اور زیادہ خوبصورت تھیں ۔ یعقوب بہت جز بز ہوئے اور اپنے ماموں کے
پاس پہنچ گئے ۔" میں نے راحیل کے لئے سات سال آپکی خدمت کی
لیکن آپ نے میرے ساتھ دھوکہ کیا"، انہوں نے اپنے ماموں سے احتجاج
کیا [CITATION Sun8 \l 1033]۔ لابن نے انہیں سمجھایا کہ ان کے ہاں رواج ہے
کہ بڑی بیٹی کو بیاہے بغیر چھوٹی کی شادی نہیں کرتے اس لئے انہوں
نے یعقوب کی شادی لیاہ سے کی۔انہوں نے کہا کہ سات یوم کے بعد
انکی شادی راحیل سے بھی کر دی جائے گی ،لیکن شر یہ ہے کہ یعقوب
اگلے سات سال انکے پاس کام کریں ۔ یعقوب مان گئے۔ سات روز بعد
انکی شادی راحیل سے ہوگئی۔ یعقوب کو راحیل سے بہت محبت تھی
جبکہ لیاہ انکی توجہ سے محروم تھیں ۔ شائد اسی لئے خدا نے لیاہ کو
تو اولاد سے نواز دیا، لیکن راحیل بچوں سے محروم رہیں۔
راحیل اتنی مایوس ہوگئیں کہ انہوں نے یعقوب سے کہا کہ وہ انکی
خادمہ سے اولاد حاصل کریں ۔ کچھ عرصہ بعد انکی بھی سنی گئی
اور خدا نےا نہیں یوسف عطا کردئے ۔ یوسف کی پیدائش کے ساتھ
ہی ہجرت کا حکم آگیا ۔ کہا گیا کہ یعقوب اپنے آبائی شہر لوٹ
جائیں۔ یعقوب نے واپسی کی اجازت طلب کی تو لابن پہلےتو نہ مانے
کہ یعقوب کی وجہ سے انکے مال و دولت میں بہت اضافہ ہوا تھا ۔
تاہم جب یعقوب نے اصرار کیا تو لابن راضی ہو گئے مگراصرارـ کیا
کہ وہ یعقوب کو انکی اجرت ادا کئے بغیر نہیں جانے دیں گے۔ یعقوب

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 29:25)

نے اجرت میں انکے چتکبرے جانور طلب کر لئے ۔ پہلے تو لابن مان گئے
مگر پھر بعد میں جب انہوں نے سوچا کے یعقوب ، انکی اولاد کے ساتھ
ساتھ انکے جانور بھی اپنے ہمراہ لے جائیں گے تو انکے دل میں لالچ اگیا۔
انہوں نے اپنے تمام چتکبرے یا داغدار مویشی اپنے بیٹے کو دیئے اور اس
کو دور بھیج دیا۔

یعقوب کی جینیاتی انجئنرنگ

خدا کی رہنمائی پر یعقوب نے سفیدے ،بادام اور چنار کے درختوں کی
ہری شاخوں کو اس طرح چھیلا کے اندر کی سفید لکڑی دکھائی دینے
لگی۔ پھر انہوں نے ان چھیلی ہوئی تمام شاخوں کو جانوروں کے پانی
پینے کے حوض کے قریب رکھ دیا کے جب جانور پانی پینے آئیں تو وہ انکو
نظر آئیں ۔ [CITATION Sun8 \l 1033] جب جانور حمل کی حالت میں حوض پر
پانی پینے آتے یا ان شاخوں کے سامنے اختلاط کرتے تو دھاری دار جلد
کے بچے پیدا ہوتے۔ جب بھی طاقتور جانور اختلاط کے قریب ہوتے
یعقوب دھاری دار شاخیں ان کے سامنے رکھ دیتے لیکن کمزور جانوروں
کے سامنے نہ رکھتے۔جب بچے پیدا ہوئے تو یعقوب نے دھاری دار
جانوروں کو علیحدہ کرلیا ۔ یوں وہ بے شمار توانا جانوروں کے مالک
بن گئے۔ ایک روز انہوں نے اپنی بیویوں کو تمام احوال بتایا اور کہا کے
وہ خاموشی سے اپنے گھر روانہ ہونا چاہتے ہیں انکی بیویوں نے انکے
منصوبہ کی تائید کی۔ جب یعقوب اپنے کنبے اور تمام دھاری دار
جانوروں کو لے کر نکلنے لگے تو یعقوب کی بیوی راخیل نے اپنے والد کا
ایک بت اپنے سامان میں رکھ لیا ۔وہ بت لابن کو بہت عزیز تھا وہ
انکے پیچھے آگئے ۔لیکن تمام سامان کی تلاشی کے باوجود انکا بت یا
کھلونا نہ ملا ۔ وہ بت راخیل نے اپنے اونٹ کی ہودی میں چھپا دیا تھا
اور خود اس پر بیٹھ گئیں تھیں۔ جب لابن ناکام ہو گئے تو بات چیت کے
بعد انہوں نے یعقوب سے صلح کرلی اور انہیں تمام مال و متاع کے
ساتھ اپنے آبائی گھر لوٹنے کی اجازت دے دی۔ جب یعقوب کا قافلہ اپنے
وطن کے قریب پہنچا تو انہوں نے بہت سے مویشی اور تحائف دے کر
کچھ لوگوں کو اپنے بھائی کی طرف روانہ کیا تاکہ تحائف دیکھ کر بھائی
اپنی رنجش بھول جائیں ۔ لیکن عیسو تو پہلے ہی تمام عداوت بھول
چکے تھے۔ انہوں نے اپنے بھائی اور انکے خاندان کو خوش آمدید کہا۔

CITATION Sun8 \l 1033 (Genesis Chapter 30:37-38)

یعقوب کی خدا سے کشتی

اسی رات جب یعقوب تنہا تھے ایک شخص آیا اور ان سے کافی دیر تک لڑتا رہا۔ اس شخص نے یہ محسوس کرتے ہوئے کہ وہ جیت نہیں رہا ہے یعقوب کی ران کے جوڑ پر وار کیا۔ پو پھٹنے کے قریب جب اس شخص نے جانا چاہا تو یعقوب نے کہا کہ وہ اسے اس وقت تک نہ چھوڑیں گے جب تک وہ انکے لئے دعا نہ کرے۔ "تیرا نام کیا ہے" ؟ اس شخص نے پوچھا ۔ "یعقوب "وہ بولے۔ نہیں تیرا نام آج سے اسرائیل ہوگا کیونکہ تو نے خدا اور انسانوں کے ساتھ زور آزمائی کی اور غالب آیا اس شخص نے کہا [CITATION Sun8 \l 1033] یہودیوں کا ماننا ہے کہ وہ شخص خدا تھا ، اس لئے اس واقعے کو یعقوب کی خدا سے کشتی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے ۔ یہودی آج بھی جانور کے ران کے جوڑ والا حصہ نہیں کھاتے۔ [CITATION Sun8 \l 1033]

یعقوب اپنے اہل و عیال کو لے کر واپس کنعان پہنچ گئے اور وہیں آباد ہوگئے ۔ قدیم کنعان آج کے لبنان ، اسرائیل ، فلسطین ، شمالی مغربی اردن اور شام کے کچھ مغربی علاقوں پر مشتمل تھا۔ یعقوب کے بارہ بیٹے تھے روبن ، شمعون ، لاوی ، یہوداہ ، دان ، نفتالی ، گاڈ ، اشیر ، عساکر ، زبولون ، یوسف اور بنیامین۔ یعقوب کے یہ بیٹے بعد میں اسرائیل کے بارہ قبیلے بنے۔ یوسف اور بنیامین راخیل میں سے تھے

یوسف کی کہانی

یعقوب اپنے دوسرے بیٹوں کے مقابلے میں یوسف سے زیادہ پیار کرتے تھے کیونکہ ایک تو وہ اسوقت پیدا ہوئے جب یعقوب بڑھاپے میں قدم رکھ چکے تھے دوسرا سترہ سالہ یوسف بہت ہی سعادت مند اور فرماں بردارتھے۔ یعقوب کی یوسف کے لئے بے پایاں محبت دیکھ کر انکے بھائی ان سے حسد کرنے لگے۔ وہ یوسف سے انکے خوابوں کی وجہ سے بھی جلتے تھے ۔ کہ وہ یوسف کی برتری کی پیشن گوئی کرتے تھے، مثلا ایک دن یوسف نے دیکھا کہ سورج ، چاند ، اور گیارہ ستارے انکو سجدہ کر رہے ہیں۔ بھائیوں کو بہت غصہ آیا ۔ حسد میں یوسف کے بھائیوں نے پہلے تو انہیں ایک گڑھے میں پھینکا کہ انہیں جانور کھا جائیں مگر تاجروں کے ایک قافلے کو دیکھ کر ارادہ تبدیل کرلیا اور یوسف کو چاندی کے بیس سکوں کے عوض سوداگروں کو بیچ ڈالا۔انہوں نے یوسف کی قمیض پر جھوٹ موٹ کا خون لگا کر باپ کو بتایا کہ یوسف کو جانور کھا گئے ہیں۔ اس خبر سے یعقوب اتنا غمگین

[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 32:29)

[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 32:33)

ہوئے کہ ساری عمر سوگ میں گزارنے کا فیصلہ کیا۔ ادھر سوداگر
یوسف کو لے کر مصر پہنچ گئے ۔ اور یوسف کو فرعون کے ایک افسر
کے ہاتھ بیچ دیا۔یوسف کی صلاحیتیں دیکھ کر فو طیفار نے انہیں اپنے
گھر کا نگران مقرر کردیا۔ فوطیفار کی بیوی یوسف کی وجاہت اور
خوبصورتی سے اتنا متاثر ہوئی کہ ان کو دل دے بیٹھی، وہ ہر قیمت پر
یوسف کے ساتھ سونا چاہتی تھی۔ ایک دن جب گھر میں کوئی نہیں تھا
فوطیفار کی بیوی (جنہیں قرآن زلیخا کہتا ہے) نے یوسف کا دامن
پکڑ لیا جب یوسف کسی طرح اپنے مالک کے اعتماد کو دھوکہ دینے پر
آمادہ نہ ہوئے تو اس نے شور مچادیا کہ یو سف نے دست اندازی کی
ہے۔ جب فوطیفار کو پتہ چلا تو سخت برہم ہوا اور غصہ میں یوسف
کو قید کردیا۔ کچھ عرصہ بعد فرعون مصر اپنے باروچی اور خادم سے
ناراض ہو گیا ۔ اس نے انہیں اسی جیل میں بھیج دیا جس میں یوسف
قید تھے۔ایک رات ان دونوں نے خواب دیکھے جب یوسف تک بات
پہنچی تو انہوں نےتعبیر دی ۔ یوسف نے خادم کو بتایا کہ وہ اپنی
ملازمت پر بحال ہو جائے گا ، اورجب وہ فرعون کی خدمت میں پیش
ہو تو اس سے ان کا کا ذکر کرے ۔باورچی کو کہا کہ اسے قتل کردیا
جائے گا، کچھ روز بعدیوسف کی تعبیر کے مطابق باورچی کو قتل کردیا
گیا لیکن خادم بحال ہوگیا ۔ وہ یوسف کو بھول گیا اور ان کا ذکر نہ
کیا۔ ایک روز فرعون نے ایک خواب دیکھا جس کا جواب کسی سے بن
پڑا کسی کو نہیں سمجھ آیا کہ وہ خواب کیا ہے۔ اس وقت باروچی
کو یوسف کی یاد آئی اور اس نے فرعون کو انکے بارے میں بتایا ۔
فرعون نے فورا یوسف کو طلب کرلیا۔"میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ
میں دریائے نیل کے کنارے پر کھڑا ہوں۔ کیا دیکھتا ہوں کہ دریا سے
سات موٹی تازی گائیں نکلیں اور قریبی چراگاہ میں چرنے لگیں ۔
کچھ ہی دیر بعد مزید سات گائیں دریا سے برآمد ہوئیں ، جو نہائت
ہی بدصورت اور لاغر تھیں۔ دیکھتے ہی دیکھتے لاغر گائیں موٹی تازہ
گائیوں کو ہڑپ کر گئیں" فرعون نے اپنا خواب سنایا۔ یوسف بولے کہ
سات موٹی گائیں خوش حالی کے سات سال ہیں جن میں خوب فصل
ہو گی ۔جبکہ سات لاغر گائیں خشک سالی کے سات سال ہیں جن
میں شدید قحط پڑے گا انہوں نے بادشاہ کو مشورہ دیا کہ وہ مشکل
سے بچنے کے لئے سات سال فصل ذخیرہ کریں اور تنگی کے سالوں
میں اسے استعمال کریں بادشاہ انکی فراست سے بہت خوش ہوا اور
انہیں فصل ذخیرہ کرنے کا فریضہ سونپ دیا۔ وہ صرف بادشاہ کو

جواب دے تھے اس طرح انکا رتبہ وزیر اعظم کے برابر تھا[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ یوسف کی عمر اس وقت تیس سال تھی جب وہ فرعون کے وزیر بنے۔ سات سال کی کثرت کے دوران ، یوسف نے اتنا اناج اکٹھا کیا کہ اسکا حساب رکھنا نا ممکن ہوگیا۔ سات سال کی قلت کے بعد ، زبردست قحط پڑا ، دنیا میں اناج ختم ہونے لگا ۔ دنیا اناج خریدنے مصر پہنچ گئی۔ کنعان میں بھی قحط تھا ، یعقوب نے بھی اپنے بچوں کو مصر بھیجا کہ وہ جاکر کچھ اناج خرید لائیں ۔ جب وہ مصر پہونچے تو انہیں یوسف کی خدمت میں پیش کردیا گیا۔ وہ سب یوسف کامرتبہ دیکھ کر انکے سامنے جھک گئے ۔ یوسف نے اپنے بھائیوں کو پہچان لیا اور ایک حکمت عملی کے ذریعے اپنے بھائیوں اور والد کو مصر بلوایا ۔ یعقوب کو جب پتہ چلا کہ یوسف زندہ ہیں ، تو وہ بے انتہا خوش ہوئے اور مصر کی جانب روانہ ہوگئے۔ کنعان سے مصر کے سفر کے دوران ، جب وہ بیرسبع نامی جگہ پر پہونچے تو انہوں نے خدا کے راہ میں قربانی کی۔ وہیں انہوں نے خدا کو خواب میں دیکھا ۔اس نے انہیں مصر جانے کی ترغیب دی اور کہا کہ وہ انہیں ایک عظیم قوم بنا دے گا۔ مصر پہنچے تو یوسف انہیں فرعون سے ملانے لے گئے ۔ فرعون نے یعقوب کی بہت تکریم کی ۔ یعقوب نے گوشن نامی علاقے میں سکونت اختیار کرلی۔ قحط شدید ہوا تو مزید لوگ اناج خریدنے مصر پہنچ گئے ۔ یوسف اناج کی فروخت سے جمع ہونے والی ساری رقم فرعون کے حوالے کردیتے ۔ لوگوں کے پاس جب پیسے ختم ہوگیا تو وہ ادائیگی کے لئے مویشی لے آئے۔ پھر وہ یوسف کو اپنی زمینیں بیچنے لگے ۔ یوسف نے جب مقامی لوگوں کی تمام زمینیں خرید لیں تو انکو بیج دئے اور کہا کہ زمینیں تو فرعون کی ملکیت ہیں لیکن وہ جاکر کھیتی باڑی کریں اور اپنی فصل کا پانچواں حصہ فرعون کو ادا کریں ۔ مسلسل قحط کے مارے لوگوں نے اس شرط کو بخوشی قبول کرلیا ۔ یوسف کا بنایاقانون کہ پیداوار میں سے پانچواں حصہ فرعون کا ہوگا کافی عرصے لاگو رہا[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ یعقوب سترہ سال مصر میں رہے۔ اور ایک سو سینتالیس سال کی عمر میں وفات پائی۔ اپنی رحلت کے قریب انہوں نے یوسف کو بلایا اور وصیت کی کہ انہیں کنعان میں انکے آباو اجداد کے ساتھ دفن کیا جائے۔ یعقوب کی رحلت کے بعد یوسف نے فرعون کو اپنے باپ کی خواہش سے آگاہ کیا اور انہین کنعان جاکر دفن کرنے کی اجازت مانگی۔ بادشاہ نے نہ صرف اجازت دی بلکہ اپنے امرا کو بھی یوسف کے ساتھ کردیا۔ لاش کو اتنے طویل سفر کے دوران

[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 41:38-41)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 47:26)

محفوظ رکھنے لئے شاہی طبیبوں نے چالیس روز تک شب و روز کام کیا۔ مصر کے مختلف علاقوں سے کھدائیوں کے دوران ملنے والی حنوط شدہ لاشیں آج بھی مصریوں کے فن کمال کی یاد دلاتی ہیں۔
مصریوں نے یعقوب کی وفات کا ستر روز تک سوگ منایا ۔ جس کے بعد یوسف اور انکے بھائی میت کر کنعان کی جانب روانہ ہوئے ۔ امرا اور درباریوں پر مشتمل یہ ایک عظیم الشان لشکر تھا جو مصر سے نکلا۔ کنعان پہونچ کر یعقوب کے بیٹوں نے انہیں اسی غار میں دفن کیا جہاں ابراہیم اور انکے دوسرے آباء و اجداد دفن تھے۔ والد کو دفنانے کے بعد ، یوسف اور ان کے بھائی مصر لوٹ آئے۔ والد کی وفات کے بعد یوسف کے تمام بھائی سجدے میں گرگئے اور ان سے ماضی کی بدسلوکیوں کی مافی مانگی۔ یوسف نے اپنے بھائیوں کے ساتھ بہت ہی مشفقانہ برتاو کیا۔ یوسف ایک سو دس سال زندہ رہے۔ اپنی وفات کے قریب انہوں نے اپنے بھائیوں کو جمع کیا اور وصیت کی کہ جب وہ کنعان لوٹیں تو انکی ہڈیو ں کو ساتھ لے کر جائیں۔

اسرائیل کا مسیحا۔ موسی

وقت گزرتا گیا ، یوسف کے تمام بھائی فوت ہوگئے ۔ لیکن اسرائیلی بڑہتے رہے۔ اور ایک قوم میں تبدیل ہوگئے۔ لیکن وقت کے ساتھ بہت چیزیں تبدیل ہوگئیں۔ ایک ایسا بادشاہ اقتدار میں آیا ،جس کی نظر میں یوسف کی خدمات کی کوئی وقعت نہ تھی۔ اسے تو اسرائیلیوں کی تعداد سے خوف لاحق ہونے لگا کہ کہیں وہ اسکے اقتدار پر ہی نہ قابض ہوجائیں۔ اس نے انہیں جبری مشقت میں جھونک دیا ۔ اور دو نئے شہر تعمیر کرنے پر لگا دیا۔ لیکن مصری جتنا ظلم کرتے اسرائیلی اتنی ہی تیزی سے بڑھتے رہتے۔ وقت کے ساتھ ساتھ مصری مزید بے رحم ہوگئے اور ان پر زیادہ مشقت کا بوجھ ڈال دیا ۔ لیکن جب اسرائیلی کسی طور پر کم نہ ہوئے تو فرعون نے ہر نئے پیدا ہونے والے اسرائیلی مرد بچے کو قتل کرنے کا حکم دے دیا۔ جب مصری مظالم حد سے بڑھ گئے تو خدا کی لاٹھی حرکت میں آگئی ۔
اسرائیلیوں کو مصریوں کے ظلم سے نجات دلوانے کے لئے خدا نے موسی کو مقرر کیا۔ قوم اسرائیل کا مصر سے کنعان تک کا سفر چالیس برس پر محیط تھا ۔ پورے سفر کے دوران خدا نے قوم کی قدم قدم پر معجزانہ طور پر مدد کی۔ خود موسی کا زندہ رہنا بھی کسی معجزے سے کم نہ تھا۔ یہ خدا کا معجزہ تھا کہ انکا دشمن ہی انکا محافظ بن گیا ۔ انکی پرورش اسی فرعون کے محل میں ہوئی جس نے ہر

اسرائیلی نومولود کو قتل کرنے کا حکم دے رکھا تھا۔ موسی یعقوب کے بیٹے لاوی کی اولاد میں سے تھے ۔ انکی والدہ نے انہیں ٹوکر ی میں ڈال کر دریائے نیل میں بہا دیا۔ یہ ٹوکری تیرتے تیرتے معجزانہ طور پر اس جگہ آن پہونچی جہاں فرعون کی بیٹی(مسلمان عقیدے کے مطابق فرعون کی بیوی) بیٹھی تھیں CITATION Sun8 \l 1033 ۔ انہوں نے بچے کو دیکھا تو اسے گود لینے کا فیصلہ کرلیا یہ بھی ایک معجزہ تھا کہ فرعون کی بہن نے دودھ پلانے کے لئے موسی کی والدہ کو ہی متعین کیا۔ فرعون کی بہن نے نومولود کا نام موسی رکھا جس کا مطلب تھا باہر نکالا گیا۔ موسی کا بچپن شاہی محل میں گزرا یہاں تک کہ وہ بڑے ہوگئے ایک دن ایک مصری کو ایک اسرائیلی پر ظلم و ستم کرتے دیکھ کرخود پر قابو نہ پاسکے اور اسے ایک مکہ جڑ دیا ۔ ضرب سے مصری ہلاک ہوگیا اور موسی کو مصر سے فرار ہونا پڑا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ موسی مدیان پہونچ گئے ، یہاں ایک کنویں پر انکی ملاقات ایک لڑکی سے ہوئی انہوں نے اسے پانی بھرنے میں مدد کی ۔ یہ ایک بڑے کاہن کی بیٹی تھیں،وہ انہیں گھر لے گئیں ۔ جب کاہن موسی سے ملے تو بہت خوش ہوئے اور اپنی ایک بیٹی صفورہ سے انکی شادی کردی ۔ موسی وہیں رہنے لگے اور اپنے سسر کی بکریاں چرانے لگے۔ اسی اثنا میں مصر کا بادشاہ فوت ہوگیا۔ ایک دن موسی بکریاں چراتے دور نکل گئے۔ اور حورب کے پہاڑ تک پہونچ گئے ۔ کہ یکایک ایک جھاڑی سے ایک شعلہ نمودار ہوا۔میں تمہارے باپ ، ابراہیم، اسحاق اور یعقوب کا خدا ہوں ، ندا آئی اورموسی پر ایسی دہشت طاری ہوئی کہ انہوں نے اپنا منہ چھپا لیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ خدا نے موسی سے کہا کہ مصری بنی اسرائیل پر ظلم ڈھا رہے ہیں ۔ اس نے بنی اسرائیل کی فریاد سن لی ہے اسلئے اب وہ انہیں مصر سے نکال کر ایک ایسی سرزمین بھیجنا چاہتا ہے جہاں دودھ اور شہد بہتا ہو CITATION Sun8 \l 1033 ۔ خدا نے موسی کو حکم دیا کہ وہ فرعون کے پاس جائیں، اور قوم اسرائیل کو مصر سے نکالیں۔ موسی ہچکچائے تو رب نے انہیں تسلی دی کہ وہ ہمہ وقت انکے ساتھ ہوگا۔ خدا نے موسی کو عصا کا معجزہ دیا ۔ وہ اپنی لاٹھی زمین پر ڈالتے تو وہ سانپ بن جاتی تھی اور جب سانپ کو دم سے پکڑتے تو وہ دوبارہ عصا بن جاتی ۔خدا نے موسی کو ایک دوسرا معجزہ بھی دیا جب وہ اپنے ہاتھ

CITATION Sun8 \l 1033 (Exodus 2:5)

CITATION Sun8 \l 1033 (Exodus Chapter 2:11-14)

CITATION Sun8 \l 1033 (Exodus Chapter 2:3-6)

CITATION Sun8 \l 1033 (Exodus Chapter 3:8)

کو لباس کے اندر ڈالتے تھے تو وہ کسی کوڑھی کی مانند سفید برف ہو جاتا تھا ، موسی جب اپنا ہاتھ دوبارہ چوغے میں ڈالتے تو وہ اپنی اصلی حالت میں واپس آجاتا ۔ خدا نے انہیں ایک تیسرا معجزہ بھی دیا، وہ جب بھی دریائے نیل سے پانی نکال کر زمین پر ڈالتے وہ خون کی شکل اختیار کرجاتا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ موسی کی زبان میں لکنت تھی ۔ اس وجہ سے وہ ذمہ داری اٹھانے سے ہچکچا رہے تھے ۔ انہوں نے خدا سے درخواست کی وہ اس کام کے لئے کسی اور کو متعین کردے ۔خدا ناراض ہوا اور کہا کہ وہی یہ کام کریں گے اور موسی کے بھائی ہارون کو انکا مددگار متعین کردیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ خدا کی ہدایت پر ، موسی مصر لوٹ آئے اور بنی اسرائیل کے سب برگوں کو ایک جگہ جمع کرکے سارا ماجرہ بیان کیا اور خدا کے عطا کردہ معجزے دکھائے ۔ بنی اسرائیل نے سر تسلیم خم کردیا۔ مگر جب موسی اور ہارون فرعون کے سامنے پیش ہوئے اور اس سے درخواست کی کہ وہ بنی اسرائیل کو ان کے ساتھ مصر سے باہر جانے دیں تو بادشاہ نے موسی کو کام سے کام رکھنے کا مشورہ دیا ۔ لیکن اس نے بنی اسرائیل کا کام پہلے سے بھی بڑھا دیا ۔ پہلے انہیں اینٹیں بنانے کے لئے بھوسہ فراہم کیا جاتا تھا ۔ پھر انہیں بھوسے کے بغیر اینٹیں بنانے کو کہا گیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔اب وہ سارا ساردن بھوسے کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ۔ اینٹیں اگر کم بنتیں تو انکو مار پیٹا جاتا۔ بنی اسرائیل موسی سے بددل ہوگئے کہ انکی وجہ سے انکی مشکلات میں اضافہ ہوگیا تھا۔ موسی کے بار بار اصرار پر بھی فرعون کا دل موم نہ ہوا۔ خدا نے موسی پر کئی عذاب بھیجے لیکن وہ پھر بھی نہ مانا۔ ایک دن ہر طرف سے اتنے مینڈک نکل آئے کہ پورا مصر چھپ گیا ۔ گھروں بستروں تندوروں آٹا گوندھنے کی جگہ ہر طرف مینڈک ہی مینڈک تھے۔ خدا نے دریائے نیل کا پانی لہو میں تبدیل کردیاکہ وہ پینے کے قابل نہ رہا ۔ مگر فرعون نہ مانا۔ ہر طاعون سے پہلے موسیٰ نے فرعون سے اپنی قوم کو رہا کرنے کا مطالبہ کیا ، لیکن ہر بار بادشاہ نے انکار کیا۔ یہاں تک کہ خدا نے پوری مصری قوم کے پہلوٹھی کے تمام نر بچے ہلاک کردئے۔ جب فرعون کا اپنا بچہ ہلاک ہوا تو اس نے ہار مان لی اور اسرائیلیوں کو جانے کی اجازت دے دی۔ چلنے سے پہلے خدا کے کہنے پر بنی اسرائیل نے اپنے ہمسایوں سے زیور ادھار مانگ لیا اور اسے واپس کئے بغیر مصر سے روانہ ہو گئے۔ یعقوب جب مصر آئے تو انکے ساتھ انکے کنبہ کے ستر

CITATION Sun8 \l 1033 (Exodus Chapter 4:3-9)
CITATION Sun8 \l 1033 (Exodus Chapter 4:13-14)
CITATION Sun8 \l 1033 (Exodus Chapter 5:7)

افراد تھے ۔ چار سو تیس سالوں یہ ستر افراد لاکھوں میں تبدیل ہو گئے۔ موسی جب بنی اسرائیل کے ساتھ مصر سے روانہ ہوئے تو صرف مردوں کی تعداد چھ لاکھ تھی بچے اور خواتین انکے علاوہ تھے۔ موسی کے مصر سے روانہ ہوتے ہی فرعون کو احسا س ہوا کہ مفت کے مزدور تو اس نےکھو دئے ہیں۔اس نے قوم اسرائیل کو واپس لانے کے لئے تیز رفتار رتھوں کی فوج بھیجی ۔ جس نے جلد ہی موسی اور انکے لوگوں کو آ لیا ۔ لوگوں نے فرعون کی فوج دیکھی تو موسی پر برہم ہوئے کہ وہ انہیں بیابان میں مروانے کو مصر سے نکال لائے ہیں۔ اس سے تو بہتر تھا کہ وہ وہیں رہتے ۔ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ خدا نے موسی کو عصا سمندر میں ڈالنے کو کہا موسی نے جیسے ہی عصا ڈالا سمندر دو حصوں میں تقسیم ہوگیا اور اس میں خشکی کا راستہ بن گیا۔موسی کی پوری قوم سمندر میں سے گزر گئی ۔ موسی کی قوم کو گزرتا دیکھ کر فرعون کی فوج بھی انکے پیچھے لپکی ۔ جیسے ہی فوج بیچوں بیچ پہنچی سمندر پھر سے جاری ہوگیا۔ فرعون کی پوری فوج دیکھتے ہی دیکھتے پانی میں غرق ہوگئی [CITATION Sun8 \l 1033]

اسرائیل کے صحرا میں چالیس سال

سمندر کے دو لخت ہوجانے کا معجزے کو دیکھ کر بنی اسرائیل نے موسی پر بھروسے کرنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن ان کا اعتماد عارضی ثابت ہوا۔ صحرا کا مشکل سفر شروع ہوا تو جلد ہی کئی ہمت ہار گئے۔ ٹھیک ڈیڑھ ماہ کے بعد ، لوگ بھوک سے تنگ آگئے۔ موسی کی درخواست پر خدا نے آسمان سے بھنے ہوئے بٹیر اور من نازل کیا [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ من سفید رنگ کا تھا اور اس کا ذائقہ شہد سے بنی بوندی جیسا تھا۔ انکی پیاس بجھانے کو خدا نے چشمے جاری کئے جب خدا کے حکم پر جماعت نے رفیدم کے علاقے میں قیام کیا تو پینے کا پانی نہ پاکر وہ موسی سے الجھنے لگے کہ وہ انہیں اور انکے بچوں کو پیاسا مارنے کو مصر سے نکال لائے ہیں۔ وہ دراصل یہ آزمانا چاہتے تھے کہ خدا انکے ساتھ ہے بھی یا نہیں ۔ خدا کے حکم پر موسی نےحورب کی چٹان پر اپنا عصا مارا تو اس سے پانی جاری ہوگیا [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ تین ماہ کے سفر کے بعدجب قافلہ کوہ سینا پہنچا تو وہیں خیمہ زن ہوگیا۔

[CITATION Sun8 \l 1033] (Exodus Chapter 14:28)

[CITATION Sun8 \l 1033] (Exodus Chapter 16:13)

[CITATION Sun8 \l 1033] (Exodus Chapter 17:1-5)

[CITATION Sun8 \l 1033] (Exodus Chapter 19:1-2)

یہیں خدا نے موسی سے کہا کہ وہ جاکے اپنی قوم کو بتادیں کہ اگر وہ مکمل طور پر خدا کی فرمان برداری کریں گے تو خدا انہیں اپنا مقرب بنا لے گا۔ اور وہ کاہنوں کی ایک مقدس قوم بن جائیں گے۔۔ کیونکہ ساری زمین کا مالک وہی ہے۔ موسی نے جب خدا کی تمام باتیں قوم کے بزرگوں کو بتائیں تو انہوں نے کہا کہ وہ خدا کے ہر حکم پر عمل کریں گے موسی نے خدا تک انکا اقرار پہنچایا تو خدا نے موسی کو کہا کہ تین روز کے بعد وہ چند معززین کو لے کر پہاڑ پر آجائیں تاکہ وہ خود خدا کی کہی باتیں سن سکیں۔ خدا نے خبردار کیا کہ کوئی اسوقت تک پہاڑ پر نہ آئے جب تک نرسنگھا نہ پھونکا جائے ورنہ لوگ تاب نہ لاپائیں گے اورمرجائیں گے۔ وہ تمام لوگ خدا سے ملنے کی تیاری کرنے گے ۔ عورتوں سے دور رہے اور نہا دھو کر دھلے کپڑے پہنے۔ تیسرے روز جیسے ہی صبح ہوئی ۔ بادل گرجنے لگے ۔ پہاڑ کے اوپر گھنا اندھیرا چھا گیا پھر بگل بجنے لگا اور خیمے میں مقیم لوگوں پر لرزہ طاری ہوگیا۔ CITATION Sun8 \l 1033

موسی لوگوں کو خیمے سے نکال لائے اور انہیں پہاڑ کے دامن میں کھڑا کردیا ۔کوہ سینا اسوقت اوپر سے نیچے تک دھوئیں کی لپیٹ میں تھا اور دھواں تنور کی مانند اوپر اٹھ رہا تھا پورا پہاڑ زور زور سے لرز رہا تھا ۔ جب خدا پہاڑ کی چوٹی پر اترا تو موسی کو بلایا ۔موسی کے ساتھ بنی اسرائیل کے ستر بزرگ پہاڑ پر گئے اور انہوں نے خدا کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ اس کے پیروں میں نیلم کے پتھر کا چبوترہ سا تھا جو آسمان کی مانند شفاف تھا، خدا نے موسی کو روک لیا ۔ موسی نے اپنی قوم کے بزرگوں کو واپس روانہ کیا اور کہا کہ وہ کسی مقدمہ کی صورت میں ہارون سے رجوع کریں جب موسی واپس پہاڑپر جانے کے لئے روانہ ہوئے تو بنی اسرائیل کو پہاڑ کی چوٹی پر خدا کا جلا ل نظر آیا ۔ وہ فنا کردینے والی آگ کی مانند تھا۔ پہاڑ پر ایک گھٹا سی چھائی تھی۔ موسی اس گھٹا میں داخل ہوکر پہاڑ پر چڑھ گئے اور چالیس دن چالیس رات وہیں قیام کیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ خدا نے موسی کو وہیں شریعت عطا کی ۔ سب سے پہلا حکم جو خدا نے موسی اور انکی قوم کو دیا وہ یہ تھا کہ خدا کے علاوہ کسی کو معبود نہ ماننا۔ دوسرا حکم تھا کہ کوئی بت نہ تراشا جائے خدا نے کہا کہ جو لوگ اس سے محبت رکھتے ہیں اور اسکے احکام مانتے ہیں وہ ان سے پشت در پشت محبت کرتا ہے۔ ۔ اگلے حکم میں خدا کا نام بری نیت سے لینے سے منع کردیا گیا ۔ شائد یہی وجہ ہے۔ کہ یہودی خدا کا نام جی او

CITATION Sun8 \l 1033 (Exodus Chapter 19:16)
CITATION Sun8 \l 1033 (Exodus Chapter 24:18)

ڈی گاڈ لکھنے کی بجائے جی ڈیش ڈی لکھتے ہیں۔ لیکن یہ حکم تو خدا
کا نام بری نیت سے لینے کے حوالے سے تھا ۔ اگلا حکم سبت کےمتعلق
تھا ۔ خدا نے کہا کہ چھ دن کام کے ہیں لیکن سبت کے دن کوئی کام
نہ کیا جائے ۔ پھر ماں باپ کی عزت کا حکم دیا گیا۔ خون زنا اور چوری
سے منع کردیا گیا اور اس بات کی بھی تاکید کی گئی کہ کوئی اپنے
پروسی کی بیوی یا اسکی کسی چیز کا لالچ نہ کرے، اس طرح خدا نے
کل چھ سو تیرہ احکامات صادر فرمائے ، جنھیں مختصرا دس احکامات
بھی کہا جاتا ہے۔
یہیں خدا نے قربانی کے احکامات بھی نازل کئے اور اسرائیلیوں کے لئے
عبادت کا خیمہ اور عہد کا صندوق جسے آرک آف دی کووینںٹ کہا جاتا
ہے کی تعمیر کے حوالے سے تفصیلی احکامات جاری کئے ، ان احکامات
میں ذاتی زندگی سے لیکر اجتماعی زندگی کا تمام تر ضابطہ حیات
پوری باریکیوں کے ساتھ بتا دیا گیا۔ [CITATION Sun8 \l 1033]

اسرائیلیوں کی خدا سے بد عہدی

خدا نے ابراہیم ، اسحاق ، یعقوب ، اور موسیٰ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ
بنی اسرائیل کو ایک عظیم قوم بنائے گا اور ہمیشہ کے لئے انھیں ایک
ایسی سر زمین عطا کرے گا جس میں دودھ اور شہد بہتا ہوگا۔ اس
کے بدلے میں ، اس نے اولاد ابراہیم سے صرف ایک تقاضا کیا کہ وہ
خالص ہو کر اسی کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ
ٹھہرائیں۔ لیکن جس وقت خدا موسی کو شریعت عطا کررہا تھا اس
وقت بنی اسرائیل سب سے بڑے گناہ یعنی بر پرستی میں مشغول
تھے۔ جب موسی کا قیام پہاڑ پر طویل ہوگیا تو بنی اسرائیل نے
موسی کے بھائی یعقوب کو مجبور کردیا کہ وہ انکے لئے ایک بچھڑا
بنادیں۔ جس کی وہ عبادت کر سکیں ۔ موسی ابھی پہاڑ پر ہی تھے
کہ خدا نے انہیں بتایاکہ انکی قوم کتنی جلدی گمراہ ہوگئی ہے۔ اور
ایک بچھڑے کو پوج رہی ہے۔ ۔ خدا نے کہا کہ یہ ایک سرکش قوم ہے۔
اور وہ اسے نیست و نابود کردے گا۔ موسی نے خدا سے رحم کی
درخواست کرتے ہوئے کہا کہ اگر اسرائیلیوں کو اس نے نیست و نابود
کردیا تو مصری کہیں گے کہ خدا نے انہیں پہاڑوں میں مارنے کےلئے
مصر سے نکالا [CITATION Sun8 \l 1033]۔ موسی نے معافی کی درخواست
کرتے ہوئے خدا کو ابراہیم ، اسحاق ، اور یعقوب سے کیا ہوا وعدہ یاد

[CITATION Sun8 \l 1033] (Exodus Chapter 20 to Chapter 31)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Exodus Chapter 32:12)

دلایا ۔ موسی کی درخواست پر خدا نے اپنا ارادہ تبدیل کرلیا۔ اب
موسی اپنے لوگوں میں لوٹ گئے انکے ہاتھ میں لوح تھی جس میں
تمام خدائی احکامات درج تھے۔ موسی جیسے ہی اپنے لوگوں میں
پہنچے انہوں نے دیکھا کہ ایک بچھڑا ناچ رہا ہے۔ اور لوگ اسکی عبادت
میں مشغول ہیں انہیں سخت طیش آیا ۔ غصے انہوں نے اپنے ہاتھ
میں پکڑی لوح زمین پر دے ماری اور پھربچھڑے کو آگ میں جھونک دیا۔
اب موسی نے اعلان کیا کہ جو خدا کی طرف ہے۔ وہ انکے پاس آجائے ۔
بن لاوی کا سارا قبیلہ انکے پاس آگیا پھر انہوں نے حکم دیا کہ ہر آدمی
تلوار اٹھالے اور خیمہ گاہ میں اپنے بھائیوں دوستوں اور پڑوسیوں کو
قتل کرنا شروع کردے۔ اس دن تقریبا تین ہزار آدمی مارے گئے [CITATION Sun8 \l 1033]
۔ معلوم تاریخ میں خدا کا شریک ٹہرانے کی یہ سب سے
پہلی کڑی سزا ہے۔ پھر موسی خدا کے پاس گئے اور اس سے حجت کی
کہ اس میں شک نہیں کہ انکی قوم نے بہت بھاری گناہ کیا لیکن خدا
انہیں معاف کردے۔اور اگر معاف نہیں کرتا تو موسی کا نام اس
کتاب سے مٹادے جو اس نے لکھی ہے۔ [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ خدا نے کہا کہ
وہ صرف اسی کا نام اس کتاب سے مٹائے گا جس نے اسکا گناہ کیا ،
خدا نے موسی کو کہا کہ وہ واپس جاکر احکامات بجا لائیں جو خدا نے
انہیں دئے ہیں ۔ قوم بنی اسرائیل کو سزا مقررہ وقت پر ملے گی۔
بعد میں خدا نے بچھڑا بنانے کے جرم میں قوم پر ایک وبا نازل کی۔
ایک دن موسی نے خدا سے کہا کہ تو کہتا ہے کہ میں بنی اسرائیل
کی رہبری کروں لیکن تو نے نہیں بتایا کہ تو میرے ساتھ کس کو بھیجے
گا۔ خدا نے کہا کہ وہ خود انکے ساتھ جائے گا ۔ اب موسی کو خدا کو
دیکھنے کی خواہش ہوئی کہنے لگے اگر تو مجھ سے خوش ہے۔ تو مجھے
اپنا جلال دکھا۔ خدا نے کہا کہ کوئی بھی انسان خدا کا چہرہ دیکھ کر
زندہ نہیں رہ سکتا ۔ لیکن موسی کی شدید خواہش پر خدا نے کہا
کہ وہ اپنا جلال دیکھائے گا لیکن موسی خدا کی پشت ہی دیکھ پائیں
گے چہرہ نہیں۔اس طرح موسی نے خدا کا دیدار کیا ۔ بنی اسرائیل نے
موسی کی قیادت میں لگ بھگ ایک سال کوہ سینا کے دامن میں گزارے
۔اس پہاڑ کو کوہ طور بھی کہتے ہیں ۔ یہیں انہیں ایک قوم کے طور
پر زندگی گزارنے کا تجربہ ہوا اور یہیں انکی خدا سے شناسائی ہوئی۔
خدا نے موسی کو کہا کہ وہ اب اس ملک کی جانب پیش قدمی کریں
جس کا وعدہ اس نے ان کے آباء و اجداد سے کیا ہے۔ ۔ خدا انکے ساتھ
فرشتہ متعین کرے گا لیکن خود نہیں جائے گا کیونکہ وہ ایک سرکش

[CITATION Sun8 \l 1033] (Exodus Chapter 32:28)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Exodus Chapter 32:31)

قوم ہیں کہ ایسا نہ ہو وہ انہیں راستے میں ہی فنا کرڈالے۔ یہیں
قوم نے عہد کا صندوق تیار کیا خدا نے اس کام کے لئے کاریگر بھی خود
ہی نامزد کیا۔ روایات ہیں کہ سفر کے دوران اس صندوق سے ایک
شعلہ نکلتا تھا جو سانپ ، بچھو اور دوسری موذی اشیا کو جلا کر
بھسم کردیتا تھا ۔ ایک اور مدراش کے مطابق یہ صندوق اپنے اٹھانے
والوں کو زمین سے کئی انچ اوپربلند کردیتا تھا۔ اس جادوئی صندوق نے
کنعان کی فتح کے دوران بنی اسرائیل کی بہت مدد کی ۔ اس صندوق
کی یہودی مذہب میں بہت روحانی اہمیت ہے کہ یہ زمین پر خدا کا
مظہر تھا۔ اس کے ذریعے ہی پجاری اپنے اور اپنی قوم کے لئے معافی
طلب کرتے تھے۔خدا نے اسرائیل کے پورے سفر کے دوران ان گنت
انعامات سے نوازا۔ اس نے انہیں آسمان سے کھانا ، پانی ، تحفظ اور
رہنمائی فراہم کی ، لیکن بنی اسرائیل نے قدم قدم پر غلطیاں کیں۔
ان کی مسلسل نافرمانی نے خدا کو ناراض کیا اور اس نے انہیں چالیس
سال تک کے لئے صحرا میں بھٹکا دیا ۔ مصر یوں کی غلامی سے آزاد
ہونے پر خدا کا شکر بجا لانے کی بجائے وہ سرکشی ہی کرتے رہے۔ نہ
صرف قبیلے کے لوگ بلکہ موسی کے قریبی ساتھی بھی ضبط کھو
بیٹھے۔ جب موسیٰ نے ایک کوشتی عورت سے شادی کی تو مریم اور
ہارون نے ان پر سخت تنقید کی اور کہا ، کیا خدا صرف موسیٰ کے
ذریعے ہی کیوں بات کرتا ہے اور ہمارے زریعے سے کیوں نہیں وہ
بولے ۔ خدا کو انکی یہ بات بہت ناگوار گزری۔ اس نے انہیں خیمے
میں طلب کیا اور کہا کہ وہ خود کو اپنے نبیوں سے خواب میں باتیں
کرتا ہے لیکن موسی کے ساتھ ایسا نہیں ہے۔ موسی خدا کا قابل
اعتماد ہے اور خدا اس سے روبرو باتیں کرتا ہے۔ اور موسی کو خدا کا
دیدار بھی نصیب ہوتا ہے۔ خدا نے دریافت کیا کہ انہیں موسی کی
برائی کرتے ہوئے کوئی خوف نہیں آیا۔ اور خدا ناراض ہوکر چلا گیا ۔
خدا کے رخصت ہوتے ہی مریم کو ایک خوفناک بیماری نے آگھیرا ۔
انکی جلد سفید ہوگئی CITATION Sun8 \l 1033 ۔ موسی کی خدا سے
درخواست پر سات یوم کے بعد وہ تندرست ہوئیں۔بائبل کے محققین کے
مطابق بنی اسرائیل کی سب سے بڑی غلطی یا سب سے بڑی حکم
عدولی، کنعانیوں سے جنگ سے انکار تھی۔ موسی نے خدا کے حکم پر
جاسوس بھیجے کہ وہ جاکر ملک کنعان کے شہروں اور باشندوں کی
طاقت کا جائزہ لے کر آئیں تاکہ ان سے لڑنے کی تیاری کی جا سکے ۔
جاسوس چالیس روز بعد لوٹے۔ انہوں نے واپس آکر بتایا کہ کنعان میں

CITATION Sun8 \l 1033 (Numbers 12:1-12)

یقینا دودھ اور شہد بہتا ہے لیکن اس کے باشندے بھی طاقتور ہیں اور
شہروں میں بڑے بڑے قلعے ہیں۔ بارہ جاسوسوں میں سے صرف یشوع
اور قالب ایسے تھے جنھوں نے واپس آکر بتایا کہ خدا کی مدد سے
کنعانیوں کو مغلوب کیا جا سکتا ہے۔ جاسوسوں کی رپورٹ سنتے ہی
ہر طرف آہ و بکا شروع ہو گئی۔ CITATION Sun8 \l 1033 لوگ رات بھر روتے
رہے کہ ایک زبردست فوج سے لڑنے سے بہتر ہے کہ وہ واپس ہی
لوٹ جائیں۔ موسی نے انہیں خدا کی نوازشات اور معجزے گنوائے لیکن
وہ ٹس سے مس نہ ہوئے۔ انکی اس نا فرمانی پر خدا ناراض ہوا
اس بری نسل میں سے ایک بھی اس اچھی سرزمین کو نہیں دیکھ"
پائے گا ۔ جس کا میں نے وعدہ کیا "،خدا نے کہا۔ لیکن اس حکم سے
دو لوگ مستثنی تھے ،جوشو اور قالب ۔ وہ دو جاسوس جنھوں نے
لوگوں کو کنعان پر چڑھائی کی ترغیب دی تھی۔ جب لوگوں نے یہ سنا
تو غمزدہ ہوگئے اور پھرسرکشی کر گزرے ۔ کسی بھی طور پر کنعان
میں داخل ہونے کی جستجو میں وہ قریبی چوٹی پر چڑھ دوڑے، لیکن
عمالیقی اور کنعانی ، آئے اور انہیں پیچھے دھکیل دیا۔صرف بنی
اسرائیل ہی نہیں خدا نے موسی کو بھی کنعان کی سرزمین میں
داخلے سے روک دیا۔ اسکی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ایک دفعہ پانی
حاصل کرنے کے لئے موسی نے خدا کے احکامات کے برعکس اپنے عصا
کو قوم کے سامنے دوبار چٹان پر مارا جبکہ انہیں چٹان سے بات کرنے
کا کہا گیا تھا۔ آخر جب وقت آیا تو موسی نے اپنے لوگوں کو اکٹھا کیا
اور کہا کہ وہ کنعان میں داخل ہونے کو ہیں ۔ لیکن انہیں یاد رکھنا
چاہئے کہ اگر وہ خدا کے احکامات کی تعمیل نہیں کریں گے تو خدا
انہیں کنعان سے بے دخل کردے گا انہوں نے لوگوں کو خبردار کیا کہ وہ
بت پرستی میں نہ پڑیں ۔ کیونکہ انکا خدا نہائت ہی غیرت مند ہے،
وہ انہیں تباہ کردے گا ۔ لیکن ساتھ ہیموسی نے کہا کہ انکا خدا بہت
رحم کرنے والا بھی ہے اگر وہ اسے صدق دل سے پکاریں گے تو وہ انکی
مدد کرے گا اور انہیں تنہا نہیں چھوڑے گا۔ موسی کی رحلت سے پہلے
خدا نے انہیں وعدہ کی گئی سرزمین کا ایک پہاڑ کی چوٹی سے
نظارہ کروایا اور کہا کہ یہ ہے وہ ملک جس کا اس نے ابراہیم اسحاق
اور یعقوب سے وعدہ کیا۔ لیکن تم وہاں نہیں جاوگے CITATION Sun8 \l 1033 ۔
موسی موآب کی سرزمین میں فوت ہوئے۔ موسی کی وفات کے
بعدجوشوا یہودیوں کو کنعان لے گئے۔ دریائے اردن کو عبور کرنا بھی
کسی معجزے سے کم نہ تھا۔ جوشوا کے حکم پر تمام لوگوں نے پہلے

CITATION Sun8 \l 1033 (Numbers 13-14)

CITATION Sun8 \l 1033 (Deuteronomy 34:4)

خود کو پاک کیا اپنے کپڑے صاف کئے اور جنسی تعلق سے پرہیز کیا۔
اگلے روز تمام لوگ صندوق کے آدھے میل پیچھے جمع ہوگئے ۔ لاوی
کاہن صندوق کو جیسے ہی دریائے اردن کے پاس لے گئے پانی سوکھ
گیا۔ ویسے ہی جیسے مصر سے نکلتے وقت سمندر کا پانی دو لخت
ہوگیا تھا۔ کاہن صندوق اٹھا کر دریا کے بیچوں بیچ رک گئے اور جب
سب نے دریا پار کرلیا تو پھر وہ بھی چل پڑے۔ اب وہ کنعان میں تھے۔

دودھ اور شہد کے دیس ۔ کنعان میں

اگلی دو صدیوں کے دوران ، اسرائیلیوں نے زیادہ تر علاقے کو فتح کرلیا
،کچھ کسان بن گئے اور کچھ نے کاریگری سیکھ لی۔ انہوں نے خود کو
معاشی اور معاشرتی طور پر خوب مستحکم کیا ۔ جنگ کے بعد ،
اسرائیلی قبائل متحد ہوگئے ۔ اور متحدہ اسرائیل کے نام سے ایک
ریاست قائم کرلی ۔ جس پر بادشاہ ساؤل ،داؤد اور سلیمان نے
حکومت کی۔ داؤد کا دور اقتدار چالیس سال تھا ۔ ان کے بعد انکے
بیٹے سلیمان سلطنت کے وارث بنے ۔ سلیمان ، بنی اسرائیل کے سب
سے منفرد بادشاہ تھے ۔ بائبل کے مطابق وہ کم عمری میں ہی بادشاہ
بن گئے اور انہوں نے خدا سے فہم و بصیرت والا دل مانگا ۔ خدا کو
انکی دعا پسند آئی کہ انہوں نے درازیۓ عمر، دولت اور دشمن کی
بربادی کی بجائے فہم و بصیرت مانگی تاکہ وہ انصاف کر سکیں ۔
خدا نے سلیمان کو خواب میں بتایا کہا کہ وہ انہیں ایسا عقلمند اور
سمجھنے والا دل دے گا کہ نہ پہلے کسی کا ہوا نہ بعد میں ہوگا۔
ساتھ ہی خدا و ہ بھی عطا کرے گا جو سلیمان نے نہیں مانگا ،یعنی
دولت اور عزت۔ اور وہ بھی ایسی کہ ہم عصروں میں کسی کے
پاس نہ ہو[CITATION Sun8 \l 1033]۔خدا نے سلیمان کو کثرت سے حکمت ،
شعور، اور قوت امتیاز عطا کی تھی ۔ ان سے تین ہزار کہانیاں اور
گیت منسوب ہیں۔ سلیما ن کی ریاست دولت مند ترین شمار کی
جاتی ہے۔ ان کو سالانہ چھ سو چھیاسٹھ قنطار سونا وصول ہوتا
تھا ۔ سوداگر تاجر اور عرب بادشاہوں کا مالیہ اسکے علاوہ تھا ۔
سلیمان کے تمام برتن سونے کے تھے ۔ کیونکہ سونا تھا ہی اتنا عام۔
ان کے پاس تجارتی جہازوں کا ایک بحری بیڑہ تھا۔ ان کے پاس ایک
ہزار چار سو رتھ اور بارہ ہزار گھوڑے تھے ، ان کے دور میں اتنی
فراوانی تھی کہ یروشلم میں چاندی پتھروں کی مانند تھی۔ سلیمان
نے خدا کی عبادت کے لئے ایک عظیم الشان ہیکل تعمیرکیا ۔ خدا اس

[CITATION Sun8 \l 1033] (1 Kings Chapter 3:7-15)

پر ان سے بہت خوش ہوا ۔ لیکن اس عظیم بادشاہ سے ایک غلطی
ہوگئی۔ انہوں نے خدا کے حکم کے برعکس مقامی عورتوں یعنی
موآبی ، ادومی ، اور حتی عورتوں کو دل دے بیٹھے۔ خدا نے ان عورتوں
سے بنی اسرائیل کو شادی کرنے سے منع کیا ہوا تھا کہ وہ بت پرست
تھیں اور اسرائیلیوں کو بھی بت پرستی پر مائل نہ کردیں ۔ وہی
ہوا ۔ ان کی سات سو بیویوں اور تین سو کنیزوں نے انہیں بہکا دیا
دیا ۔ انہوں نے یروشلم کے مشرقی جانب ایک پہاڑی پر موآب کے
دیوتا کموس کے لئے اور عمونیوں کے دیوتا مولک کے لئے ایک بلند مقام
تعمیر کروایا جہاں ان کی بیویاں عبادت کرتیں اور دیوتاؤوں کے لئے
قربانیاں کرتیں۔ سلیمان خدا سے اتنے مخلص نہیں رہے جتنا کہ اتنے
والد تھے۔ خدا نے انکو دوبار تنبیہ کی کہ وہ دیوتاوں کو نہ پوجیں ۔
لیکن سلیمان سے کوتاہی ہوئی۔ مسلسل نافرمانی سے خدا ناراض
ہوا اور اس نے سلیمان کی عالی شان سلطنت کو دو حصوں میں
تقسیم کردیا۔ لیکن اپنے فرمان بردار داؤد کی وجہ سے خدا نے سلیمان
کو مہلت دی ۔ سلیمان چالیس سال تک اسرائیل کے بادشاہ کی
حیثیت سے یروشلم میں رہے اور ساٹھ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔
سلیمان کی زندگی اور حکمرانی کے کا تذکرہ بائبل (خاص طور پر کنگز
کی پہلی کتاب کے پہلے 11 ابواب اور تاریخ کی دوسری کتاب۔
کرونیکلز 2 ۔کے پہلے نو ابواب) میں ملتا ہے۔ ان ذرائع کے مطابق داؤد
نے بڑی مشکلات کے بعد یہودیہ خاندان کی بنیاد رکھی اور اسرائیل کے
تمام قبائل کو ایک بادشاہ کے ماتحت کردیا۔ سلیمان کی والدہ باتھ شیبا
تھیں ، جو داود سے شادی سے پہلے انکے سپہ سالار اوریاہ کی بیوی
تھیں ۔ انہیں ریاستی امور میں ملکہ حاصل تھا ۔ اسی وجہ سے وہ
اپنے بیٹے سلیمان کوبادشاہ بنوانے میں کامیاب ہوگئیں حالاں کہ
سلیمان دواؤد کے بڑے بیٹے نہ تھے بلکہ بھائیوں میں چھوٹے تھے۔ سلیمان
تاریخ کے ان مشہور ترین لوگوں میں سے ہیں جن کے قصے پوری دنیا
میں مشہورہیں۔ قرآن ہمیں بتاتا ہے کہ وہ خدا کے نیک بندوں میں
سے تھے۔
قرآن کی مندرجہ ذیل آیات میں سلیمان کا مختصر ذکر موجود ہے۔
2:101, 4:163, 6:84, 21:78, 21:79, 21:81, 27:15-21, 34:12-14
قرآن بتاتا ہے کہ سلیمان کو پرندوں کی بولی سمجھنے کا فن آتا تھا ۔
اور وہ جنوں پر بھی قدرت رکھتے تھے۔ انکی وفات بھی غیر معمولی
حالات میں ہوئی ۔ سورہ سبا کی آیت نمبر 34 کے مطابق سلیمان

عصا لے کے چلتے تھے اور جن ان کے ماتحت تھے ۔ ایک دن وہ عصا لے
کے کھڑے تھے کہ اسی حالت میں انکی رحلت ہو گئی اور وہ اسی طرح
کھڑے رہے ۔ جن و انس کسی کو نہ پتہ چلا کہ وہ اب دنیا میں نہیں
رہے۔ لوگوں کو اس وقت پتہ چلا کہ جب ان کا عصا گھن لگنے کے
باعث ڈھیر ہوگیا۔ قرآن بتاتا ہے کہ غیب کا علم جنوں کے پاس بھی
نہیں کہ اگر انہیں غیب کا علم ہوتا تو انہیں سلیمان کی رحلت کا پتہ
چل جاتا۔اس زمانے میں فلسطین اپنے محل وقوع کی وجہ سے ایک
اہم تجارتی مرکز تھا۔ یہ ایک طرف تو یہ بر اعظم ایشیا اور افریقہ
کو جوڑتا تھا دوسری جانب یہ واحد علاقہ تھا۔ جہاں اہم بندرگاہیں
واقع تھیں۔
بتایا جاتا ہے کہ سلیمان نے سلطنت کو تجارتی طور پر بہت مستحکم
کیا۔ سلیمان کا ملکہ سبا سے ملاقات کا قصہ بھی بہت مشہور ہے ۔
سلیمان کی ملکہ صبا کی ریاست میں دلچسپی تجارت کی وجہ سے
تھی۔ سلیمان ملکہ کے ملک کی مصنوعات اور راستے درکار تھے۔
بائبل میں سلیمان اور ملکہ سبا کے درمیان رومان کا ذکر بھی ملتا ہے۔
کچھ محققین کا خیال ہے کہ ملکہ سبا سے سلیمان کا ایک بچہ بھی
ہوا۔

متحدہ ریاست اسرائیل کی تقسیم

سلمان کی رحلت کے بعد انکا بیٹا تخت پر بیٹھا۔انکے بیٹے رحبعام کے
دور میں ریاست، دو حصوں میں تقسیم ہوگئی [CITATION Sun8 \l 1033]، شمال
میں اسرائیل بن گیا اور جنوب میں یہودا۔ ۔ انکے ایک عہدیدار ، جس
نے انکے خلاف بغاوت کی تھی اور مصر میں پناہ گزین تھا ۔ اس نے
شمالی ریاست میں حکومت قائم کرلی۔ سلیمان کے بیٹے نے اپنا مرکز
یروشلم میں ہی رکھا۔ دونوں ریاستیں ہی اندرونی خلفشار کا شکار
رہیں تاہم، اسرائیل سیاسی طور پر زیادہ غیر مستحکم رہا۔ سلیمان
کی رحلت کے بعد دس شمالی قبائل متحدہ سلطنت سے علیحدہ
ہوگئے۔ انہوں نے اپنی ضروریات کے مطابق اپنا دارالحکومت اور مندر
بنالئے ۔ اس اور اس کے بعد آنے والے اداوار کے مذہبی رہنماوں نے
بائبل اور دوسرے مقدس صحیفوں میں اپنی ضرورت کے مطابق ترامیم
کیں ہرچرڈ اے فرائنڈ کی کتاب   ڈگنگ تھرو بائبل کے مطابق ۔ سلیمان
کی وفات کے بعد راہبوں نے الہامی کتابوں میں اپنے خیالات اور
ضروریات کے مطابق ترامیم کیں۔ وہ خدا کو جیسا سمجھتے تھے انہوں

[CITATION Sun8 \l 1033] (1 Kings Chapter 11:34)

نے بائبل کو بھی ویسا ہی بنا دیا۔ سنہ 876 قبل از مسیح میں ایک
فوجی سپہ سالار عمری نے تخت پر قبضہ کر کے دارلحکومت سامریہ
منتقل کردیا۔ اسکی سمجھوتے کرنے والی حکمت عملی کے باعث
لوگوں نے مشرکانہ طور طریقے اپنانا شروع کردئیے۔ ملک میں توحید کا
روائتی تصور اس وقت مزید زبوں حالی کا شکار ہوا جب عمری کے
بیٹے نے ایک مشرکہ جازیبل سے شادی کرلی ۔ اب سرکاری سرپرستی
میں بال اور دوسرے دیوتاوں کی پرستش شروع ہوگئی۔ بعل ایک جھوٹا
معبود تھا ، جسے بجلی ، ہوا ، بارش پر قادر ماناجاتاتھی ۔یقین کیا جاتا
تھا کہ وہ کہ وہ انسانوں کو اولاد بھی دے سکتا ہے۔ اسرائیل میں
کئی پیغمبر آئے لیکن وہ ملک سے بت پرستی ختم نہ کر سکے۔ اور
یہودیوں کو بت پرستی کے اجتماعات کے دوران ہونے والے اشتہا
انگیز ناچ لبھاتے رہے۔ اس طرح کے اجتماعات آج کی دنیا میں بھی
ہوتے ہیں ۔اور خفیہ تنظیمیں مخلوط محفلیں منعقد کرواتی ہیں ۔
معلوم ہوتا ہے کہ ان اجتماعات کا تصور اسی تاریخی دور سے چلا آرہا
ہے۔ شمالی ریاست کی آزاد حیثیت اس وقت ختم ہوگئی جب
آشورین فوج نے 721 قبل از مسیح میں سامریہ پر چڑھائی کی اور
بدترین لوٹ مار کی ۔ ہزاروں افراد مارے گئے اور بچنے والوں نے
قریبی علاقوں میں پناہ لے لی۔ کچھ چین ہندوستان اور افغانستان پہنچ
گئے ۔ تاریخ میں انہیں دس گمشدہ قبائل کے نام سے بھی جانا جاتا
ہے۔ اس حملے کے ساتھ ہی شمالی ریاست کی خود مختار حیثیت ختم
ہو گئی،وقت گزرنے کے ساتھ ، جنوبی ریاست بھی زوال کا شکار
ہوگئی۔ اور لوگ بت پرستی میں پڑ گئے۔ سنہ 597قبل از میں
بابلیونیا کے بادشاہ ، نبو کد نضر کی فوج تین ماہ کے محاصرے کے بعد
مقدس شہر میں داخل ہوگئی اور ہیکل سلیمانی لوٹ لیا۔ نبو کد
نضر نے بادشاہ کے چچا کو بادشاہ مقرر کیا لیکن جلد ہی اس نے
بغاوت کردی۔ اس پر نبو کد نضر غضبناک ہوگیا اور اس نے شہر کی
اینٹ سے اینٹ بجادی۔ حالات اس قدر خراب ہوئے کہ کچھ لوگوں کو
انسانی گوشت کھانا پڑا۔ اس نے بادشاہ کو گرفتار کیا اور سزا کے طور
پر اسکے بیٹے کو اسکی آنکھوں کے سامنے ذبح کردیا [CITATION Sun8 \l 1033]۔
فوج نے ہزاروں افراد کو ہلاک کیا اور بہت سے لوگوں کو اسیر بنا کر
بابلیا بھیج دیا۔ انہوں نے شہر کی عمارتوں اور عمارتوں کو منہدم
کردیا اور ہیکل اور محل کو جلایا۔ عہد کا افسانوی صندوق تب سے
غائب ہے۔ اسرائیل کا دوسرا سنہری دور اسوقت شروع ہوا جب

[CITATION Sun8 \l 1033] (2 Kings Chapter 25:7)

فارس کا بادشاہ سائرس اقتدار میں آیا۔ اس نے یہودیوں کو یروشلم
واپس آنے کی اجازت دی اور ہیکل سلیمانی کی از سر نو تعمیر کی۔
سنہ 398 قبل از مسیح میں خدا کے ایک برگزیدہ بندے عزیر نے
یروشلم میں دینی تعلیمات کا آغاز کیا انہوں نے تمام یہودی مردوں کو
اپنی کافر بیویوں کو طلاق دینے کا حکم دیا مخلوط شادیوں پر پابندی
لگا دی۔ انہوں نے سبت اور غذائی قوانین پر سختی سے عمل پیرا ہونے
کا مطالبہ بھی کیا۔ انہوں نے اپنی قوم سے عہد لیا کہ وہ صرف خدا
کی عبادت کریں گے۔ عزیر نے یروشلم کی تباہی کے دوران ضائع ہوئی
موسی کی پانچ کتابوں کو دوبارہ مرتب کیا۔ سکندر اعظم کی موت کے
بعدان کی سلطنت ان کے جرنیلوں میں تقسیم ہوگئی ۔ان کے جان
نشیوں نے اپنے مفتوحہ ممالک میں یونانی ثقافت کو فروغ دیا۔ نتیجہ
یہ ہوا کہ یہودی دو گروہوں میں تقسیم ہوگئے۔ مصر یا یہوداہ سے
باہر کے علاقوں میں رہنے والے ، جنھیں منتشر یہودی کہا جاتا ہے ، نے
یونانی نظریے ، زبان اور طرز زندگی اپنانا شروع کردیا اور ان کی آنے
والی نسلیں اپنی اصل زبان عبرانی تک بھول گئیں۔ ان میں یہ عقیدہ
فروغ پا گیا کہ سب قومیں ایک ہی خدا کو مانتی ہیں اور ایک ہی خدا
کی مختلف ناموں سے عبادت کرتی ہیں۔ یونانی ثقافت کے زیر اثر
مخلوط شادیاں پھر سے شروع ہو گئیں۔ ختنہ غائب ہوگیا۔لیکن
یہودیوں کا ایک دوسرا گروہ بھی تھا ۔ اپنے اصل عقائد اور ثقافت پر
قائم رہا۔ 175 بی سی میں ، اینٹیوکس چہارم بادشاہ بنا۔ تو اس نے
اپنے ساتھ کچھ یہودی ملا لئے اور یونانی رسم و رواج اور نظریات کو
فروغ دینے لگا۔ مذہبی تقریبات پر پابندی عائد کردی گئی اور تورات
رکھنا جرم بن گیا تھا۔ مذہبی عقائد رکھنے والے یہودیوں نے ان
احکامات کو خدا کی نافرمانی قرار دیا اور بغاوت پر آمادہ ہوگئے۔ ایک
یہودی میتھی ایس اور انکے پانچ بیٹوں سے شروع ہونے والی یہ بغاوت
بڑھتے بڑھتے پورے ملک میں پھیل گئی۔ مککیبی بغاوت کے نام سے جانی
جانے والی یہ تحریک بالآخر عظیم مککیبی سلطنت کے قیام کا باعث
بنی۔ شروع میں تو یہودیوں نے مذہبی تعلیمات کی پاسداری کی لیکن
جلد ہی مادی آسائشوں نے مذہبی جوش و ولولہ کی جگہ لے لی۔
سنہ 70 میں ، رومیوں نے دوسرا ہیکل بھی تباہ کردیا اور یہودیوں کو
ایک بار پھر جلاوطنی اختیار کرنی پڑی۔ تقریبا 500 سال کے ظلم و
ستم اور جلاوطنی کے بعد ، یہودی یروشلم میں دوبارہ اسوقت داخل

ہوئے جب مسلمانوں کے بادشاہ عمر بن الخطاب نے قریب ساتویں صدی CITATION Sun8 \l 1033 میں مقدس شہر فتح کیا۔

عیسائی اور عقیدہ تثلیث

مسیح یہودی تھے، اور انکے تمام شاگرد بھی یہودی ہی تھے ۔ عیسائیت نے یہودیت سے ہی جنم لیا ۔ انگریزی میں مسیح کے لئے کرائسٹ کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے جس کا مطلب یہ اعتراف ہے کہ انکا ظہور ابراہیم اسحاق اور یعقوب سے کئے گئے خدائی وعدے کی تکمیل ہے۔ وہ ایک یہودی عدالت تھی جس نے عیسیٰ کو سزائے موت کی سفارش کی اور رومی گورنر پونٹیوس پیلاٹ سے پھانسی کی درخواست کی CITATION Sun8 \l 1033 ۔ اسکے بعد ہونے والے واقعات متنازعہ ہیں ۔ انجیل برنباس کے مطابق ، یسوع صلیب پر مصلوب نہیں ہوئے ، بلکہ یہ یہودا تھا۔ جب یہودا نے عیسیٰ کو دھوکے دے کر گرفتار کروادیا تو فرشتے آئے اور کھڑکی سے یسوع کو آسمان پر لے گئے۔ صحیفہ میں کہا گیا ہے کہ یہودا کمرے میں داخل ہوتے ہی عیسیٰ کا ہمشکل بن گیا۔
اور رومیوں نے اسے 34 یا 35 بی سی میں مصلوب کر دیا ۔ برنباس بائبل کے باب 70 میں ایک واقعہ درج ہے کہ یسوع ناراض ہو ئے جب ایک شاگرد پیٹر نے انہیں خدا کا بیٹا کہا اور واضح کیا کہ خدا نے تمام لوگوں کو مٹی کے ٹکڑے سے پیدا کیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ تاہم ، 200 اے ڈی کے بعد میتھیو ، مارک ، لوقا اور جان کی انجیلوں پر نیا عہد نامہ تشکیل دیا گیا ۔ عہد نامہ میں خدا کے بارے میں سہ رخی تفہیم کا بھی ذکر کیا گیا تھا لیکن بعد میں کلیسیا کے پیشواوں نے تثلیث کا نظریہ وضع کرلیا ۔ جس کے مطابق خدا ایک ہے ، لیکن باپ ، بیٹا (یسوع مسیح) ، اور روح القدس پر مشتمل ہے خدا کا بیٹا جملہ بائبل میں نہیں تھا ، لیکن بعد میں اپنایا گیا تھا۔

کیا بائبل الہامی کتاب ہے؟ اعتراضات اور انکے ممکنہ جوابات

موجودہ دور کی تمام تر سائنسی ترقی کے باوجود ،آج بھی بائبل ہی وہ واحد زریعہ ہے جو ابراہیم کی زندگی کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کرتا ہے۔جدید دنیا جب بائبل کے واقعات کی سائنسی توجیہ نہیں دے

CITATION Sun8 \l 1033 (Hoyland, Robert G. page 128)
CITATION Sun8 \l 1033 (Mark 14:53–65, Matthew 26:57–68, Luke 22:63–71, and John 18:12–24)
CITATION Sun8 \l 1033 (Ragg, Lonsdale and Laura.)

پائی اور تاریخی شواہد ڈھونڈنے میں ناکام رہی تو اس نے عہد نامہ میں درج واقعات کو افسانوی قرار دے دیا۔ اکثر لوگ بڑی دلیری سے بائیبل پر تنقید کرتے نظر آتے ہیں ۔ خاص طور لادینیت پسند ، یا سیکولر جو خود کا جدید کہلوانا پسند کرتے ہیں۔ مقدس کتابوں پر ہونے والی تنقید کی ایک وجہ یہ ہے۔ کئی جگہ وہ اپنی ہی بات کی نفی کرتی نظر آتی ہیں۔

توحید ابراہیمی مذاہب کی بنیاد ہے۔ خدا نے ابراہیم کو ایک خدا کا پیغام دیا ۔ ایک خدا جس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ لیکن عہد نامہ میں کئی باتیں ایسی لکھی ہیں جو اس بنیادی تصور کے ہی خلاف ہیں مثلا عبرانی بائبل جسے ایک مستند صحیفہ سمجھا جاتا ہے۔اسکی پہلی کتاب پیدائش کے باب 6 میں خدا کے بیٹوں کا ذکر ملتا ہے۔ اسی باب میں ہے کہ خدا نے انسانوں کو پیدا کرنے پر توبہ کی۔یا دوسرے تراجم کے مطابق خدا نے افسوس کیا ۔ باب 2 آیت 2 ہمیں بتاتی ہے کہ خدا نے چھ دن میں دنیاتخلیق کی اور ساتویں روز آرام کیا۔بیٹے، افسوس ، توبہ، آرام، یہ سب انسانی فعل ہیں اور ایک طاقتور خدا کے تصور کے منافی ہیں جو سب سے بڑا اور قادر مطلق ہے ، یہ اس تصور سے بھی متصادم ہے جو بائبل کی دوسری آیات میں ملتا ہے۔ کتاب پیدائش کا پہلا باب ہی ہمیں یہ بتاتا ہے کہ خدا اتنا طاقتور ہے کہ وہ کہتا ہے ہو جا اور ہو جاتا ہے ۔ مثلا اس نے روشنی کا کہا اور روشنی ہوگئی۔ کہا اور آسمان اور دوسری چیزیں وجود میں آگئیں

امریکی فوج کے ریٹائرڈ بریگیڈئیر جنرل اور یہودی علوم کے ماہر ڈاکٹر اسرائیل ڈرازین کی تحقیق کے مطابق زمانہ قدیم میں یہودی بہت سے خداؤں کے وجود پر یقین رکھتے تھے[CITATION Sun8 \l 1033]۔ یہودیوں کا خیال تھا کہ بہت سے معبود ہیں لیکن انہیں صرف یاوہ کی ہی عبادت کرنی چاہئیے۔ یہ تصور بائبل کی بہت ساری آیات میں دیکھا جاسکتا ہے۔ دس احکامات میں ، خدا نے اسرائیلیوں سے کہا ہے کہ وہ صرف خدا کی عبادت کریں ، جس نے اسرائیلیوں کو مصر سے نکلنےمیں مدد تھی۔ بائبل میں خدا یہ نہیں کہتا کہ میں خدا ہوں بلکہ کہتا ہے میں تمھارا خدا ہوں۔ اس سے ایسا تاثر ابھرتا ہے کہ خدا تو کئی ہیں لیکن قوم اسرائیل کا خدا یاوہ ہے۔

متعدد کتب کے مصنف ڈاکٹر اسرائیل ڈرازین ایک سو کے قریب آیات کا حوالہ دیتے ہیں جو تصور توحید یعنی ایک خدا کے تصور سے متصادم ہیں۔ دنیا کے بہت سے قدیم مذاہب میں کئی دیوتاوں اور خدا کی

[CITATION Sun8 \l 1033] (Drazin, Israel)

شوری کا تصور قدیم ہے۔ یونانی داستانوں میں ، کمتر خداوں اور
دیوتاؤں کا تصور بھی موجود ہے۔ دیوتا خدا کے بیٹے تھے۔ یونانیوں اور
یہاں تک کہ رومیوں کے ہاں بھی بارہ خداوں کا تصور ملتا ہے۔ یعقوب
کی خدا سے کشتی یہودیوں کے اعتقاد پر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان
ہے۔ صرف یہودیت ہی نہیں بلکہ عیسائیوں کا عقیدہ تثلیث بھی غور
طلب ہے۔ عقیدہ تثلیث کے مطابق خدا ایک ہے ، لیکن تین لوگوں پر
مشتمل ہے ۔ باپ ، بیٹا (یسوع مسیح) ، اور روح القدس۔ اسلام میں
عقیدہ توحید بہت وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ کسی کو خدا کے ساتھ
شریک کرنا اسلام میں سب سے بڑا گناہ ہے۔جس کا کفارہ نہیں۔
قرآن کہتا ہے کہ اللہ ہر گناہ کو معاف کرسکتا ہے سوائے خدا کے
ساتھ کسی کو شریک ٹہرانے کے۔
یہودی اصرار کرتے ہیں کہ وہ خدا کی منتخب قوم ہیں ، لہذا انہیں
دنیا پر حکمرانی کا حق حاصل ہے لیکن بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ جب
موسیٰ خدا سے احکامات لینے چالیس دن کے لئے پہاڑ پر گئے ، تو
انکی غیر موجودگی میں اسرائیلیوں نے سونے کا بچھڑا تیار کیا اور اس
کو پوجنے لگے۔ وہ متعدد بار موسی کے بھی خلاف ہوگئے ۔ باب 2
میں قرآن ہمیں آگاہ کرتا ہے کہ خدا گرمی میں بنی اسرائیل پر بادلوں
کا سایہ کر دیتا تھا اور آسمان سے عمدہ خوارک مہیا کرتا تھا ۔ لیکن
لوگوں نے خدا کا شکر بجا لانے کی بجائے مٹی سے اگی سبزیوں کھیرا ،
لہسن اور دال اور پیاز کا تقاضا کیا جس سے خدا ناراض ہوا۔ خدا نے
اگرچہ انکا مطالبہ پورا کردیا لیکن انکو ذلت اور غربت میں ڈال دیا۔
جب خدا نے انہیں گائے ذبح کرنے کا حکم دیا تو انہوں نے مذاق اڑایا ،
پوچھنے لگے گائے کس رنگ کی ہو۔کچھ نے سبت کے احکامات کی
خلاف ورزی کی تو بعض نے تورات کو تبدیل کردیا۔ کچھ دین سے ہی
پھر گئے ۔ منافق ہوگئے۔ اگر یہودیت ایک توحید پسند مذہب ہے تو
ایسا لگتا ہے بائبل اصل حالت میں نہیں بلکہ اس میں بڑے پیمانے پر
ردو بدل کردیا گیا ہے۔ بہت سے محققین کا ماننا کہ کہ بائبل کا متن
مختلف ادوار میں اس دور کی سیاسی اور معاشرتی تقاضوں کے
مطابق ڈھالا گیا ۔ اور اس میں مذہبی پیشواوں نے وقتا فوقتا ترامیم
کیں۔بائبل کی اصطلاح یونانی لفظ بِبلیہ سے آئی ہے ، جس کا معنی
کتابیں ہے ۔ بائبل کتابوں ، یا مذہبی تحریروں کا ایک مجموعہ ہے ،
جسے خدا کے کہے الفاظ مانا جاتا ہے۔ زمانہ قدیم سے بائیبل سینہ بہ
سینہ منتقل ہوتی رہی۔ پہلی بائبل پہلی صدی قبل ازمسیح میں
لکھی گئی۔ سکندر کی مہمات ، روم کے عروج ، یروشلم کی تباہی ،

اور دوسرے تاریخی ادوار کے دوران اس میں تحریف جاری رہی۔
مختلف ثقافتوں کے بہت سے لوگوں نے بائبل لکھی اور مرتب کی ، جن
میں سے بیشتر نامعلوم ہیں۔ پہلی بائبل ہاتھ سے لکھی گئی تھی لیکن
ان نسخوں میں سے آج کوئی دستیاب نہیں۔ سب سے زیادہ مستند
سمجھی جانے والی عبرانی بائبل یا تاناکہ تین کتابوں توریت ، نیویم ،
اور کیتوویم پر مشتمل ہے۔ بائبل کی پہلی پانچ کتابوں کو توریت یا
موسی کی پانچ کتابیں کہا جاتا ہے ۔
تورایت کی پانچ کتابوں میں کتاب پیدائش ، خروج ، احبار ، گنتی اور
استثنا شامل ہیں ۔بتایا جاتا ہے کہ موسیٰ نے پانچوں کتابیں الہام
الہی کے تحت لکھیں ، یہ خدا کا کلام تھا جو موسیٰ نے لکھا ۔ لیکن ،
اگر موسی نے بائبل لکھی تو ، وہ اپنی موت کے بعد پیش آنے والے
واقعات کیسے لکھ سکتے ہیں ۔ استثنی 34.10 نے ان الفاظ میں
موسی کی وفات بیان کرتی ہے۔ موسیٰ کو موآب کی سرزمین میں
وادی میں دفن کیا گیا۔ آج تک کسی کو ان کی تدفین کی جگہ کا علم
نہیں ہے۔ بائبل میں بہت تضادات ہیں۔ ایک طرف ، اس کا کہنا ہے
کہ ابراہیم نڈر اور سچے تھے۔ انہوں نے جھوٹے خداؤں کو تسلیم کرنے
سے انکار کیا ، یہاں تک کہ جب طاقتور بادشاہ نمرود نے انہیں بھٹی
میں پھینک دیا تو بھی وہ متزلزل نہیں ہوئے ۔ لیکن ، بعد میں ، جب وہ
کنعان میں قحط سے بچنے کے لئے مصر جاتے ہیں تو فرعون اور اس
کے عملے سے جھوٹ بولتے ہیں کہ سارہ ان کی بہن ہیں ۔ ہوسکتا
ہے کہ ہم ان قوانین کے بارے میں نہیں جانتے جو خدا نے ابراہیم کو
دیئے تھے ، لیکن ہم موسی کی شریعت سے واقف ہیں ۔پرانے عہد نامے
کے 613 قوانین زندگی کے تمام شعبوں کا احاطہ کرتے ہیں۔ ایک قاری
کے لئے سمجھنا مشکل ہے کہ ایک برگزیدہ شخصیت ربقہ یا ربیکا نے
اپنے شوہر اور اپنے بیٹے کو کیوں دھوکہ دیا۔ پھر ہم دیکھتے ہیں کہ
اسحاق نے یعقوب کو اپنا جانشین بنا دیا ۔اپنا   روحانی اور دنیوی مال
و متاع سب دے دیا لیکن اس جان نشینی کے فورا بعد ہی انہیں اپنے
ملک سے ہی فرار ہونا پڑا ۔ وہ چودہ سال   اپنے ماموں کے جانوروں
کی رکھوالی کرتے رہے۔
غور کریں تو پرومسڈ لینڈ یا وعدہ کی گئی سر زمینہ جہاں دودھ اور
شہد بہتا ہو کا پورا تصور ہی دیو مالائی داستان یا پھر مبالغہ آرائی
پر مبنی نظر آتا ہے۔ ابراہیم اتنا طویل سفر کرکے کنعان پہنچتے ہیں
تو دودھ اور شہد کی جگہ انہیں قحط ملتا ہے قحط اس قدر شدید
ہوتا ہے کہ انہیں اناج کے لئے مصر جانا پڑتا ہے۔ ابراہیم کے بعد یعقوب

کو بھی دودھ اور شہد نصیب نہیں ہوتا ۔ قحط سے بچنے کے لئے پہلے
وہ اپنے بچے مصر بھیجتے ہیں اور پھر انکا سارا کنبہ ہی مصر
ہجرت کر جاتا ہے۔پھر خدا یعقوب کو کہتا ہے کہ مصر جاو میں
تمھاری نسل بڑھا دوں گا ۔ تمہیں عظیم قوم بناوں گا مگر یہ طاقتور
قوم مصر یوں سے کوڑے کھاتی ہے اور اف تک نہیں کرتی۔ اسی طرح
پوری بائبل میں ابراہیم اور انکی اولاد کی مکمل تفصیل تو موجود ہے
مگر ابراہیم کے دوسرے بیٹے اسماعیل کا ذکر نہ ہونے کے برابر ہے۔
بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ ابراہیم 86 سال کے تھے جب حاجرہ نے
اسماعیل کو جنم دیا۔ ہم جانتے ہیں کہ حاجرہ سے فرشتے یا خدا نے
ہمکلام ہو کر وعدہ کیا کہ ان کا بیٹا ایک عظیم قوم کا باپ ہوگا۔
خدا نے ابراہیم سے بھی وعدہ کیا کہ وہ اسماعیل کو برکت دے گا اور
انہیں بہت اولاد عطا کرے گا ، جن میں سے 12 بادشاہ ہوں گے۔ ہم
جانتے ہیں کہ حاجرہ اور اسماعیل فاران کے بیابان میں آباد ہوگئے۔
اور انکی والدہ نے انکی شادی ایک مصری لڑکی سے کردی ۔ اس کے
بعد بائبل خاموش ہے اسماعیل کی زندگی کیسے گزر ی ابراہیم سے
انکا کب کب تعلق قائم ہوا کچھ معلوم نہیں۔ابراہیم کی وفات پر
اسماعیل کا ذکر ہے کہ انہوں نے اپنے بھائی اسحاق کے ساتھ مل کر
ابراہیم کی تدفین کی ۔ ابراہیم کی آخری رسومات میں اسماعیل کی
شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ انکا تعلق اپنے خاندان سے برقرار رہا۔
وہ رابطے میں تھے تو سینکڑوں میل دور واقع اپنے گھر سے کنعان وقت
پر پہونچ گئے اور اپنے والد کی تدفین میں شرکت کی۔یہی نہیں بلکہ
عہد نامہ میں خدا موسی سے کہتا ہے کہ وہ ابراہیم ، اسحاق اور
یعقوب کا خدا ہے تو اسماعیل کا ذکر کیوں نہیں کرتا۔ شائد یہ بھول
بائبل کے مختلف ادوار کے مصنفین سے ہوئی ۔ جنہوں نے غالبا
اسماعیل کے تذکرے کو محض اسلئے مٹا دیا کہ یہودی اور عیسائی
نبوت کو اسحاق کے خاندان میں رکھنا چاہتے تھے۔ اگر اسماعیل کو انکا
مقام دیا جاتا تو محمد کو قانونی حیثیت مل جاتی ہے ، جو یہودی اور
عیسائی مذہبی پیشواوں کے مفادات کے خلاف ہے۔ لیکن اس بات کو
بھی امکان موجود ہے کہ ہو سکتا ہے خدا نے اسماعیل کا تذکرہ
یہودیوں یا عیسائیوں سے نہ کیا ہو کہ اسماعیل کی ایک علیحدہ قوم
تھی۔ ہمارے پاس کتاب مقدس میں ترمیم کے شواہد تو موجود ہیں
لیکن بدقسمتی سے ہم یہ نہیں جانتے کہ بائبل میں لکھی کون سی بات
درست ہے اور کونسی ترمیم شدہ۔اگر ہم مان لیں کہ ابراہیم نے
مصر میں غلط بیانی کی یا ربیکا نے واقعی اپنے خاوند اور بیٹے کو

دھوکہ دیا تو پھر ہمیں ماننا پڑے گا ۔ کہ ابراہیم کا رب سب سے زیادہ
معاف کرنے والا ہے۔ وہ انسانی خطائیں معاف کردیتا ہے۔ لیکن اگر
ابراہیم کا رب معاف کرنے والا ہے تو اس نے موسی کو معاف کیوں
نہیں کیا جب ان سے ایک معمولی غلطی ہوئی کہ وہ پہاڑ کو پانی
جاری کرنے کا زبانی حکم دینے کی بجائے اس پر اپنا عصا مار بیٹھے۔
موسی وہ خاص پیغمبر تھے جن سے خدا ہم کلام ہوتا تھا۔ اور جنہیں
خدا نے اپنا خاص آدمی کہا۔ موسی نے بنی اسرائیل کے ساتھ چالیس
سال بیابانوں کا مشکل ترین سفر کیا ۔انکی تربیت کی۔ خدا کے ہر
حکم کو بجا لائے۔کہا جاتا ہے کہ دنیا کے خاتمے کے قریب عیسی دنیا
میں واپس آئیں گے اور مقدس صحیفے کی اصل کتاب برآمد کریں گے۔
شاید اسوقت ہمیں ان سوالوں کے جواب ملیں

قرآن میں ابراہیم اور انکی اولاد کا تذکرہ

قرآن میں ابراہیم کا ذکر ستر بار ہوا ہے ۔ قرآن ابراہیم کو مسلمان،
حنیف۔ کعبہ کا بانی۔ محمد کا مثالی پیش رو اور اسلام کا جد امجد
بیان کرتا ہے۔ قرآن کے مطابق ابراہیم خدا کے دوست تھے۔ وہ خدا کے
فرماں براد اور نیک انسان تھے ۔ وہ کسی طور بھی بت پرست نہیں
تھے ۔بائبل اور قرآن میں ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ بائبل اولاد ابراہیم
میں تخصیص کرتی ہے خاص طور پر اسماعیل کے حوالے سے جبکہ
قرآن ابراہیم اور انکی اولاد کو برابر عزت دیتا ہے۔ قرآن نے پورا ایک
باب یوسف کے لئے مختص کیا ہے۔ انکی کہانی نہائت دلچسپ انداز
میں بیان کی گئی ہے۔موسی کا ذکر چونتیس جگہوں پر آتا ہے ۔ اسی
طرح طالوت داود سلیمان ۔ یونس ۔ عزیر اور دوسرے کئی انبیا کا
ذکر ملتا ہے۔ بائبل اور قرآن میں کچھ بنیادی فرق ہیں مثلا بائبل
میں خدا کبھی ایک انسانی کردار میں نظر آتا ہے جیسے یعقوب خدا
سے کشتی کرتے ہیں اور پھر اس پر غالب بھی آجاتے ہیں ۔ بائبل کے
برعکس قرآن ہمیں ایک طاقتورخدا کا تصور پیش کرتا ہے ۔اور پھر
پوری کتاب میں اسی انداز کو برقرار رکھتا ہے ۔ خدا سب جانتا ہے ۔
وہ دلوں ، آسمانوں اور زمین کے بھید سے واقف ہے۔ خدا کہتا ہے ہو
جا اور ہو جاتا۔ پورے قرآن میں یہی ٹون ملتی ہے۔

اسلام

ساتویں صدی کے آغاز میں ،کوئی زیرک ترین شخص بھی نہیں سوچ سکتا تھا کہ عرب کے قلب میں ایک نیا مذہب جنم لے گا۔ کسی کو شائبہ بھی نہیں تھا کہ ایک نیا عقیدہ دنیا کے وسیع خطوں کو ایک نئی شکل دے گا ، اور قدیم تہذیبوں کو تبدیل رکھ کے دےگا [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ مسلمانوں نے مختصر سے وقت میں نصف دنیا پر حکومت قائم کرلی ۔ انہوں نے اس سرزمین کو بھی فتح کرلیا جو یہودیوں کے مطابق خدا نے انہیں ہمیشہ کے لئے عطا کی تھی۔ یروشلم پر مسلمانوں کی فتح اسرائیل کی منتخب قوم ہونے کے دعوی پر ایک بڑا سوالیہ نشان تھا۔ شاید مسلم فتوحات اسما عیل کی اولاد میں سے بارہ بادشاہ ہونے کی پیشن گوئی کا حصہ تھا لیکن تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ ساتویں صدی سے بیسویں صدی تک سینکڑوں نہیں تو درجنوں ایسے قد آور مسلمان بادشاہ گزرے جنہوں نے اپنے دور حکومت میں سلطنت کو بام عروج پر پہنچا دیا، انہوں نے نہ صرف عالمی طاقتوں کو مات دی بلکہ ایسے علاقے بھی فتح کر لئے جو دوسری قوموں کی میراث سمجھے جاتے تھے

قریش۔ کعبہ کے متولی

قدیم تحریروں کے مطابق عرب کا مطلب صحرا ہے ۔معلوم نہیں خانہ کعبہ کس سن میں تعمیر ہوا یا اس دھرتی کو مقدس سب سے پہلے کب سمجھا گیا۔ تاریخ بتاتی ہے کہ کعبہ جورہم قبائیل کے زیرتسلط تھا۔ جورہم خانہ بدوش تھے اور شائد سارا سال مکہ میں رہتے بھی نہیں تھے۔ پانچویں یا چھٹی صدی میں کعبہ کا کنٹرول جورہم سے خوزہ قبائیل کو منتقل ہوگیا۔ [CITATION Sun8 \l 1033]

کچھ عرصے بعد کنانہ قبیلے کے کچھ لوگ کعبے کے قریب آکر بس گئے اورقریش نام کی ایک بستی سی بنالی۔ کنانہ کے آباد ہونے سے پہلے ہی کعبے اور اس کے اطراف کے علاقے کو متبرک جانا جاتا تھا اس کے گردونواح میں خون بہانا منع تھا۔ کعبے کے گرد آباد ہونے کے بعد قریش کعبے کے متولی بن گئے۔ کعبہ اس وقت تک ایک چوکور گھر تک ہی محدودو تھا ۔اب قریش نے تجارت شروع کردی ۔ اور اپنے قافلوں کو دور دور بھیجنا شروع کیا ، مال تجارت لے کر وہ غزہ ، یروشلم ، فرات ، اور یمن تک جانے لگے۔ چھٹی صدی کے آخر میں ، ممکنہ طور پر بازنطینی اور فارسی سلطنتوں کے مابین جنگوں کی وجہ سے انکا تسلط جنوبی عرب اور بحیرہ روم کے علاقوں تک جا پہنچا۔ اور وہ

CITATION Sun8 \l 1033 (Williams, Henry Smith. page 10)
CITATION Sun8 \l 1033 (Watt, W. Montgomery)

بہت خوشحال ہوگئے۔ چھٹی صدی کے اختتام تک قریش ایک غیر
معمولی مقام حاصل کر چکے تھے۔ اگرچہ وہ کبھی بھی کوئی باقاعدہ
سیاسی شکل اختیار نہیں کرپائے لیکن مورخین کہتے ہیں کہ قدیم روم
اور وینس کی طرح ان میں وراثتی دانشمندی پائی جاتی تھی CITATION Sun8 \l 1033
۔ انکی خوراک اور رہن سہن روایتی بدووں سے بہتر تھا ۔
قبائیلی لڑائی جھگڑوں میں نہ پڑنے کی وجہ سے ان کی تعداد نسبتا
زیادہ تھی ۔ عرب معاشرے میں کسی قبیلے کی عزت کا دارومدار
اسکی عددی برتری پرہوتا تھا۔ انکی اس لئے بھی تکریم تھی کہ وہ
اپنی خوشحالی کی وجہ سے مہمانوں کو سیر ہوکر کھانا کھلاتے۔
عیسائیت عرب کے متعدد حصوں کا مقبول مذہب تھا ، عراق ،
میسوپوٹیمیا ، بحرین اور فاران کے صحرا کے مختلف عرب قبائل
عیسائی تھے
تاہم ، عرب میں بت پرستی کا زور تھا۔ عرب ایک خدا کو تو مانتے تھے
لیکن ان میں سے کچھ بتوں کی بھی پوجا کرتے تھے۔ وہ خدا کی بیٹیوں
کی بھی پرستش کرتے تھے۔ کچھ سیاروں اور ستاروں کو پوجتے تھے۔
ہر قبیلے کے پاس انفرادی بت تھے ۔ حبل ، اور لات ، دو بڑےعوامی بت
تھے جن کے نام کے نذرانے چڑھائے جاتے اور جن کے نام پر قربانی کی
جاتی، لیکن کسی بھی مندر یا بت خانے کی وہ حیثیت نہیں تھی جو
خانہ کعبہ کو حاصل تھی۔ اور جس کی بالادستی ہر کوئی تسلیم کرتا
تھا ۔ یہاں آتش پرست بھی نذرانے بھیجتے ۔ یہودی بھی اس مقام کو
متبرک مانتے۔ ایک دفعہ قریبی ریاست یمن میں ایک نیا فرمان روا
آگیا ۔ وہ کٹر عیسائی تھا ۔ اس نے آتے ہی اپنے علاقۓ میں کلیسا اور
گرجا گھر تعمیر کئے ۔ لیکن اسکی کسی عمارت کو وہ شہرت نہ ملی
جو کعبہ کی تھی ۔ پھر اوپر تلے کچھ ایسے واقعات ہوئے کہ اس کو
لگا کہ کعبہ کو ختم کئے بغیر اس کے کلیسا اور گرجا گھر بے رونق ہی
رہیں گے ۔ CITATION Sun8 \l 1033 اس نے محمد کی ولادت کے سال یا اس سے
ذرا پہلے اپنے تمام لاؤ لشکر کے ساتھ مکے پر چڑھائی کردی ۔اسکی
فوج میں ستر لاکھ لوگ تھے اور سینکڑوں ہاتھی تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ
وہ جیسے ہی کعبہ کو گرانے کی نیت سے داخل ہوا اس کی فوج پر
ننھے ننھے پرندوں نے حملہ کردیا ۔ ان پرندوں کی چونچوں میں باریک
کنکر تھے۔ یہ باریک کنکر جب ہاتھیوں کو لگتے تو وہ بوکھلا کرالٹے
قدموں چل پڑتے ۔ اس طرح چند ہی لمحوں میں ان دیو قامت
درندوں نے اپنی ہی فوج کو روند ڈالا۔ اس واقعۓ نے کعبہ کے وقار میں

CITATION Sun8 \l 1033 (Williams, Henry Smith)
CITATION Sun8 \l 1033 (Anthony, Mamar Ibn Rāshid_ Sean W. page 283)(Guillaume, A. page 26)

بے پناہ اضافہ کیا۔اب ہر کوئی اسے خدا کا گھر جانتا تھا ایسا گھر جس کی حفاظت خدا خود کرتا ہے۔ یہ کعبہ کا تقدس ہی تھا کہ قریش کو کئی طرح کے مذہبی اختیارات حاصل تھے

زمزم کی دریافت

محمد کے دادا عبدالمطلب 497 میں پیدا ہوئے ، انکے والد کا نام ہاشم تھا۔ جب یمن کے بادشاہ ابرہہ نے کعبہ پر چڑھائی کی تو اسوقت وہ ایک کڑیل جوان تھے۔ ابرہہ کی فوج کو دیکھ کر قریش نے کعبہ کا علاقہ خالی کردیا لیکن عبدالمطلب ڈٹے رہے اور وہیں بیٹھ گئے [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ کہنے لگے خدا کی قسم ، میں خدا کے مقدس احاطے کو نہیں چھوڑوں گا۔ پھر انہوں نے خدا کو مخاطب کر کے کہا کہ ہر شخص اپنے گھر کی خود خفاظت کرتا ہے۔ تو بھی اپنے گھر کی حفاظت فرما۔ ابرہہ کی فوج آئی اور خود اپنے ہی ہاتھیوں کے ذریعے برباد ہو کر چلی گئی مگر عبدالمطلب بیٹھے رہے۔ خدا کے گھر کا احترام کرنے پر قریش عبدالمطلب کی بے پایاں عزت کرنے لگے۔ ایک رات عبدالمطلب نے ایک خواب دیکھا۔کوئی انہیں زمزم کھودنے کا حکم دے رہا تھا۔ بہت غور کرنے پر بھی جب انہیں مطلب سمجھ نہ آیا تو انہوں نے دعا کی کہ خدا ان پر خواب واضح کردے۔ اب کی بار انہیں جو خواب نظر آیا وہ بہت واضح تھا۔ کوئی انہیں کہہ رہا تھا کہ زمزم کا کنواں کھودو۔ جو کہ اندرونی اعضا اور خون کے درمیان پوشیدہ ہے۔ جہاں کوا کھوجتا ہے۔ قربان گاہ کے قریب ۔ یہ خواب دیکھ کر عبدالمطلب کعبہ کے پاس چلے گئے اور مشاہدہ کرنے لگے۔ اسی اثنا میں ایک گائے اپنے قصاب سے آزاد ہوکر بھاگ نکلی ۔ اس کے جسم سے خون جاری تھا۔ وہ بھاگتے ہوئے کعبہ کے قریب پہنچی اور وہیں ڈھیر ہو گئی۔ اسکے تعاقب میں قصائی بھی پہنچ گیا ، اس نے گائے کو اسی جگہ کاٹنا شروع کردیا۔ اس نے اپنا کام ختم کیا اور گوشت لے کر چلا گیا۔اب ایک کوا آیا اور گائے کی باقیات کھوجنے لگا۔ خواب کی تمام نشانیاں پوری ہوچکی تھیں ۔ عبدالمطلب نے اسی جگہ کھدائی شروع کردی ۔ قریش آئے اور ان سے پوچھنے لگے کہ وہ کعبہ کے قریب کیوں کھدائی کر رہے ہیں۔ عبد المطلب نے جواب دیا ،کہ وہ کنواں کھود رہے ہیں اور اگر کسی نے انہیں روکنے کی کوشش کی تو وہ سختی سے پیش آئیں گے۔ ان کے مرتبے کے پیش نظر کوئی انہیں روکنے کی جرات تو نہ کرسکا لیکن زبانی طور پر کئی نے بد تمیزی

[CITATION Sun8 \l 1033] (Anthony, Sean W. page 3)

کیے انہوں نے سب سے بے پرواہ اپنا کام جاری رکھا۔ کچھ ہی کھدائی
کی ہوگی کہ انہیں زمین میں دفن دو سنہری خنجر نما تلواریں
ملیں۔ جب قریش نے انہیں تلواریں نکالتے دیکھا تو اپنا حصہ طلب
کرنے لگے۔ یہ تلواریں خدا کے گھر کی ہیں ۔ انہوں نے کہا اور سب
خاموش ہوگئے ۔ وہ کھودتے رہے۔ یہاں تک کہ پانی نکل آیا۔ انہوں نے
کنوؤیں کی ضروری تعمیر کے بعد اوپر ایک حودی سی بنادی ۔ جس
کو ان کے بیٹوں نے پانی سے بھر دیا۔ قریش نے حسد اور جلن میں رات
کو وہ حودی توڑ دی۔ عبدالمطلب نے حودی دوبارہ بنائی اور قریش نے
رات میں توڑ دی ۔ عبدالمطلب جب بار بار کی توڑ پھوڑ سے بے زار
ہوگئے تو انہوں نے دعا کی ۔ انہیں خواب میں بتایا گیا کہ وہ منادی
کروادیں کہ وہ کسی کو بھی اس کنویں کے پانی سے طہارت نہیں
کرنے دیں گے ۔ لیکن جو چاہے۔ اس کنوؤیں سے پانی پی سکتا ہے ۔ عبد
المطلب قریش کے پاس گئے اور انہیں اپنا خواب سنایا، قریش ڈر گئے
اور پھر کسی نے زمزم سے چھیڑ چھاڑ نہ کی۔ محمد کے سوانح نگار ابو
محمد عبد الملک (ابن ہشام) اپنی کتاب سیرت ابن ہشام میں زمزم
کی ملکیت کے حوالے سے قریش اور عبدالمطلب کے مابین ایک تنازعہ
بیان کرتے ہیں۔ جس کا فیصلہ عبدالمطلب کے حق میں طے ہوا
۔[CITATION Sun8 \l 1033] اس واقعے کے بعد ، عبدالمطلب نے متعدد خواتین
سے شادی کی ، اور ان کے دس بیٹے پیدا ہوئے۔ ایک بار انہوں نے خدا
سے وعدہ کیا کہ وہ اپنے ایک بیٹے کو خدا کے راستے میں قربان کریں
گے۔جب قرعہ ڈالا توہر بار انکے محبوب ترین بیٹے عبداللہ کا نام نکلا ۔
جب لوگوں کو پتہ چلا تو انہوں نے اسے ایسا کرنے سے روک دیا۔ کہتے
ہیں اپنے بیٹے کے متبادل کے طور پر انہوں نے سو اونٹ قربان کر ڈالے۔
التبریٰ کی کتاب التاریخ الرسول والملک کے مطابق ، عبدالمطلب نے
ابراہیم کے بیٹے اسماعیل کا کنواں زمزم دریافت کیا ، اور اس نے دو
سنہری تلواریں نکالیں جو اس کنوویں میں دفن تھیں انہوں نے ان
تلواروں کو سونے کی پلیٹ کے طور پر کعبہ کے دروازوں پر لٹکا دیا ۔
یہ پہلا سونا تھا جس سے کعبہ کو مزین کیا گیا۔ کچھ تاریخی حوالوں
کے مطابق جورہم قبیلے نے ابراہیم کی بیوی حاجرہ اور انکے بیٹے
اسماعیل کو پناہ دی تھی۔ بعد میں اسماعیل نے اسی قبیلے کی خاتون
رالہ بنت مداد سے شادی کی۔ مسلمان مورخین نے محمد کے آباؤ اجداد
کی تفصیل فراہم کی ہے ، شجرہ بھی دیا ہے ۔ لیکن تاریخ دان ڈبلیو
مونٹگمری واٹ کا خیال ہے کہ اسمٰعیل سے لے کر عبد اللہ تک کے

CITATION Sun8 \l 1033 (Ibn Hisham, Abdus-Salam M Harun page 16)

شجرے میں کچھ ادوارموجود نہیں ۔اسی طرح زمینی حقائق اس مسلم
عقیدے کی تائید نہیں کرتے ہیں کہ زمزم پیاسے اسماعیل کے پیر رگڑنے
سے جاری ہوا۔ حاجرہ ابراہیم کے ساتھ کنعان میں مقیم تھیں جب
سارہ کے کہنے پر ابراہیم نے انہیں گھر سے رخصت کیا۔ محدود کھانے
اور پانی کے ساتھ انہوں نے کوئی ہزار کلومیٹر کا سفرپیدل کیسے طے
کیا۔ یہ اپنی جگہ پر ایک سوال ہے۔
اگر مان لیں کہ زمزم اسماعیل کےپاؤں رگڑنے سے ہی جاری ہوا تھا تو
سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان کے بعد آنے والی نسلوں نے اتنا متبرک اور
اہم پانی کا مآخذ کیوں ترک کردیا۔ تاریخ دانوں کو مزید تحقیق کر کے
اس راز سے پردہ اٹھانا چاہئے۔ یہودیوں اور مسلمانوں میں ایک اختلاف
قربانی کے حوالے سے بھی ہے ۔ بائیبل کہتی ہے ابراہیم نے اپنے بیٹے
اسحاق کو قربانی کے لئے پیش کیا ۔ جبکہ مسلمانوں کا ماننا ہے کہ وہ
اسماعیل تھے ۔ قرآن میں اس واقعہ کا ذکر تو ہے لیکن اسماعیل کا
نام نہیں لیا گیا

پیغمبر اسلام محمد 570-632

ولادت

بائبل کے مطابق ربیکا ، اور راخیل کو خواب میں بتایا گیا کہ وہ کچھ
غیر معمولی مردوں کو جنم دیں گی ۔بائیبل کے مطابق حاجرہ کو یہ
خوش خبری براہ راست گفتگو کے دوران دی گئی۔ خدا نے ابراہیم ،
اسحاق اور اسماعیل کا نام منتخب کیا ۔ محمد کے سیرت نگار ہمیں
بتاتے ہیں کہ خدا نے محمد کی والدہ ، آمنہ کو بھی خواب میں
بشارت دی۔ "تم قوم کے آقا کو جنم دینے جا رہی ہو ۔ اس کی
پیدائش کے بعد کہنا، میں اس کے لئے پناہ مانگتی ہوں ہر حاسد کے
شرسے ۔ اور بچے کا نام محمد رکھنا"، انہیں بتایا گیا[CITATION Sun8 \l 1033]۔
ایک اور خواب میں آمنہ نے دیکھا کہ انکے وجود سے ایک روشنی خارج
ہورہی ہے ۔ جس سے انہیں شام کے قلعے نظر آنے لگے۔

نبی کی ابتدائی زندگی

مغربی اسکالرز محمد کو ایک مذہبی ، معاشرتی ، اور سیاسی رہنما
اور بانی اسلام قرار دیتے ہیں جبکہ مسلم زرائع انہیں ایک نبی مانتے
ہیں جنھیں آدم ، ابراہیم ، موسیٰ ، عیسیٰ اور دوسرے انبیاء کی دی
گئی توحیدی تعلیمات کی تبلیغ اور تصدیق کے لئے بھیجا گیا تھا۔ محمد

[CITATION Sun8 \l 1033] (Harun, Abdus Salaam m)

کے والد عبد اللہ قریش کے وجیہ مردوں میں سے تھے۔ انہوں نے آمنہ
بنت وہاب سے شادی کی ۔ ایک بار ان کے والد عبدالمطلب نے
کھجوروں کی تجارت کے لئے انہیں یثرب سے باہر بھیجا اور اس سفر
کے دوران ان کا انتقال ہوگیا۔ عبد اللہ کی وفات کے بعد محمد کی
ولادت ہوئی ۔ وہ اپنے دادا عبدالمطلب کی تحویل میں چلے گئے۔
انہوں نے اپنے پوتے کو دودھ پلانے کے لئے ایک خاتون مقرر کردیں۔ جن
کا نام حلیمہ تھا۔ محمد جب چلنے لگے تو انکی رضائی والدہ نے انکی
دیکھ بھال اپنی بیٹی اور محمد کی دودھ شریک بہن کے سپرد کردی۔
ایک بار وہ روتی ہوئی اپنی ماں کے پاس آئی۔ اے ماں! میں نے ابھی
دیکھا کہ مرد میرے بھائی کو لے گئے اور اس کا پیٹ پھٹ گیا۔حلیمہ
دوڑتی ہوئی باہر گئیں تو دیکھا محمد کا رنگ سفید تھا۔ لیکن وہ تنہا
تھے۔ اس واقعہ سے حلیمہ پریشان ہوگئیں اور آمنہ کے پاس دوڑیں ۔
لیکن آمنہ نے انہیں تسلی دی کہ جب محمد انکی کوکھ میں تھے۔
انہوں نے غیر معمولی خواب دیکھے۔ محمد نے پیدا ہوتے ہی ہاتھوں
پر ٹیک لگا کر سجدہ کیا اورآسمان کی جانب دیکھا[CITATION Sun8 \l 1033]۔
آمنہ یہ سن کر مطمئن ہو کر لوٹ گئیں۔ کچھ ہی عرصہ بعد آمنہ کا
بھی انتقال ہو گیا، اور محمد یتیم ہوگئے ۔ وہ ابھی کم عمر ہی تھے کہ
انکے دادا بھی رحلت پاگئے ۔ اب محمد اپنے چچا کی تحویل میں چلے
گئے۔ ان کے والد کے حقیقی بھائی ابو طالب اب ان کے سرپرست
تھے۔ محمد جب بلوغت کو پہنچے تو چچا انہیں اپنے ساتھ ایک تجارتی
سفر پر لے گئے۔
محمد کو دیکھ کر ایک ربی نے ابو طالب کو خبردار کیا کہ وہ آئندہ
محمد کو شام نہ لائیں کیونکہ یہ نوجوان انکا دشمن ہے۔ اور اہل شام
اسے مار ڈالیں گے۔محمد کی نوجوانی میں کچھ ایسے واقعات رونما
ہوئے کہ وہ مکہ میں امین کے نام سے مشہور ہوگئے۔ایک اہم واقعہ
تو کعبہ میں پتھر نصب کرنے کا تھا۔ ایک دفعہ ایک خاتون نے آگ جلائی
تو غلطی سے کعبہ کے کپڑے کو لگ گئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے آگ کے
شعلوں نے کعبہ کے پورے غلاف کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ۔ آگ تو بجھا
لی گئی لیکن عمارت کمزور ہوگئی۔ سب کو نظر آرہا تھا لیکن کوئی
بھی ڈر کے مارے کعبہ کو منہدم کر کے نئی عمارت بنانے کو تیار نہ
تھا ۔کعبہ خدا کا گھر تھا کوئی کیسے اسے گراتا ۔ عرب میں کون تھا
جو ابرہہ کے ہاتھیوں کی فوج کی درگت سے واقف نہ ہو۔ایسے میں
ولید ابن مغیرہ نے ہمت کی ۔ وہ کعبہ کی چھت پر یہ کہتے چڑھ

[CITATION Sun8 \l 1033] (The Expeditions -An Early Biography of Muḥammad by Maʿmar ibn Rāshid page 7)

گئے ۔ کہ خدہم صرف اس گھر کی از سر نو تعمیر کرنا چاہتے ہیں
انہوں نے چھت کے ایک حصے کو جب منہدم کرلیا تو باقی لوگوں نے بھی
ہمت کی، کعبے کی عمارت تعمیر کرنے کے بعد جب آخری ایک قیمتی
پتھر نصب کرنے کی باری آئی تو سب جھگڑنے لگے۔ ہر کوئی چاہتا تھا
کہ یہ سعادت اس کے حصے میں آئے ۔ جب کسی نتیجے پر نہ پہونچ
سکے تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ اب جو کوئی بھی پہلا شخص وہاں آئے
گا وہ اس سے فیصلہ کروائیں گے۔اب وہ انتظار کرنے لگے کہ اتنی دیر
میں محمد وہاں پہنچ گئے ۔ انہوں نے جب سارا ماجرہ سنا تو ایک
چادر منگوائی پتھر کو اس میں رکھا اور تمام لوگوں سے کہا کہ وہ
چادر پکڑ کر اس مقام تک لے جائیں جہاں پتھر نصب ہونا ہے۔ وہاں
پہنچ کر محمد نے اپنے ہاتھوں سے مقدس پتھر نصب کیا۔ اس واقعہ کے
بعد سے محمد کو امین کا لقب دے دیا گیا۔ پھر لوگ ان سے جانوروں کو
ذبح کرنے سے پہلے دعا کا کہنے لگے۔ ایسا ہوا کہ علاقے
میں ان سے دعا کروائے بغیر کوئی قصائی اپنا اونٹ حلال نہیں کرتا تھا۔
اس واقعہ کی تاریخوں میں اختلاف پایا جاتا ہے ۔

محمد کی خدیجہ سے شادی

جب محمد جوان ہو گئے تو خدیجہ بنت خویلد نے انکی خدمات حاصل
کرلیں۔ خدیجہ قریش کی ایک نامور اورمالدار خاتون تھیں۔ اور لوگ
انکی بہت عزت کرتے تھے ۔ خدیجہ نے سامان تجارت دے کر محمد کو
حبشہ کی ایک منڈی کی طرف روانہ کیا ۔ انہوں نے ایک خادم بھی
محمد کے ساتھ کردیا۔ راستے میں جب محمد ایک جگہ رکے تو ایک
درویش نے خادم سے پوچھا کہ انکا ساتھی کون ہے۔ محمد کے بارے میں
سن کر وہ بولا کہ اس جگہ نبی کے علاوہ کوئی نہیں رک سکتا۔
محمد کے سوانح نگار طبری کے مطابق سفر میں غلام نے دیکھا کہ دو
فرشتے محمد پر سایہ کئے ہوئے ہیں ۔حبشہ پہنچ کر محمد نے خدیجہ
کا مال دوگنی قیمت پر فروخت کیا ، اور واپس آکر تمام رقم ان کے
حوالے کردی۔ خدیجہ نے جب غلام سے سفر کے واقعات سنے تو انہیں
شادی کا پیغام بھیج دیا۔ تاہم ایک اور تاریخ دان ابن راشد کہتے ہیں کہ
محمد کی خدیجہ سے شادی ایک شادی کرانے والی خاتون کے ذریعہ
سے ہوئی۔ شادی کے وقت محمد کی عمر تقریبا پچیس سال جبکہ
خدیجہ کی چالیس سال تھی۔ محمد سے خدیجہ نے چار بیٹیوں رقیہ ،
زینب، فاطمہ اور ام کلثوم کو جنم دیا ۔ قاسم بھی انہی سے پیدا
ہوئے۔

محمد کا نبوت کا سفر

محمد کی نبوت کا سفر مکے کے ایک غار سے شروع ہوا۔ اس وقت انکی عمر چالیس سال چھ ماہ اور بارہ دن تھی۔ وہ 10 اگست 610 کا دن تھا جب جبرائیل نے انہیں نبوت کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ محمد ، آپ خدا کے رسول ہیںجبرائیل نے کہا اور وہ گھبرا کر وہ اپنے گھٹنوں کے بل گرگئے CITATION Sun8 \l 1033 ، اور کانپتے ہوئے کندھوں کے ساتھ رینگنے لگے۔ انہیں شاعر یا دیوانے کبھی پسند نہیں تھے ۔ ابھی وہ سوچ ہی رہے تھے کہ دوبارہ صدا آئی ۔ اے محمد! آپ اللہ کے رسول ہیں اور میں جبرائیل ہوں۔ انہوں نے آواز کا مآخذ تلاش کرنے کو ادھر ادھر نظر دوڑائی۔ تو جبرائیل انہیں زمین و آسمان کے درمیان معلق ایک تخت پر بیٹھے نظر آئے۔ CITATION Sun8 \l 1033

انہوں نے نظریں چرانے کی کوشش کی ۔ لیکن وہ جہاں دیکھتے ۔ ہر طرف انہیں جبرائیل ہی نظر آتے۔ وہ اپنی جگہ ساکت کھڑے رہے۔ یہاں تک ان کو تلاش کرتا ہوا ایک شخص آیا اور انہیں کھڑا دیکھ کر مطمئن ہوکر چلا گیا۔ لیکن وہ اپنی جگہ پر ہی جامد رہے۔یہ ایک خلاف معمول واقعہ تھا ۔ انہیں سچے خواب تو کئی بار نظرآئے تھے۔ لیکن ایسا خوفزدہ کرنے والا واقعہ کبھی نہیں ہوا تھا۔ بلکہ ان کے خواب تو اتنے دلکش اور مسحور کن ہوتے تھے کہ انہیں تنہائی عزیز ہو گئی تھی۔وہ غار حرا میں تنہا کئی کئی دن عبادت کرتے رہتے۔ اس دن بھی ، وہ معمول کے مطابق غار حرا آئے تھے۔ کہ جبرائیل نظر آگئے۔ کافی دیر بعد انہوں نے کسی طرح اپنی ہمت مجتمع کی اور گھر پہنچے۔ انکی شریک حیات گھر پر ہی تھیں۔ مجھے ڈھانپ دو CITATION Sun8 \l 1033 ۔ انہوں نے خدیجہ سے کہا ۔جب طبیعت بحال ہوئی تو انہوں نے سارا ماجرہ اپنی زوجہ سے کہ ڈالا ۔خدیجہ نے انہیں تسلی دی اور کہا کہ یہ تو ایک نیک شگون ہے، وہ محمد کو اپنے کزن ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں ورقہ ایک عمر رسیدہ شخص تھے ۔ وہ عیسائی تھے اور عربی میں انجیل پڑھتے تھے۔ تم نے کیا دیکھا ؟ انہوں نے اپنی آنکھوں کو سکیڑتے ہوئے کہا ۔ ورقہ کو نظر نہیں آتا تھا۔ محمد کے واقعات سن کر انہوں نے گواہی دی کہ محمد کی ملاقات جبرائیل سے ہوئی ہے۔ جوخدا کے احکامات لے کر موسی کے پاس آتے تھے CITATION Sun8 \l 1033 ۔ انہوں نے کہا کہ جس وقت لوگ ا نہیں مسترد کردیں گے وہ انکی حمائت کریں گے۔ کیا لوگ مجھے مسترد کردیں گے؟ محمد نے حیرانگی

CITATION Sun8 \l 1033 (Watt, The History of al-Tabari (Ta'rikh al-rusul wa'l-muluk) vol 6,)
CITATION Sun8 \l 1033 (Bukhārī, Muḥammad ibn Ismāʻīl)
CITATION Sun8 \l 1033 (Sahih al-Bukhari 4953 : Book 65, Hadith 475)
CITATION Sun8 \l 1033 (Sahih al-Bukhari 3392 Book 60, Hadith 66)

سے پوچھا ورقہ نے جواب دیا کہ جو بھی محمد سے ملتا جلتا پیغام لے کے
آیا لوگ اس کے خلاف ہو گئے۔ محمد کی حمائت کی خواہش ورقہ کے
دل ہی میں رہ گئی کہ چند روز بعد ہی انکا انتقال ہوگیا۔ اس واقعہ
کے بعد محمد پر اعتماد ہوگئے اور غار حرا زیادہ تواتر سے جانے لگے،
جہاں انہوں نے اس مذہب کے بارے میں سیکھا جسے انہوں نے قائم
کرنا تھا۔انہیں سب سے پہلا حکم وحدانیت کا دیا گیا ۔ کہ خدا ایک ہے۔
دوسرا حکم   کسی بھی شبیہ یا بت کو مسترد کردینے کا تھا۔ یہ
دونوں وہی احکامات ہیں جو موسی کو دئے گئے ۔ لیکن محمد کا
تیسرا حکم پہلے نبیوں سے مختلف تھا۔ ہم نے دیکھا یہودیوں کو پاکی
ناپاکی کا بتا یا گیا تھا ۔ وہ غسل جنابت کرتے تھے اور اپنے کپڑے دھو کر
پاک کرتے تھے ۔ کسی اہم مشن پر جانے سے پہلے بھی وہ نہا کر صاف
کپڑے پہنتے تھے۔ موسی جب پہلی بار خدا سے ہمکلام ہوئے تو انہیں
بتایا گیا کہ وہ اپنے جوتے اتار کے بڑھیں کہ مقدس جگہ ہے۔ محمد کو
ایک تو پاک ہونے کے لئے وضو کا بتایا گیا ۔ دوسرا انہیں نماز سکھائی
گئی۔ جبرائیل نے انہیں وضو کرکے نماز پڑھنے کی عملی تربیت دی۔
محمد نے گھر آکر یہ طریقہ خدیجہ کو سکھایا ۔ وہ انکے پیچھے نماز
پڑھتی تھیں۔ شائد یہی وجہ ہے کہ جب محمد نے اپنی نبوت کا بتایا تو
خدیجہ نے فورا گواہی دی ۔ خدیجہ کے بعد محمد کے چچازاد بھائی علی
بن ابی طالب اور پھر انکے آزادکردہ غلام زید بن حارثہ نے گواہی دی۔
جلد ہی ایماندار تاجر ابوبکر اور طاقتور قبیلہ امیہ کے عثمان بن عفان
بھی انکے پیروکاروں میں شامل ہوگئے۔

سفر اسراء - معراج

یہ نبوت کے ابتدائی دنوں کی بات ہے۔ محمد رات کعبہ میں گزارا کرتے
تھے ۔ اس رات بھی وہ وہیں موجود تھے جب جبرائیل اپنے ایک ساتھی
فرشتے کے ساتھ آئے[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ جبرائیل نے اپنے ساتھی یا
ساتھیوں کی مدد سے محمد کو آب زم زم کے کنوویں کے پاس لٹا دیا ۔
پہلے انکا سینہ چاک کیا ۔ پھر انکے اعضا باہر نکال کر انہیں زمزم سے
دھویا اور پھر انہیں واپس انکے سینے میں رکھ دیا ۔ اب انہیں ایک
سواری پیش کی گئی ۔ سفید رنگ کا یہ جانور گھوڑے سے چھوٹا لیکن
خچر سے بڑا تھا۔ براق ایک جست میں انسانی نگاہ جتنا فاصلہ طے
کرلیتا تھا۔ جلد ہی آپ یروشلم پہنچ گئے ۔ وہاں آپ نے براق کو باندھا
اور دو رکعت نمازا دا کی جب آپ فارغ ہوئے تو جبرائیل نے آپکو دو جگ
پیش کئے ۔ ایک میں دودھ تھا اور دوسرے میں شراب۔آپ نے دودھ والے

[CITATION Sun8 \l 1033] (Sahih al-Bukhari 7517, Vol. 9, Book 93, Hadith 608)

برتن کا انتخاب کیا ۔ آپ نے قدرتی چیز کا انتخاب کیا جبرائیل بولے ۔
[CITATION Sun8 \l 1033] یہاں سے آپ کا عرش کا سفر شروع ہوا۔ آپ کی
پیغمبروں سے ملاقات ہوئی۔ آپ کا تعارف آدم ، ابراہیم ، ہارون ،
ادریس اور موسی سے ہوا سب نے آپکو خوش آمدید کہا۔ موسی کا
چہرہ سرخی مائیل تھا اوروہ لمبے اور دبلے پتلے تھے۔۔ [CITATION Sun8 \l 1033]
عیسی ابن مریم درمیانے قد کے تھے اور انکے بال گہری رنگت کے تھے
انکے چہرے سے ایسا لگتا تھا کہ وہ جیسے ابھی غسل کرکے آئے ہوں۔
ان کے سر سے پانی ٹپکتا محسوس ہوتا تھا ۔ جبکہ پانی تھا نہیں
[CITATION Sun8 \l 1033]۔ جبرائیل نے انہیں سات آسمانوں کی سیر کروائی ۔
جنت دوزخ دکھائی ۔ اور انہیں اس درخت تک لے گئے جس کے آگےکوئی
جاندار نہیں جا سکتا ۔ یعنی سدرہ المنتہا۔ خدا نے انہیں پچاس
نمازیں پڑھنے کا حکم دیا۔ واپسی کے سفر میں موسی ملے تو انہوں نے
محمد کو مشورہ دیا کہ واپس جاکر نمازوں میں کمی کروائیں کہ امت
کے لئے اسے پورا کرنا مشکل ہوگا۔ اے خدا ، برائے کرم ہمارا بوجھ
ہلکا کریں کیونکہ میرے پیروکار ایسا نہیں کرسکتے ، انہوں نے اللہ
تعالیٰ سے التجا کی۔ خدا نے کہا کہ اس کے کہے الفاظ تبدیل نہیں
ہوتے ۔ پانچ نمازیں ہی پڑھیں لیکن ثواب پچاس کا پائیں [CITATION Sun8 \l 1033]
۔سفر ختم ہونے پر محمد نے اپنے آپ کو مقدس مسجد میں پایا۔
اس سفر کے بعد محمد کی جلد خوشبودار ہوگئی ہوے خوشبو اتنی
سحر انگیز تھی کہ ان کے ساتھی ان کی جلد سے اپنی جلد رگڑتے تھے
اور وہ مہکنے لگتی تھی [CITATION Sun8 \l 1033]۔ جب محمد نے لوگوں کو اس
واقعے کے بارے میں بتایا تو کسی کو یقین نہیں آیا ، کہ کوئی ایک ہی
رات میں یروشلم گیا وہاں نماز پڑھی اور اسی رات واپس آگیا۔ کچھ
تو اسلام سے ہی متنفر ہوگئے۔ کچھ لوگ ابوبکر کے پاس گئے اور انہیں
بتایا کہ تمھارا نبی کیا کہتا ہے۔ کہتے ہیں کہ ابوبکر نے جب سنا تو
پوچھا کیا یہ محمد نے کہا جب لوگوں نے اقرار کیا تو انہوں نے کہا کہ
اگر محمد نےکہا ہے تو یقینا سچ ہوگا اس دن سے ابوبکر کا نام صدیق
پڑ گیا [CITATION Sun8 \l 1033]۔ بعد کے ادوار میں محمد کے اس سفر پر

[CITATION Sun8 \l 1033] (al-Nasā'ī, Abū `Abd ar-Raḥmān Aḥmad ibn Shu`ayb ibn Alī ibn Sīnān)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Sahih al-Bukhari 3395, 3396)
[CITATION Sun8 \l 1033] (The Life of Muhammad, A Translation of Sirat Rasul Allah by Ibn Ishaq page 184)
[CITATION Sun8 \l 1033] (The History of al-tabari, Muhammad at Mecca, Volume VI, (Ta'rikh al-rusul wa 'l-muluk) page 80)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Montgomery page 80)
[CITATION Sun8 \l 1033] (The Life of Muhammad_ A Translation of Sirat Rasul Allah by Ibn Ishaq page 183)

مسلمانوں میں اختلاف ہو گیا ، وہ الجھنے لگے کہ یہ روحانی سفر تھا
یا جسمانی۔ مبصرین کا ماننا ہے کہ سفر کی نوعیت پر توانائیاں ضائع
کرنے کی بجائے مسلمانوں کو اس سفر کے پیغام پر توجہ دینے کی
ضرورت ہے۔

مکہ میں تبلیغ

محمد پر وحی نازل ہوتی رہی، کبھی فرشتہ آدمی کے روپ میں آکر
ان سے بات کرتا اور کبھی کان میں گھنٹی سی بجنے لگتی یہ الہام کی
سب سے مشکل قسم تھی[CITATION Sun8 \l 1033]۔ ان کے ماتھے پر شدید
سردی میں بھی پسینہ آجاتا تھا۔ رمضان کی راتوں میں جبرائیل انہیں
ہر رات قرآن کی تعلیم دیتے تھے ، ان دنوں وہ بہت فیاض ہو جاتے
[CITATION Sun8 \l 1033]۔ ماضی کے انبیاء کی طرح محمد میں ایک جوش اور
غیر معمولی توانائی تھی[CITATION Sun8 \l 1033]۔ ان کی باتوں میں اثر تھا۔
انہوں نے سب سے پہلے اپنا پیغام اپنے قریبی رشتے داروں اور دوستوں
تک اپنا پیغام پہنچایا۔ پھر چوتھے سال سے انہوں نے کھلے عام تبلیغ
شروع کردی۔ انہوں نے سب سے پہلے اپنے قبیلے کے لوگوں قریش کو
مخاطب کیا۔ پہلے تو قریش نے کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا لیکن جب
محمد نے انکے جھوٹے خداؤں کی مذمت کی تو وہ اشتعال میں آگئے ۔
انہیں لگا کہ بتوں کو مسترد کر کے محمد نے انکے مفادات پر حملہ کیا
ہے جو انہیں کعبہ کے متولی کی حیثیت سے حاصل تھے ، کیوں کہ
کعبہ میں بے شمار بت تھے جن کی پوجا کی جاتی تھی ، جن پر قیمتی
چڑھاوے چڑھاتے تھے۔ جب محمد نے قریش کو جمع کر کے کہا کہ وہ
مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کئے جائیں گے ، انہیں اپنے اعمال کا جواب دینا
ہوگا ، اچھے اعمال کے بدلے جنت ملے گی اور برے اعمال کے بدلے جہنم
انکا یہ کہنا تھا کہ انکے چچا ابولہب نے انکو مارنے کے لئے ایک پتھر اٹھا
لیا۔ اسوقت تو رشتہ داروں نے انہیں بچالیا لیکن وقت کے ساتھ قریش
کی نفرت اور مخالفت بڑھتی گئی۔ ابوحکم ، جسے محمد ابوجہل
(یعنی جاہل کے والد) کہتے تھے اور ابو سفیان ، محمد اور انکے دین کے
سب سے بڑے دشمن بن گئے۔ ان کے چچا ابو طالب کی فراہم کردہ
حفاظت کی وجہ سے قریش محمد کو تو کوئی گزند نہیں پہنچا پائے
لیکن ا نکے پیروکاروں کے ساتھ بدسلوکی شروع کردی۔ ان پر جسمانی
تشدد تک کیا گیا۔ جب قریش کی ریشہ دوانیاں حد سے بڑھ گئیں تو

CITATION Sun8 \l 1033 (Sahih al-Bukhari Book 1, Hadith 2)
CITATION Sun8 \l 1033 (Sahih Bukhari, Vol. 1, Book 1, Hadith 5)
CITATION Sun8 \l 1033 (The Historians' History of the World, Volume VIII, Parthians, Sassanids, and Arabs page 115)

محمد کے تقریبا اسی ساتھی بشمول عثمان بن عفان کے دوسرے ملک ہجرت کر گئے CITATION Sun8 \l 1033 ۔ قریش نے فورا انکے پیچھے اپنے سفیر روانہ کئے، انہوں نے جا کر ابے سینا یا حبشہ کے بادشاہ کو قیمتی تحائف دئے اور پناہ گزینوں کی حوالگی کا مطالبہ کیا۔ نجاشی نے ان کے دلائل سننے کے بعد محمد کے ساتھیوں کو انکے حوالے کرنے سے انکار کردیا اور انہیں اپنی مملکت میں باضابطہ پناہ عطا کی۔ نجاشی کو لگا کہ کعبہ کے بت پرستوں کے مقابلے میں محمد اور انکے ساتھی حق پر ہیں۔ محمد نے اپنا مشن جاری رکھا اور اگلے کئی سال تک ، انہوں نے اپنے مذہب کی سچائی ثابت کرنے کے لئے سخت محنت کی۔ وہ جگہ جگہ پھرے اور اپنے دین کی تبلیغ کرتے رہے۔ شروع میں انکے ساتھیوں کی تعداد بہت کم تھی ۔ تاہم ان شروع کے لوگوں نے آگے چل کر دین کی ترویج میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔مسلم دنیا کے طاقتور ترین خلیفہ عمر شروع میں اسلام کے شدید مخالف تھے۔ وہ محمد کو قتل کرنے کی نیت سے گھر سے نکلے ۔ کہ راستے میں کسی نے کہا میاں پہلے اپنے گھر کی خبر تو لو تمھاری بہن اور بہنوئی محمد کے پیروکار بن گئے ہیں CITATION Sun8 \l 1033 ۔ یہ سننا تھا کہ عمر غصبناک ہوگئے ۔ بہن کے گھر پہنچے تو دیکھا وہ قرآن پڑھ رہی ہیں۔ یہ دیکھ کر انہیں مزید غصہ آیا ۔ انکو اتنی زور سے مارا کہ خون جاری ہوگیا ۔ بہن کا خون دیکھ کر عمر ٹھنڈے پڑ گئے۔ اور پوچھا کہ وہ کیا پڑھ رہی ہیں ، بہن نے جھٹ سے سورہ طہٰ کی آیات سامنے رکھ دیں ، عمر نے پڑھا تو بولے یہ تو انتہائی اعلی کلام ہے ۔ بہنوئی سے کہامکے محمد کے پاس لے چلو میں انکا دین قبول کرنا چاہتا ہوں ۔ بہنوئی نے مسکرا کر کہا ۔ کہ محمد نے کل ہی دعا کی تھی کہ خدا عمر اور ابو جہل کو مسلمان کردے تاکہ دین کو استحکام حاصل ہو CITATION Sun8 \l 1033 ۔

عمر بن الخطاب ایک قوی الجثہ ، زبردست طاقت اور ہمت کے حامل شخص تھے۔ وہ چھبیس سال کے تھے جب انہوں نے اسلام قبول کیا۔ عمر اور حمزہ کے ایمان لانے سے محمد اور انکے ساتھی تو بہت مستحکم ہوگئے۔ لیکن قریش ڈر گئے۔جب ان سے کچھ نہ بن پڑا تو انہوں نے محمد اور انکے ساتھیوں کا بائیکاٹ کردیا۔ انہوں نے عہد کیا کہ وہ بنو ہاشم اور بنو المطلب کو نہ تو کچھ بیچیں گے نہ ان سے کچھ خریدیں گے ، نہ انکی خواتین سے شادی کریں گے نہ انہیں اپنی

CITATION Sun8 \l 1033 (The History of Al-Tabari Muhammad at Mecca page 98)
CITATION Sun8 \l 1033 (as-Sallabi page 52)
CITATION Sun8 \l 1033 (The Life of Muhammad, A Translation of Ishaq's Sirat Rasol Allah page 197)

خواتین دیں گے[CITATION Sun8 \l 1033]۔ یہ بہت سخت بائیکاٹ تھا اس سے
محمد اور انکا کنبہ شعب ابی طالب کی ایک تنگ گھاٹی میں قید ہوگیا۔
انکا شہر سے ہر قسم کا رابطہ کٹ گیا ۔ یہ پابندی تین سال تک جاری
رہی ۔ سنہ 619 میں محمد مکہ لوٹ آئے لیکن آتے ہی انکو دو بڑے
صدمات کا سامنا کرنا پڑا۔ پہلے انکے پیارے چچا کا انتقال ہوا اور پھر
انکی زوجہ وفات پاگئیں۔ چچا کی وفات نے انہیں نئے خطرے سے
دوچار کردیا۔ انکے چچا نے انہیں حفاظت دی ہوئی تھی۔ وفات کے بعد
ابو لہب قبیلے کے سربراہ بن گئے اور انہوں نے وہ تحفظ واپس لے لیا۔
اب انہیں کوئی بھی گزند پہنچا سکتا تھا اور اس کو خون بہا بھی نہ
ادا کرنا پڑتا۔ چچا کی وفات سے تحفظ ختم ہوا تو زوجہ کی وفات سے
وہ تنہا ہوگئے۔ خدیجہ کا محمد کی زندگی پر بہت گہرا اثر تھا وہ
اپنے شوہر کی وفادار ساتھی تھیں[CITATION Sun8 \l 1033]۔ انہوں نے محمد
کی اس وقت حوصلہ افزائی کی جب لوگوں نے ان کا مذاق اڑایا ۔ وہ
اپنے شوہر کی مونس و غم خوار تھیں۔ خدیجہ کی وفات کے بعد بھی
محمد انکا بڑی محبت سے تذکرہ کرتے۔ قربانی ہوتی تو خدیجہ کی
سہیلیوں کو گوشت بھجواتے۔ پیارے چچا اور شریک حیات کے انتقال پر
محمد غمزدہ تو ہوئے لیکن انہوں نے اپنا مشن جاری رکھا۔ دن کے اجالے
میں اور رات کی تاریکی میں وہ لوگوں کو خدا کی جانب بلاتے رہے۔
میں خدا کا رسول ہوں ، آپ کو یہ حکم دیتا ہوں کہ خدا کی عبادت کرو
اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناو[CITATION Sun8 \l 1033]۔ انہوں نے
سب کو دعوت دی لیکن کم نے ہی انکے پیغام پر لبیک کہا۔ وہ کوئی
دس سال مکہ میں رہے۔ لیکن ان کے پیروکاروں کی تعداد سینکڑوں
میں ہی رہی۔ محمد کو کامیابی اس وقت ملنا شروع ہوئی جب
یثرب کے چند لوگوں نے اسلام قبول کرلیا ۔ اسوقت مدینہ کو یثرب
کہا جاتا تھا

اہل مدینہ کا قبول اسلام

محمد کی تبلیغ سے متاثر ہوکر مدینہ سے حج کے لئے آئے چھ افراد نے
اسلام قبول کرلیا۔ یہ خزرج قبیلے کے لوگ تھے۔ ان لوگوں نے واپس
جاکر اسلام کو اپنی سرزمین میں متعارف کروایا[CITATION Sun8 \l 1033]۔ اگلے
سال وہ اپنے ساتھ اوس قبیلے کے کچھ لوگ لے آئے ۔ انہوں نے محمد

[CITATION Sun8 \l 1033] (The History of al-Tabari, Muhammad at Mecca Volume VI, page 105)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Sahih Muslim 2435 Book 44, Hadith 108) (Sahih al-Bukhari 3432, Vol. 4, Book 55, Hadith 642)
[CITATION Sun8 \l 1033] (TheHistory of al-Tabari, Muhammad at Mecca)
[CITATION Sun8 \l 1033] (TheHistory of al-Tabari, Muhammad at Mecca page 125-126)

سے عہد کیا کہ وہ بت پرستی چھوڑ دیں گے۔ اگلے سال یہ لوگ اپنے ساتھ پچھتر مزید لوگ لے آئے ۔ جنہوں نے نہ صرف اسلام قبول کر لیا بلکہ انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ محمد کی حفاظت اپنے کسی قریبی عزیز کی طرح کریں گے [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ مکہ سے کوئی پونے تین سو میل دور ، یثرب ، ایک بالکل مختلف جگہ تھی۔ ایک زرخیز نخلستان میں واقع یہ وادی کبھی یہودیوں کے زیر تسلط تھی ۔ لیکن پھر اوس اور خزرج کے قبیلے زور پکڑ نے لگے۔ قبائیل کی آپسی جنگوں کی وجہ سے شہر میں ہمہ وقت ایک تناو کا ماحول رہتا تھا۔ کچھ سال پہلے ہی دو قبیلوں کے درمیان ایک شدید جنگ ہوئی تھی۔ مسلسل جنگوں کی وجہ سے زندگی اور معیشیت دونوں بری طرح متاثر ہوئے تھے

مدینے والوں کو امن قائم کرنے کے لئے ایک ایسے شخص کی خدمات درکارتھیں جو مقامی نہ ہو لیکن اس کی شہرت ایسی ہو کہ سب اسکی بات تسلیم کریں۔ انہوں نے سوچا کہ محمد سے زیادہ بہتر ثالث کون ہو سکتا ہے۔ جو اپنی دیانتداری اور صداقت کے لئے مشہور ہو۔ مدینے والوں نے مشورہ کی اور محمد کو بطور ثالث مدینے مدعو کرلیا، جب قریش کو پتہ چلا کہ محمد نے اپنے قبیلے کے باہر ایک دوسرے قبیلے میں اور اپنے شہر سے باہر ایک دوسرے شہر میں اپنا سکہ جما دیا ہے۔ تو انہوں نے محمد کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تاکہ اس معاملے کو ہمیشہ کے لئے حل کرلیں [CITATION Sun8 \l 1033] ۔انہوں نے ہر قبیلے سے نامور اورطاقتۃ ور لوگ منتخب کئے کہ وہ جاکہ محمد کو قتل کردیں ۔ ہر قبیلے سے لوگ اسلئے لئے گئے تاکہ محمد کے خون بہا کی رقم کسی ایک کو نہ دینی پڑے بلکہ تمام قبائیل میں برابر تقسیم ہو جائے [CITATION Sun8 \l 1033] ۔وہ ابھی منصوبہ ہی بنا رہے تھے کہ جبرائیل نے محمد کو اس سازش سے آگاہ کردیا۔ آج کی رات اپنے بستر پر نہ گزاریں انہوں نے محمد کو مشورہ دیا۔ محمد نے اپنے بستر پر اپنے کزن علی ابن طالب کو سلایا اورخاموشی سے نکل گئے۔ اور قاتلوں کی فوج کو کانوں کان خبر نہ ہوئی۔ نہ ہی انہیں پتہ چل سکا جو محمد کے مکان پر پہرہ دے رہے تھے۔ وہ تو منتظر تھے کہ رات بھیگے تو گھس کر انکو قتل کردیں

کہتے ہیں کہ مکان سے نکلتے وقت محمد نے سورہ یسین کی پہلی نو آیات کی تلاوت کی ۔اور مٹی اچھالی تھی جس سے دشمن انہیں نہیں

[CITATION Sun8 \l 1033] (TheHistory of al-Tabari, Muhammad at Mecca page 130) (The Life of Muhamamd translation of Ishaq's Sirat Rasol Allah page 198-202)

[CITATION Sun8 \l 1033] (TheHistory of al-Tabari, Muhammad at Mecca page 140)

[CITATION Sun8 \l 1033] (TheHistory of al-Tabari, Muhammad at Mecca page 142)

دیکھ پایا۔ محمد نے گھر سے نکل کر غار ثور میں پناہ لی۔ جلد ہی ابوبکر ان کے پاس پہنچ گئے۔ ادھر قریش علی کو محمد کے بستر پر پاکر سٹپٹا گئے۔ جب علی نے محمد کے بارے میں نہیں بتایا تو وہ تشدد پر اتر آئے انہیں کچھ دیر حراست میں رکھا لیکن پھر چھوڑ دیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ اگلے تین دن محمد اور ابوبکر نے غار میں گزارے۔ قریش نے اعلان کردیا کہ جو کوئی محمد کے بارے میں اطلاع دے گا اسے سو مادہ اونٹ کا انعام دیا جائے گا۔ کچھ نے انعام کے لالچ میں محمد کو ڈھونڈنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے۔ تین روز بعد محمد ابو بکر کے ساتھ اونٹوں پر مدینہ ہجرت کر گئے۔ وہ چوبیس ستمبر سنہ 622 کو مدینہ پہنچ گئے۔ ہجرت کے وقت محمد کی عمر 53 سال تھی۔ جلد ہی انکے ساتھی بھی مدینہ پہنچ گئے۔

محمد کی یثرب آمد ۔ ریاست مدینہ کی بنیاد- 622

یثرب یا مدینہ آمد پہنچ کر محمد نے ثالث کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دینا شروع کردئے۔ رسموں رواجوں میں جکڑے ہ فرسودہ نظام پر قائم عرب معاشرے سے قدیم تنازعات کو ختم کردینا ایک نہائت کٹھن کام تھا اس کے لئے وسیع پیمانے پر اصطلاحات کی ضرورت تھی۔ عرب ابراہیم کے زمانے سے ہی خانہ بدوش ہیں۔ وہ جولائی سے ستمبر تک چار مہینے اپنے قبائلی علاقوں کے کنوؤں کے گرد گزارتے CITATION Sun8 \l 1033 ۔ لیکن اکتوبر کی پہلی بارش کے ساتھ ہی وہ سبز چراگاہوں کی جانب روانہ ہوجاتے۔ بددوں کی زندگی بہت سادہ تھی ۔بکری یا اونٹ کے بالوں سے بنے ایک خیمہ میں ایک پورا خاندان رہتا تھا۔ ایک قبیلہ متعدد خاندانوں پر مشتمل ہوتا تھا۔ بالغ مرد اپنے سربراہ کا انتخاب کرتے اور سردار ان پر قدیم رسم و رواج کے مطابق حکومت کرتے. قبائیلی اپنی نسل پر بہت ناز کرتے۔ اپنی نسل کو خالص رکھنے کے لئے وہ شادیاں بھی اپنو ں میں ہی کرتے ۔ قبائیل کے درمیان نہ ختم ہونے والی جنگیں جاری رہتیں۔ کنویں ، بھیڑ ، اونٹ اور چراگاہوں کے قبضہ کے لئے ان میں ہمیشہ سخت مقابلہ رہتا ۔ عرب کسی کی برتری تسلیم نہیں کرتے تھے CITATION Sun8 \l 1033 ۔ اگر کسی ایک قبیلہ کے فرد سے کوئی قتل ہوجاتا تو دشمنی نسلوں چلتی رہتی۔ عرب میں آنکھ کے بدلے آنکھ اور جان کے بدلے جان کا قانون تھا لیکن چونکہ وہ کسی کی برتری تسلیم ہی نہیں کرتے تھے ۔ اس لئے

CITATION Sun8 \l 1033 (TheHistory of al-Tabari, Muhammad at Mecca page 144)
CITATION Sun8 \l 1033 (J.J.Saunders page 3)
CITATION Sun8 \l 1033 (M. Watt page 263)

بدلہ لینے کے بعد بھی امن نہیں ہوتا تھا ۔ ایک قتل کے بدلے کئی قتل ہوجاتے اور بدلہ لینے کا کبھی نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری رہتا۔ مکے میں تو بدلے کا قانون قریش کے حلم ،صبر اور خوش حالی کے باعث کامیاب تھا لیکن مدینے میں جو کہ نخلستان میں بکھری ہوئی آبادیوں کا مجموعہ تھا۔ یہ نظام بری طرح ناکام تھا۔ محمد نے قرآنی تعلیمات کی روشنی میں مدینے میں بڑے پیمانے پر معاشرت اصلاحات نافذ کر کے پورے معاشرے کے تانے بانے کو ہی یکسر تبدیل کردیے۔ انہوں نے قانون بنا دیا کہ کسی جرم کی سزا جرم کے برابر ہوگی۔ تاہم جرم کو مکمل طور پر معاف کرنے کی حوصلہ افزائی کی گئی CITATION Sun8 \l 1033۔ غربت کی وجہ سے لڑکیوں کو قتل کرنے کا رواج تھا۔ قرآن نے اسے ایک بہت بڑا گناہ قرار دے کر اسے منسوخ کردیا ۔ اور لوگوں کو تلقین کی کہ وہ اپنی اور اپنے خاندان کی ضروریات کی فراہمی کے لئے خدا پر بھروسہ رکھیں ۔ نئے قوانین میں زمین کے حقوق ، وراثت اور تمام معاشرتی امور کھول کر بیان کردئے گئے۔ اسلام سے پہلے شادی کا مختلف تصور تھا۔خواتین شادی کے بعد اپنے خاندانی گھر میں ہی رہ سکتی تھیں اور ان کے شوہر ان سے وہیں ملنے آتے۔ کئی قبیلوں میں رواج تھا کہ ایک عورت کے ایک وقت میں کئی شوہر ہوتے۔ ایسا بھی ہوتا کہ شادی کے بعد بھی شوہر دوسری عورتوں سے تعلقات رکھتا اور بیوی کو بھی اجنبی مرد ملنے آتے رہتے CITATION Sun8 \l 1033۔ ایسی مثالیں بھی تھیں کہ ایک شخص نے چار عورتوں سے شادی کی ، جس کے پہلے ہی دو یا تین شوہر موجود تھے۔ دو بہنوں سے شادی تو عام سی بات تھی۔ محمد نے نکاح کا ایک جامع نظام متعارف کروایا۔ جس میں شادی و طلاق کے واضح قواعد و ضوابط موجود تھے۔ نئے قانون میں ماں ، سوتیلی ماں ، بیٹی ، بہن سوتیلی بہن ، خالہ ، پھوپھی، بھائی کی بہن کی بیٹی ، اور بیوی کی ماں سے شادی ممنوع قرار دے دی گئی۔ رضاعی ماں کو حقیقی والدہ اور دودھ شریک بہن بھائیوں کو حقیقی بہن بھائی کے برابر قرار دے دیا گیا۔ اسلام سے پہلے عورت جائیداد کی مالک نہیں ہوسکتی تھیں نئے قوانین کے تحت عورت کو جائیداد رکھنے کی اجازت مل گئی۔ وراثت میں بھی عورت کا حصہ متعین کردیا گیا۔ نئے ضوابط میں غلامی کی حوصلہ شکنی کی گئی ۔ مسلمانوں میں امت اور بھائی چارے کے تصور نے ایک مسلمان کے لئے کسی دوسرے مسلمان کو غلام بنانا نا ممکن بنا دیا۔ محمد نے صرف قوانین ہی وضع نہیں کئے بلکہ ان پر

CITATION Sun8 \l 1033 (Quran 5:45)

CITATION Sun8 \l 1033 (Muhammad at Medina page 272)

عمل درآمد بھی کروایا ۔ امیر غریب اپنے اور غیر قانو ن کی نظر میں
سب برابر تھے۔ محمد کہا کرتے تھے کہ اگر انکی لاڈلی بیٹی فاطمہ
سے بھی چوری کا جرم سرزد ہوگیا تو انکے بھی ہاتھ کٹیں گے۔
اسلامی عقیدے کی بنیاد خدا پر پختہ یقین ہے ۔ اس عقیدے میں
عبادت حسن سلوک ، حق یا دورے لفظوں میں اپنے امور کی درست
طور پر بجا آوری شامل ہیں۔ اسلام کے پانچ ستون ہیں۔ وحدانیت
اسلام کی بنیاد ہے ۔ کہ صرف اللہ (صرف) کی عبادت کی جائے اور
یقین رکھا جائے کہ اللہ کے علاوہ کوئی دوسرا معبود نہیں، محمد کو
کو آخری نبی مانا جائے۔ اسلام کے بقیہ اجزا میں نماز ، زکوۃ ، روزہ
اور حج شامل ہیں۔[CITATION Sun8 \l 1033] اسلام میں خدا کو ہر چیز پر
فوقیت حاصل ہے ۔ نوے فیصد اسلام کا تعلق خدا اور اس کے احکامات
سے ہے۔ وہی ایک سچا خدا ہے۔ اور قادر مطلق ہے ۔[CITATION Sun8 \l 1033]
اسلامی عقیدے کے مطابق قرآن اللہ کا کلام ہے جو جبرئیل کے ذریعے
محمد تک پہنچا ۔ اس کا ہر ہر لفظ سچا اور حرف الہی ہے۔
محمد کی مدینے موجودگی کے ثمرات ظاہر ہونا شروع ہو گئے۔ خزرج
اور اوس کے دیرینہ دشمن محمد کے زیر اثر کیا آئے کہ انکی دشمنی
محبت اور بھائی چارے میں تبدیل ہوگئی۔ مدینے میں محمد کا سب سے
بڑا کارنامہ ایک اسلامی معاشرے اور مسلم امت کا قیام تھا۔ اس
امت کی بنیاد مذہب پر تھی نہ کہ پرانے رسم و راوج کے تحت کسی
خونی یا قبائیلی رشتے پر[CITATION Sun8 \l 1033] مختلف قبیلوں اور قومیتوں
کے لوگ اس نئے معاشرے میں یک جان دو قالب بن گئے، اس عظیم
اسلامی معاشرے کی بنیاد مساوات پرتھی۔ آخری خطبے میں ، محمد
نے اسلامی معاشرے کا خلاصہ ان الفاظ میں بیان کیا اے لوگو! واقعی ،
ایک ہی خدا ہے اور سب آدم کی اولاد ہیں۔ خبردار ، کوئی عرب غیر
عرب سے اور کوئی غیر عرب ،عرب سے افضل نہیں ۔ کوئی سفید
فام ،سیاہ فام سے اور سیاہ فام سفید فام سے بہتر نہیں ۔ حقیقی
برتری صرف پرہیزگاری کی بنیاد پر ہے۔ محمد نے اپپنے اس آخری
خطبے میں پرانے انتقام ختم کرنے اور سود کو ختم کرنے کا بھی اعلان
کیا ۔ اب مسلمانوں نے صرف اصل رقم ہی ادا یا طلب کرنی تھی،
محمد نے بیویوں سے حسن سلوک کا حکم دیا۔ ان کی ضروریات کا
خیال رکھنے کی تاکید کی، انہوں نے مسلمانوں کا یک دوسرے کا بھائی
قرار دیا ۔"میں نے تم میں اللہ کی کتاب چھوڑی ہے ، اور اگر تم اس

[CITATION Sun8 \l 1033] (Riyad as-Salihin 1271, Book 10, Hadith 1)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Sahih Muslim 16b, Book 1, Hadith 19)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Muhamamd at Medina page 267)

پر قائم رہو گے تو تم کبھی گمراہ نہ ہوگے"، محمد نے اپنی امت کو
نصیحت کی۔ کچھ کہتے ہیں کہ محمد نے اپنے اہل و عیال کا بھی ذکر
کیا تھا۔ پھر بھی یہ بات غور طلب ہے۔ محمد نے کسی روحانی پیشوا یا
کسی جانشین کی بجائے مسلمانوں کو قرآن سے جڑا رہنے کی تلقین
کی۔
محمد کے آخری خطبہ کے بعد ، آیت 5: 3 نازل ہوئی جس میں دین کے
مکمل ہونے کا اعلان کردیا گیا
تاریخ دان حیرانگی کا اظہار کرتے ہیں کہ اعلی ترین اقدار کا پرچار
تو بہت سے لوگوں نے کیا لیکن تاریخ میں محمد وہ واحد شخص نظر
آتے ہیں جنھوں نے اپنے بیان کئے اصولوں پر ایک ریاست کی بنیاد رکھ
دی۔ انگریزتاریخ دان ایچ جی ویلس محمد کے بہت بڑے ناقد ہیں ،
لیکن محمد کے آخری خطبہ پر رائے زنی کرتے ہوئے کہتے ہیں، کہ
محمد وہ پہلے آدمی تھے جنہوں نے انسانی تاریخ میں پہلی بار اپنے
خطبات میں بیان کئے اعلی اصولوں کی بنیاد پر مدینے کامعاشرہ قائم
کردیا[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ مفکرین کی رائے میں عرب کی پوری تبدیلی
کے پیچھے صرف ایک شخص کارفرما تھا۔جب وہ مدینے میں تھے تو
صبر سے ہر تنقید یہاں تک کہ تشدد بھی برداشت کرتے تھے لیکن جب
مدینے پہنچتے ہیں تو ایک جنگجو کا روپ دھار لیتے ہیں۔ یہ بات
درست ہے۔ لیکن اس کی وجہ یہ ہے کہ مکے میں اسلام ابھی نوزائیدہ
حالت میں تھا۔ محمد نے دس سال کے قریب لوگوں کو نئے مذہب کے
لئے تیار کیا لیکن جب وہ مدینے پہنچے تو انہیں جنگ کرنے کا حکم ہوا
اسی قرآنی حکم پر انہوں نے جنگیں شروع کیں۔محمد کے فوجی کیریئر
کا آغاز غزوہ بدر سے ہوا ، ان کے دور میں انیس جنگیں ہوئیں جن
میں سے انہوں نے آٹھ میں شرکت کی جن کے نامیہ ہیں ۔ بدر ، احد ،
الاحزاب ، المرائسی ، قداد ، خیبر ، فتح مکہ اور حنین۔محمد کا ایک
اور کارنامہ اپنے لوگوں میں یہ لوثی پیدا کرنا تھا ان میں محنت کی
عادت ڈالنا تھا۔ محمد نے انکی ایسی تربیت کی کہ انہوں نے اپنی ذات
سے بالا ہوکر اپنے ہر عمل کو خدا کی خوشنودی کے لئے وقف کردیا،
اس تربیت کے ثمر ہمیں بعد کی مسلم سلطنتوں میں نظر آتے ہیں ۔
جب مسلم سائنسدانوں نے دنیا میں سائنسی علوم کی بنیاد رکھی۔ وہ
فن حرب، کاروبار، اور فنون لطیفہ میں اسوقت عروج پر تھے جب
یورپ سمیت پوری دنیا جہالت کے اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھی۔
تاریخ بتاتی ہے کہ یہودیوں کو کئی طرح کے مخفی علوم پر عبور تھا

[CITATION Sun8 \l 1033] (Wells, H. G. page 269)

۔ وہ قبالہ جانتے تھے ، مستقبل کا حال معلوم کرلیتے تھے ۔ لیکن اس سب کے باوجود یہودی تاریخ میں کم ہی خوچ حال ہوئے ورنہ زیادہ وقت تو وہ معتوب ہی رہے ۔ ان کے مقابلہ میں مسلمانوں کے پاس کوئی ایسے علم نہ تھے ۔یاں ان کی عمل پسندی تھی۔ ان کا شوق تھا کہ انہوں نے محنت سے علوم سیکھے ۔یہ محمد کی عمل پسندی تھی کہ انہوں نے نہ صرف اپنے لوگوں کو جسمانی طور پر جنگ کے لئے تیار کیا بلکہ انکے ذہنوں کی نشوونما بھی اس طرح کی کہ انکے لئے خدا کی راہ میں جان دینا سب سے بڑا اعزاز بن گیا۔ محمد نے اپنی امت کے ہر فرد کو پابند کیا کہ وہ جنگ میں حصہ لے جو عمر رسیدہ ہو وہ مالی طور پر مدد کرکے جنگ میں شریک ہو۔ محمد اکثر کہا کرتے تھے کہ جو شخص اللہ کی راہ میں لڑے بغیر ہی مر گیا ، اور اس کو کبھی جہاد کی خواہش نہیں ہوئی ، تو وہ ایک منافق کی موت سے مر گیا۔

جہاد

مسلمانوں کا جذبہ جہاد طلوع اسلام سے ہی غیر مسلموں کی توجہ کا مرکز رہا ہے۔ معروف مغربی تاریخ دان ہنری ولز اسمتھ نے اپنی حیرت کا اظہار ان الفاظ میں کیا۔ دنیا کی تاریخ میں مسلمانوں کی جنگی کارکردگیہ کی مثال نہیں ملتی ۔ ان میں ایک ایسا جنون سرائت کرگیا تھا کہ وہ انتہائی خوف ناک حالات کو بھی حقیر جانتے مشکل ترین حالات میں بھی نہ گھبراتے ۔ جنگیں ان کے لئے ضیافت تھیں ، اور جنگ کے خطرات ان کے لئے کھیل ، مسلمانوں کی اس شجاعت کے پیچھے ان کا پختہ ایمان تھا ، انہیں یقین تھا کہ جنگ کے دوران مرنے سے وہ جنت کے اعلیہ ترین مقام کے حقدار بن جائیں گے۔ جہاد عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے پورے دل سے کام کرنا۔ یا پوری دلجمعی سے کام کرنا ۔پوری دلجمعی کا انگریزی ترجمہ ہول ہارٹڈلی ہوگا ۔ یہ وہی لفظ ہے جو خدا نے ابراہیم کے ساتھ اپنا پہلا عہد کرتے وقت استعمال کیا تھا۔ جہاد کا ایک اور مطلب اخلاص یا کوشش ہے۔کچھ اسکالرز کے نزدیک جہاد کا مطلب ہے پوری توانائی اور قابلیت کے ساتھ دشمن سے لڑنا ہے ۔[CITATION Sun8 \l 1033] اسلام میں جہاد کی مختلف شکلیں بیان کی گئیں ہیں۔ کسی مرد کے لئے بہترین جہاد یہ ہے کہ خدا کی راہ میں لڑتے ہوئے اسکا خون بہے یا اسکا گھوڑازخمی ہو ظالم حکمران کے سامنے کلمہ حق کہنا

CITATION Sun8 \l 1033 (Arnold, Sir Thomas)

بھی جہاد کے زمرے میں آتا ہے۔[CITATION Sun8 \l 1033]۔ خواتین کے لئے سب سے بہترین جہاد حج مبرور کو قرار دیا جاتا ہے۔[CITATION Sun8 \l 1033]۔
اسلام کے جذبۂ جہاد کو مزید سمجھنے کے لئے زیل میں جنگ مؤتہ کا احوال درج ہے۔ یہ مسلمانوں اور بازنطینی فوج کے مابین پہلا معرکہ تھا۔

جنگ مؤتہ

ستمبر 629 ، ماآن شام

ستمبر کا ایک خوشگوار دن تھا کوئی تین ہزار کےقریب مرد ایک کھلے میدان میں کسی سنجیدہ گفتگو میں مشغول تھے[CITATION Sun8 \l 1033]۔ بظاہر وہ مقامی معلوم نہیں ہوتے تھے ۔ ان کی چال ڈھال بتا تی تھی کہ وہ عرب تھے۔ اگر وہ عرب تھے تو ایک بہت طویل سفر کر کے وہاں پہنچے ہوں گے ۔ لیکن ان کے چہروں پر تھکن کا شائبہ تک نہ تھا۔
یہ بدو سرحدی قبائیل سے اپنے ساتھی کی موت کا بدلہ لینے آئے تھے۔ لیکن جب یہ مآن کے قریب پہنچے تو انہیں معلوم ہوا کہ وہاں بازنطینی فوج کا ایک بڑا لشکر موجود ہے۔ اب و شش و پنج میں تھے کہ کیا کریں ۔ اتنی مختصر تعداد میں وہ کسی بڑی فوج سے نہیں لڑ سکتے تھے۔ لیکن واپس جانا بھی خارج از امکان تھا۔ یہ انکی خود مختاری اور قبائیلی انا کا مسئلہ تھا۔ دشمن نے عرب رسم و رواج کی سراسر خلاف ورزی کرتے ہوئے دو مسلمان ایلچیوں کو بغیر کسی وجہ کے قتل کردیا تھا۔ ان کا بدلہ لینا واجب تھا۔ محمد نے شام کے سرحدوں پر واقع ایک قبیلے میں اسلام کے پندرہ رسول بھیجے تھے۔ لیکن کفار نے چودہ ایلچی قتل کردئے۔ اور ایک کوچھوڑ دیا کہ وہ واپس جاکر اپنے لوگوں کو ساتھیوں کے انجام سے آگاہ کرے۔ پھر ایک اور واقعہ ہو گیا۔ البلقہ کے گورنر نے ایک اور ایلچی کو قتل کردیا۔ الحارث بن عمیر الزیدی ، فلسطین جا رہے تھے کہ جب شراحبیل بن عمرو الغسانی نے انہیں مؤتہ نامی جگہ پر روکا۔ شراحبیل بازنطینی شہنشاہ کا قریبی حلیف تھا۔ جب حارث نے بتایا کہ وہ ایک ایلچی ہے۔ اور محمد کا پیغام لے کرفلسطین جارہا ہے۔ تو اسےلگا ہوا کہ عربوں نے ایک نئے مذہب کی تبلیغ کے لئے ان کے علاقے میں آکر ایک ناقابل معافی جرم کیا ہے۔

CITATION Sun8 \l 1033 (Sunan Abi Dawud 4344, Book 38, Hadith 4330)
CITATION Sun8 \l 1033 (Sahih al-Bukhari 1520, Vol. 2, Book 26, Hadith 595)
CITATION Sun8 \l 1033 (The History of al-Tabari, Victory of Islam, VOLUME VIII page 152)

اس نے فورا سفیر کا سر قلم کرنے کا حکم دے دیا۔ عرب رسم و رواج میں کسی سفیر ایلچی یا نمائندے کو قتل نہیں کیا جاتا تھا CITATION Sun8 \l 1033 ۔ شراحبیل نے یہ انتہائی قدم علاقے کی سیاسی صورتحال کے پیش نظر اٹھا یا تھا۔ سنہ 622 میں ، جب محمد مدینہ میں اسلامی ریاست کی بنیاد رکھ رہے تھے ، اس وقت بحیرہ روم کی دنیا کی دو بڑی طاقتیں ، بازنطینی اور ساسانی ، ایک طویل جنگ کے آخری مرحلے میں داخل ہو رہی تھیں۔ ساسانانی (ایرانی) آتش پرست تھے جبکہ بازنطینی (گریکو رومن) آرتھوڈوکس عیسائی تھے۔ بازنطینی فاتح تھے ۔ ان کا مذہب دنیا میں تیزی سے دنیا کا مقبول ترین مذہب بن گیا۔ اسی سال خسرو کو اس کے بیٹے نے معزول کر کے قتل کردیا۔ CITATION Sun8 \l 1033

جولائی 629 میں ، ہرکولیس اور ایرانی کمانڈر شہربراز میں معاہدہ طے پا گیا کہ ایرانی مقبوضہ بازنطینی علاقوں سے فوج واپس بلالیں گے۔ اپنے علاقے کو واپس اپنے تسلط میں لینے کے لئے بازنطینی شہنشاہ نے یروشلم کے دورے کا منصوبہ بنایا۔ اس کی فوج نے اس اہم دورے سے مہینوں پہلے ہی پورے راستے کی حفاظت شروع کردی۔ مؤتہ اور ملحقہ علاقوں میں بھی سپاہی پہنچ گئیں۔ ادھر مسلم فوج بھی علاقے میں پہونچ گئی۔ جب سرحدی لوگوں کو معلوم ہوا تو وہ فورا اپنے اتحادی بازنطینیوں کے پاس پہنچ گئے۔ ایک بڑے دشمن کو سامنے پاکر بدووتذبذب میں پڑ گئے۔ مسلمانوں کے سپہ سالار زید بن حارثہ ایک غلام اور محمد کے منہ بولے بیٹے تھے ۔ انہیں تیر اندازی میں کچھ مہارت تھی۔ انہوں نے کچھ چھوٹی قبائلی جنگوں میں حصہ بھی لیا تھا ، لیکن انھیں کبھی کسی باقاعدہ فوج سے لڑنے کا کوئی تجربہ نہیں تھا۔ ان کے ساتھی بھی انہی جیسے تھے۔ وہ دبلے پتلے جسموں کے مالک تھے ، لیکن عرب قبائیلی ہونے کی وجہ سے ان میں جرات اور حوصلہ بہت تھا ۔ پھر انکے نئے مذہب نے انکی خصوصیات کو دوچند کردیا تھا لیکن اس سب کے باوجود وہ ناتجربہ کار تھے۔ اگلے روز وہ دوبارہ جمع ہوئے ۔ نئی اطلاع آئی تھی ۔ خبر ملی تھی کہ ہرکولیس قریب ہی موجود ہے اور اس کے ساتھ ایک لاکھ کا لشکر ہے۔ CITATION Sun8 \l 1033 ۔ اس کی فوج میں سرحدی علاقوں کے عیسائی عرب جنگجو بھی شامل ہیں۔ تین ہزار لوگ ایک لاکھ سپاہ کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔ یہ انہیں بھی معلوم تھا ، لیکن اگر کمک کےانتظار میں

CITATION Sun8 \l 1033 (Gil, Moshe page 22)
CITATION Sun8 \l 1033 (Kaegi, Walter E. page 66)
CITATION Sun8 \l 1033 (The Battles of the Prophet)

وہ بیٹھے رہتے تو تاثر جاتا کہ مسلمان ڈرپوک ہیں۔ قبائلی ہونے کے
ناطے وہ سب کچھ برداشت کر سکتے تھے لیکن بزدلی کا طعنہ نہیں۔
ابھی بات چیت ہو ہی رہی تھی کہ ایک شخص بڑے عزم سے کھڑا
ہوا CITATION Sun8 \l 1033
آپ لوگ اپنے گھروں سے شہادت کی تمنا لئے نکلے ہیں ۔ اور اب اسی
سے گھبرا رہے ہیں ۔ مرد تعداد یا ہتھیار سے نہیں لڑتا بلکہ وہ ایمان
کی طاقت سے جنگ لڑتا ہے۔ اگر ہم جنگ لڑتے ہیں تو اسکے دو نتیجے
ہوں گے یا فتح یا پھر شہادت۔ یہ ابن رواحہ تھے ، شاعر اور اس فوج
کے تیسرے سپہ سالار۔انکی پرجوش تقریر کا سب پر بہت اثر ہوا ۔
جو رواحہ نے کہا وہ سب کو معلوم تھا۔ لیکن رواحہ کی تقرسے انکا
تذبذب ختم ہوگیا۔ ابن رواحہ نے بالکل درست کہا ہے۔ ایک بولا اور پھر
ہر طرف سے ایسی ہی آوازیں آنے لگیں۔ وہ سب اپنے گھوڑوں پر
سوار ہوئے اور روانہ ہوگئے ۔ وادی تکبیر کے نعروں سے گونج اٹھی۔
وہ مشرق (جدید جارڈن) میں بلقہ ضلع کے سرحدی علاقہ کے قریب
تھے کہ انہیں بازنطینی فوج نظر آگئی۔مناسب جگہ کی تلاش میں
مسلمان کمانڈر نے اپنا جتھہ مؤتہ کی جانب موڑ لیا۔ بازنطینی فوج نے
انکا پیچھا کیا۔ مسلمان ایک مناسب جگہ پر رکے اور لڑنے کی تیاری
کرنے لگے۔ مسلم کمانڈر زید نے مرکز اور دو بازو وں کی صورت میں
اپنی فوج کو تعینات کیا۔انہوں نے قطبہ بن قتادہ کو دائیں طرف کی
کمان سونپی ، جبکہ عبایا بن مالک کو بائیں جانب کی ۔ زید خوش
قسمت تھے کہ دشمن کی قوت ایک لاکھ نہیں تھی ، جیسا کہ بتایا گیا
تھا ، لیکن پھر بھی ، وہ ان سے کم از کم پانچ گنا زیادہ تھے۔ یہ ایک
وسیع میدان تھا ، جو آج کے گاؤں مؤتہ کے مشرق کی طرف تقریبا ایک
میل تک پھیلا ہوا تھا۔ ملک بن زفیلہ کی قیادت میں ، عیسائی عربوں
نے ا پنی فوج ایک جتھے کی صورت میں تشکیل دی۔ جنگ شروع
ہوئی ، تو دونوں نے ایک دوسرے پر تابڑ توڑ حملے شروع کردئے۔
عیسائی تجربہ کار پیشہ ور فوجی تھے ، لیکن دشمن کی کم تعداد نے
انہیں بے پرواہ کردیا تھا۔ مسلمان بغیر کسی حکمت عملی کے بس لڑ
رہے تھے۔ جلد ہی مسلمان کمانڈر دشمن کے ایک وار سے جانبر نہ
ہوسکے۔ وہ غیر ملکی سرزمین پر جنگ کے دوران شہید ہونے والے
پہلے مسلم فوجی تھے۔ ان کے شہید ہوتے ہی جعفر ابن طالب نے
کمان سنبھال لی۔ فوج کی تشکیل دیتے وقت محمد نے اختیارات واضح
کردئے تھے ۔ زید بن حارثہ کمانڈر تھے اور انکے بعد جعفر تھے ۔ ان

CITATION Sun8 \l 1033 (The History of al-Tabari, Victory of Islam, VOLUME VIII page 154)

دونوں کے شہید ہوجانے کی صورت میں رواحہ نے قیادت سنبھالنی تھی۔ زید کے بعد علی کے بڑے بھائی جعفر بن ابی طالب نےقیادت سنبھالی۔انہوں نے بڑی بہادری سے دشمن کا مقابلہ کیا ۔ مگر کچھ ہی دیر میں ایک رومی سپاہی نے ان پر عقب سے حملہ کیا اور انکا دائیں بازو کاٹ ڈالا۔جعفر نے علم گرنے نہیں دیا ۔ اور فورا دوسرے ہاتھ میں لے لیا

جلد ہی انکا دوسرا بازو بھی کٹ گیا۔ جعفر کے اب دونوں بازو نہیں تھے ۔ وہ بچے کھچے جسم کے ساتھ کسی طرح علم بلند رکھنے کی کوشش کر رہے تھے کہ ایسے میں ایک فوجی نے ان کے سر پر میخ کا ایک زور دار وار کیا ۔ وہ جانبر نہ ہو سکے۔بعد میں انکے ساتھیوں نے انکے جسم پر پچاس زخم گنے۔[CITATION Sun8 \l 1033] ان کی شہادت کے ساتھ ہی علم گرگیا ۔ دوسرے مسلم کمانڈر کی ہلاکت سے مسلم سپاہ کے حوصلے پست ہونا شروع ہوگئے۔ اب قیادت ابن رواحہ کے ہاتھ میں تھی۔ وہ اپنی شاعری سے سپاہ کا حوصلہ بلند کرنے لگے۔ لیکن شاعری دلوں کو پگھلاتی ہے تلواروں کو نہیں ۔ جلد ہی ایک تلوار نے شاعر کی مترنم آواز کو ہمیشہ کے لئے خاموش کردیا۔ تین کمانڈروں کے گرنے کے بعد سپاہ میں بے چینی فطری تھی۔ کچھ جان بچانے لڑائی کے مقام سے بھاگ کر قریبی میدان میں چلے گئے۔دوسرے بہت سے گروہوں میں تقسیم ہوکر غیر منظم سی مزاحمت کرتے رہے۔ اس صورتحال سے عیسائی بھی تذبذب میں پڑ گئے اور ایک آسان فتح کا موقع گنوا دیا۔ ایسے میں ایک آدمی اٹھا اور اس نےمسلمانوں کو اپنا کمانڈر منتخب کرنے کا مشورہ دیا۔ ثابت بن ارقم کے اصرار پر کچھ لوگ خالد بن ولید گرد جمع ہو گئے اور ان سے کمان سنبھالنے کی درخواست کی۔ خالد تجربہ کار کمانڈر تھے لیکن وہ نئے نئے مسلمان ہوئے تھے۔ کچھ پس و پیش کے بعد انہوں نے ذمہ داری قبول کرلی۔ خالد جیسے کمانڈر کو یقینی شکست نظر آرہی تھی[CITATION Sun8 \l 1033]۔ ان سے پہلے کے تینوں سپہ سالاروں نے کسی حکمت عملی کی بجائے جوش کا مظاہرہ کیا تھا۔ خالد نے سب سے پہلے تو اپنی فوج کو منظم کیا۔ اب ان کے سامنے تین راستے تھے۔ اگر وہ پیچھے ہٹتے تو اس کا مطلب یقینی شکست تھا ۔ اور شکست کی تمام تر ذمہ داری انکے کندھوں پر آن پڑتی۔دشمن کی تعداد کی وجہ سے دفاعی حکمت عملی بھی کچھ کارگر نہ ہوتی ۔ مختصر سی فوج آخر کب تک ایک بڑے لشکر کا مقابلہ کرتی ۔ انہوں نے ایک تیسرا راستہ

[CITATION Sun8 \l 1033] (Sahih al-Bukhari 4260 Vol. 5, Book 59, Hadith 560)

[CITATION Sun8 \l 1033] (A.I.Akram)

اختیار کیا اور پوری قوت سے دشمن پر اچانکسے حملہ کردیا۔ ایک
تجربہ کار کمانڈر کے آنے سے مسلمان دستوں میں اعتماد بحال ہوا
تھا ۔ انہوں نے خالد کے حکم پر اپنی پوری قوت سے دشمن پر دھاوا
بول دیا۔ بازنطینی بوکھلا گئے ۔ اب دست بدست لڑائی شروع ہو
گئی ۔ ایسی ہی ایک دست بدست لڑائی میں دائیں بازو کے مسلمان
سپہ سالار قطبہ نے عیسائی فوج کے ایک کمانڈر ملک کو قتل کر ڈالا ۔
اپنے سپہ سالار کو ایک نا تجربہ کار بدوو کے ہاتھوں مرتا دیکھ کر
بازنطینی فوج کے حوصلے پست ہوگئے۔ مگر اس کامیابی نے مسلمانوں
کے حوصلے آسمان پر پہنچادئے۔ عیسائی وقت حاصل کرنے کے لئے
پیچھے ہٹ گئے ، اسوقت تک مسلم کمانڈر خالد بن ولید اپنی نو تلواریں
دشمن پر توڑ چکے تھے[CITATION Sun8 \l 1033]۔ خالد نے مسلم سپاہ کو روک
دیا اور بازنطینی فوج کو پیچھے ہٹنے دیا ۔ اب وہ آمنے سامنے تو تھے
لیکن ایک دوسرے کی پہنچ سے باہر تھے۔ اگلا مرحلہ مسلمانوں کے حق
میں ختم ہوا ۔ اس دور کے بعد دونوں افواج پیچھے ہٹ گئیں ، خالد
اپنی فوج کو لے کر واپس لوٹ آئے۔ مؤتہ کی جنگ کو مغرب مسلمانوں
کی شکست فاش کہتا ہے۔ لیکن یہ بات حقائق کے منافی معلوم ہوتی
ہے۔ کیونکہ فاتح فوج مفتوح فوج کو لوٹ لیتی تھی اور غلام بنا لیتی
تھی۔ خالد کی فوج کا واپس مدینہ پہونچ جانا یہ بتاتا ہے کہ اگر خالد
کی فوج مؤتہ کے میدان میں فاتح نہیں ہوئی تو کم از کم مفتوح بھی
نہیں ہوئی تھی۔مؤتہ کی جنگ مسلمانوں کے لئے کئی لحاظ سے اہم
تھی ایک تو یہ انکا ایک عالمی طاقت سے پہلا ٹکراو تھا دوسرا اس
جنگ کے نتیجے میں انہیں خالد بن ولید جیسا قابل کمانڈر ملا جس نے
آگے چل کر آدھی دنیا فتح کی۔ انہوں نے فلسطین اور دیگر بہت سی
اہم مسلم معرکوں میں شرکت کی اور فتح پائی۔ ابھی خالد دشمن
سرزمین پر ہی تھے کہ محمد نے اپنے لوگوں کو جمع کیا اور بتادیا کہ
موتہ میں کیا حالات پیش آئے۔ انہوں نے کہا کہ زید ، جعفر اور ابن
رواحہ کی شہادت کے بعد اللہ کی تلواروں میں سے ایک نے پرچم بلند
کیا ، اور اللہ نے انہیں فتح دی[CITATION Sun8 \l 1033]۔ اس دن کے بعد خالد کا
نام سیف اللہ پڑ گیا ، کیا دشمن کیا دوست وہ اسی نام سے پکارے اور
پہچانے جانے لگے۔ مسلمان سپہ سالار کے طور پر خالد نے بازنطینی
رومن سلطنت ، ساسانی ، فارسی سلطنت ، اور عرب باغی قبائل کی
فوجوں کے خلاف اکتالیس بڑی جنگیں لڑیں۔ اور ایک بھی نہیں

[CITATION Sun8 \l 1033] (Sahih al-Bukhari 4266,Vol. 5, Book 59, Hadith 56)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Sahih al-Bukhari 3757 Vol. 5, Book 57, Hadith 102)

ہاری ،میدان جنگ میں شادت کی شدید خواہش کے باوجود اللہ کی
تلوار میدان جنگ میں کبھی نہیں گری۔ اور انکی وفات بستر پر ہوئی

پیغمبر اسلام کی رحلت

محمد کی وفات مسلمانوں کے لئے ایک مشکل وقت تھا ۔ محمد کی
رحلت کی خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ کئی نے اسلام ترک
کردیا، ہر طرف سے بغاوت کی خبریں آنے لگیں[CITATION Sun8 \l 1033]۔
محمد کی مضبوط شخصیت کی وجہ سے قبائل جو پرانی دشمنیاں
ترک کر بیٹھے تھے وہ دوبارہ سر اٹھانے لگیں، پھر مسلیمہ اور دوسرے
منافق تھے جنھوں نے محمد کی زندگی میں ہی اپنی نبوت کا اعلان
کردیا تھا اور محمد سے انکی نبوت میں شراکت داری کے خواہاں تھے۔
اس وقت ایک ایسی قیادت کی ضرورت تھی جو مسلمانوں کو تقسیم
نہ ہونے دے۔ جس دن محمد کی رحلت ہوئی اسی دن یثرب کے کچھ
مقامی قبیلے اپنے سردار کا انتخاب کرنے کو جمع ہوگئے۔ کہ مکہ سے
آنے والے محمد کے ساتھی خود ہی اپنا سردار چن لیں گے۔ عمر اور
ابوبکر تک یہ اطلاع پہنچی تو وہ فورا اس جگہ پہنچ گئے۔ تمام لوگ
ایک چوپال میں جمع تھے۔ وہ انہیں دیکھتے ہی بولے کہ انہوں نے
اجنبیوں کو پناہ دی ۔ اب سردار انہی میں سے ہوگا[CITATION Sun8 \l 1033]
عمر نے کچھ کہنا چاہا لیکن ابو بکر نے اشارے سے انہیں روک دیا، ابو
بکر نے پہلے تو مدینے والوں یعنی انصار کی مہمان نوازی کی تعریف
کی ، اور پھر کہا کہ قریش کبھی کسی غیر قریش کی سرداری تسلیم
نہیں کریں گے بات چیت اس نہج پر آگئی کہ ابو بکر نے انصار کے
سامنے عمر اورعبیدہ میں سے کسی کو خلیفہ مقرر کرنے کی تجویز
پیش کردی۔ انصار ابو بکر سے خوب واقف تھے وہ محمد کی بیماری
کے دوران ابو بکر کے پیچھے نماز پڑھتے رہے تھے انہوں نے ابو بکر کے
تجویز کردہ ناموں کی بجائے ابو بکر کو خلیفہ منتخب کرلیا۔ کچھ
لوگوں نے لکھا ہے کہ محمد کے کزن علی ابن طالب اور محمد کے
ساتھی زبیر نے ابو بکر کی خلافت کو تسلیم نہیں کیا ۔ کچھ تحریروں
میں ملتا ہے کہ محمد نے اپنے وصال سے پہلے علی کو اپنا جان نشین
مقرر کردیا تھا، لیکن تاریخ میں اس کے ثبوت نہیں ملتے ۔ کچھ لوگوں
کا ماننا ہے کہ اموی دور حکومت میں تاریخ سے علی کی جان نشینی

CITATION Sun8 \l 1033 (The Historians ' History of the World: Parthians, Sassanids page 146)
CITATION Sun8 \l 1033 (Muir, Sir William page 3-5)

کی بات حذف کردی گئی تھی ۔تاریخ کے اوراق میں ہمیں اس بات کے مستند ثبوت نہیں ملے۔ لیکن ابو بکر کی خلافت سے شیعہ سننی کی بنیاد پڑ گئی ۔ مؤرخین کے خیال میں اسلامی دنیا   کی یہ پہلی سیاسی تقسیم تھی۔ مبصرین حیران ہیں کہ مسلمان جو ایک عالمی طاقت بن کر ابھرے ۔ چودہ سو سالوں میں بھی اس اختلاف کو نہیں دور کرپائے ۔ کچھ کے خیال میں اسکی وجہ حکمرانوں اور مذہبی پیشواوں کے سیاسی اور ذاتی مفادات ہیں ۔

خلیفہ ابوبکر 632-634

ابوبکر کسی شک و شبہ سے پاک پختہ عقائد کے آدمی تھے۔ تمام عمر انہوں نے محمد کی زبان سے نکلی ہر بات پر یقین کیا ۔ [CITATION Sun8 \l 1033]
خلیفہ بنتے ہی انہوں نے سب سے پہلے فوج کو شام بھیجنے کا حکم دیا۔ محمد نے اپنی موت سے چند ہفتے قبل ہی اس مہم کا حکم دیا تھا۔ یہ مہم تین سال قبل مؤتہ میں مسلمانوں کے قتل کا بدلہ لینے کے لئے تشکیل دی گئی تھی۔ اس مہم کے سپہ سالار زید بن حارثہ کے نوجوان بیٹے اسامہ تھے۔ جب انہوں نے محمد کی بیماری کے بارے میں سنا تو خیمہ زن ہوگئے۔ خلیفہ بنتے ہی ابو بکر انہ اسامہ کو بلواکر علم انکے ہاتھ میں تھما دیا ۔ یہ اشارہ تھا کہ وہ ہی سپہ سالار ہیں۔ لوگوں کی اکثریت کا خیال تھا کہ فوج کو ابھی روانہ نہ کرناچاہئے۔ کیونکہ محمد کی وفات سے داخلی اور خارجی مسائل پیدا ہوگئے تھے ۔ فوج جائے گی ، میرے آقا کی زبان سے نکلا ہر ہر لفظ پورا ہوگا ۔ ابو بکر نے قطعیت کے ساتھ کہا ۔ لوگوں کو نوجوان اسامہ کی قیادت پر بھی تحفظات تھے ۔ عمر نے انکا ذکر کیا تو ابو بکر نے ناراضگی سے کہا ۔   خدا کا نبی کسی کو سپہ سالار مقرر کرے اور میں اسے برخاست کردوں، اور اسکی جگہ کسی اور کو تعینات کردوں، ابو بکر کے لہجے میں کچھ ایسی بات تھی کہ عمر خاموشی سے جا کر فوج کی صفوں میں شامل ہو گئے۔   ابو بکر پیدل چل کر فوج کو رخصت کرنے آئے ۔ اپنے خطاب میں انہوں نے سپاہ کو تلقین کی کہ وہ کبھی بے وفائی کے مرتکب نہ ہوں۔ کسی بچے، عورت یا بوڑھے کو قتل نہ کریں۔ کسی پھل دار درخت کونقصان نہ پہونچائیں۔ خوراک کے علاوہ کسی جانور کو نہ ماریں۔ اور جب انہیں سادھو اوردرویش ملیں تو   وہ انکو انکے حال پر چھوڑ دیں [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ ابو بکر نے

[CITATION Sun8 \l 1033] (Outline of History page 269)
[CITATION Sun8 \l 1033] (The History of al-Tabari Volume X, The Conquest of Arabia)

اسامہ کو کہا کہ وہ عمر کو مکہ ہی میں چھوڑ جائیں کہ انکی
ضرورت ہے۔ ابو بکر کے اشارے پر فوج نعرے بلند کرتی روانہ
ہوگئی۔ کوئی دوماہ بعد اسامہ کی فوج مال غنیمت سے لدی پھدی
واپس پہنچی۔ اس فتح سے مسلمانوں کے حوصلے بلند ہوگئے۔ اسامہ
کو رخصت کرنے کے بعد ابوبکر اب باغی قبائل کی جانب متوجہ ہوئے۔
محمد کی وفات کے بعد کچھ قبیلے زکوۃ دینے سے منکر ہوگئے تھے
۔[CITATION Sun8 \l 1033] کچھ مکہ کے خلاف سازشیں کر رہے تھے۔ اور پھر
جھوٹے نبی تھے جو زور پکڑ رہے تھے[CITATION Sun8 \l 1033]۔ ابو بکر نے ان
سب کے خلاف مہمات روانہ کیں۔ ایک مہم میں انہوں نے پینتالیس سو
کی فوج دے کر خالد بن ولید کو روانہ کیا۔ خالد نے تمام باغیوں کی بیخ
کنی کی اور مسلیمہ اور دوسرے کئی طاقتور قبیلوں سے تعلق رکھنے
والے جھوٹے نبیوں کو جڑ سے اکھاڑ ڈالا۔گھر کے معاملات درست کر کے
ان ابو بکر نے ہمسایوں پر توجہ دی۔ عرب عیسائی قبائل ، اور غسان
کے یہودی قبائل طویل عرصے سے مسلمانوں کے لئے پریشانی کا سبب
بن رہے تھے۔ پڑوسی ریاستوں میں اسلام کی تبلیغ کے لئے انہوں نے
خالد کی قیادت میں ایک فوج عراق یا بابیلیونیا میں بھیجی۔ ابوبکر کے
دور میں ہونے والی فوجی مہمات دنیا کی تاریخ کے سب سے زیادہ
شاندار مہمات مانی جاتی ہیں۔ مدینہ یکدم دنیا کی عمدہ ترین
سپاہ کا گڑھ بن گیا تھا۔ خالد دنیا کے ایک عظیم سپہ سالار بن کے
ابھرے تھے۔ وہ جہاں بھی گئے فاتح کی حیثیت سے لوٹے۔ یہ خالد ہی
تھے کہ جنھوں نے دریائے یرموک کے کنارے ہرکولیس کی فوج کے ساتھ
فیصلہ کن جنگ لڑی۔عرب فوجوں نے بازنطینی فوجوں پر شام میں
اور فارسیوں کے شہر حرا پر بیک وقت دھاوا بولا۔ مسلمان فوج جہاں
کہیں بھی گئی اس نے تین مطالبے کئے۔ خدا پر ایمان لے آؤ اور ہمارے
ساتھی بن جاؤ۔ یا جزیہ(ٹیکس) دو ورنہ جنگ کے لئے تیار ہو جاؤ۔
عرب جہاں بھی گئے ، انہیں مقامی آبادی کی طرف سے کسی
مزاحمت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ زرخیز علاقوں کے رہنے والوں کو اس
بات سے کوئی سروکار نہیں تھا کہ وہ بازنطینی فوج کو ٹیکس دیں یا
عربوں کو ۔ لیکن عرب پھر بھی باقی قوموں سے بہتر تھے ۔ وہ صاف
ستھرے لوگ تھے۔ وہ انصاف پسند تھے اور باقی قوموں کے مقابلے میں
اعلی ظرف کے حامل تھے۔ انکی یہی خصوصیات تھیں کہ عرب
عیسائی انکے ساتھ شامل ہوگئے ۔ کئی یہودی قبائل نے بھی عیسائیوں
کی تقلید کی۔ اسی طرح مغرب میں بھی عرب معاشرتی انقلاب لے

[CITATION Sun8 \l 1033] (The History of al-Tabari, Volume X, The Conquest of Arabia page XIII)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Ibn Hisham: Vol. 2 page 600)

آئے یہاں اسلام اتنی تیزی سے مقبول ہوا کہ دیکھتے ہی دیکھتے ہر
طرف پھیل گیا ۔ چند ہی سالوں میں محمد کا لگایا بیج کسی کی بھی
توقع سے زیادہ پھلنے پھولنے لگا۔ ابو بکر کے دور اقتدار میں مسلمانوں
نے شام کا زیادہ تر حصہ اور میسوپوٹیما کا علاقہ فتح کرلیا۔ قدیسیہ
کی جنگ کے بعد پرشیا کی قدیم سلطنت کا خاتمہ ہوگیا۔ فلسطین
اور مصر کسی جدو جہد کے بغیر مسلمانوں کی جھولی میں آن گرے۔
ابو بکر نے اپنے دو سالہ دور اقتدار میں قریبا ایک درجن بڑی مہمات
تشکیل دیں

خلیفہ عمر 634-644

عمر مکہ مکرمہ کے رہائشی تھے اور اونٹ چرانے والے تھے CITATION Sun8 \l 1033 ۔ ان کے دس سالہ دور اقتدار میں عرب ریاست ایک عالمی طاقت میں تبدیل ہوگئی ۔ مغربی مؤرخین بتاتے ہیں کہ عمر کے دور حکومت میں مسلمانوں نے چھتیس ہزار شہر، قصبے اور قلعے فتح کئے ۔ مسلمانوں نے مفتوحہ علاقوں میں چودہ سو مساجد تعمیر کیں CITATION Sun8 \l 1033 ۔ لیکن دنیا کے اس طاقتور بادشاہ کا اپنا طرز زندگی حیران کن حد تک سادہ تھا۔ اس عظیم فرماں روا کا نہ تو کوئی ذاتی گھر تھا نہ کوئی دربار۔ وہ یا تو مسجد میں ہوتے تھے یا پھر شہر کی گلیوں میں۔ دنیا کی عظیم سلطنتوں کے سفیر ان سے سڑکوں ،چوراہوں پر ملاقاتیں کرتے تھے۔۔ ان کی ایک جھونپڑی تھی جس کے دروازے نہیں تھے۔۔ خلافت کے آخری دور میں انہوں نے مسجد کی سیڑھیوں پر سو نا شروع کردیا تھا۔ عمر جیسے بادشاہ کی دنیا میں نظیر نہیں ملتی۔ عمر کا دور حکومت ایک دیومالائی داستان کی طرح لگتا ہے۔ کوئی گھڑی ہوئی کہانی ۔ کیا کوئی انسان اس حد تک بے لوث ہو سکتا ہے؟ لیکن جب ہم مغرب اور اسوقت کی ہمسایہ ریاستوں میں لکھی گئی تحریریں پڑھتے ہیں تو ہمیں یقین کرنا پڑتا ہے کہ ایک ایسا بھی بادشاہ دنیا میں گزرا ہے جو موٹے جو کی روٹی ، اپنے ساتھیوں کے ساتھ بانٹ کر کھاتے تھے انکے کپڑے کسی بھی عام آدمی کے کپڑوں سے بہتر نہ ہوتے تھے ۔ایک بار کسی نے انہیں بہتر کپڑے پہننے کا مشورہ دیا تو اسے جھڑک دیا۔ میں اپنے خدا کو اپنے عمل سے راضی کرنا بہتر سمجھتا ہوں بجائے اس کے کہ میں لوگوں

CITATION Sun8 \l 1033 (The Historians History of the World: Parthians, Sassanids, and Arabs page 150)

CITATION Sun8 \l 1033 (The Historians History of the World: Parthians, Sassanids, and Arabs page 151)

کو اپنے عمدہ لباس سے مرعوب کرتا پھروں۔ ایک دفعہ ان کے جرنیلوں نے انہیں سونے اور قیمتی پتھروں سے مزین ایک نایاب تحفہ دیا ۔ انہوں نے اس کے ٹکڑے کروا کر اپنے سپاہیوں میں تقسیم کردیا۔ لیکن بطور خلیفہ اس بدو کے دور اندیش فیصلے، عوامی فلاح کے منصوبے اور جنگی حکمت عملی ، انکی سادہ زاتی زندگی کے بالکل برعکس تھے CITATION Sun8 \l 1033 ۔ عمر نے قدیم شہروں قاہرہ کوفہ اور بصرہ کو جدید بنادیا۔ جس وقت بصرہ کو جدت دی جارہی تھی عمر نے آبپاشی اور پینے کے پانی کی فراہمی کے لئے دریائے ٹگرس سے نو میل طویل ایک نہر نکالی۔ مشہور زمانہ سوئز کینال کا منصوبہ بھی عمر کے دور میں ہی سوچا گیا تھا لیکن مکمل نہ ہوسکا۔ یروشلم کا ڈوم آف راک (قبہ الصخرا) بھی انہی کے حکم پر تعمیر ہوا۔ انہوں نے مدینہ میں واقع مسجد نبوی کی تزئین آرائش کی اور اسے وسعت دی۔ اپنی تیزی سے پھیلتی سلطنت کو قابو میں رکھنے کے لئے کے لئے عمر نے ایک سیاسی ڈھانچہ تشکیل دیا۔ انہوں نے کئی انتظامی اصطلاحات کیں اور عوام دوست پالیسیاں متعارف کروائیں۔ انہوں نے مفتوحہ علاقوں پر حکومتی گرفت قائم رکھنے کے لئے متعدد وزارتیں اور محکمے شروع کئے، اور مردم شماری کروائی۔ وہ پہلے خلیفہ تھے جنہوں نے مختلف ریاستوں کے ساتھ ہونے والی خط و کتابت کا باضابطہ ریکارڈ رکھ کر دفترِ خارجہ کی بنیاد رکھی ۔ شہروں میں امن و امان قائم رکھنے کے لئے پولیس بھی عمر نے ہی متعارف کروائی۔ عمر نے ضروت مند غریبیوں ، بیواووں اور اپاہجوں کے لئے بیت المال بنایا جو مذہب کی تخصیص کئے بغیر مسلم و غیر مسلم سب کی معاونت کرتا تھا ۔ انکے بعد آنے والی امیہ اور عباسی خلافت نے بھی بیت المال کو جاری رکھا۔ عمر نے بچوں اور عمر رسیدہ افراد کے لئے بھی ایک فلاحی منصوبہ چلایا ۔ عمر نے بنجر زمینیں آباد کاری کے لئے دینا شروع کردیں۔ عمر نے ہی ہجری کیلنڈرکی بنیاد ڈالی ۔ اس سے پہلے عرب میں کسی اہم واقعے کے حوالے سے سال گنا جاتا تھا۔ وہ عمر ہی تھے جنہوں نے سب سے پہلے حکومتی اہلکاروں کے احتساب کےلئے ایک محکمہ شروع کیا۔ اس محکمے میں درج ہونے والی شکایات کی سنوائی وہ خود کرتے تھے۔ عمر کے کام کے اوقات بڑے دلچسپ تھے ۔ وہ اور انکا عملہ ہمہ وقت دستیاب ہوتا تھا۔ وہ کہا کرتے تھے کہ آج کا کام کل پر ڈالنے سے کام جمع ہوجاتا ہے۔ اور کبھی مکمل نہیں ہوپاتا

CITATION Sun8 \l 1033 (The Historians History of the World: Parthians, Sassanids, and Arabs page 167)

CITATION Sun8 \l 1033 (Umar ibn al-Khattab, His life and Times Volume 2, page 79)

ہ عمر اسلام قبول کرنے سے پہلے غصیلے مشہور تھے ، اسلام قبول کرنے کے بعد انکا غصہ تو کم ہوگیا لیکن انتظامی امور میں وہ انتہائی سخت ہی رہے ۔ انکے ہاتھ میں ایک بید ہوتا تھا جسے وہ اپنے کسی بھی افسر پر استعمال کرنے میں دریغ نہیں کرتے تھے مشہور تھا کہ عمر کا بید کسی سورما کی تلوار سے زیادہ مہلک ہے۔ ایک دفعہ ان کی نظر ایک بوڑھے فقیر پر پڑگئی۔ آپ نے غصے میں اسکا ہاتھ مروڑ دیا ۔ ا نہوں نے اس سے پوچھا کہ ہو کون ہے۔ اور بھیک کیوں مانگ رہا ہے؟ جب فقیر نے کہا کہ وہ ایک یہودی ہے۔ اور اپنا پیٹ پالنے اور جزیہ دینے کے لئے بھیک مانگ رہا ہے۔ تو عمر بہت نادم ہوئے ۔ اسے گھر لے گئے کچھ رقم دی اور بیت المال کے سربراہ کو بلالیا۔ ہم نے اس کے ساتھ اچھا نہیں کیا۔ پہلے اس سے جزئی لیتے رہے۔ اور جب یہ کام کرنے کے قابل نہ رہا تو اسے ہم نے چھوڑ دیا ، عمر کے حکم پر اس بوڑھے۔ اور اس جیسے ہر عمر رسیدہ کا جزیہ معاف کردیا گیا۔ اور بیت المال سے انکی مدد کی جانے لگی CITATION Sun8 \l 1033۔ عمر نے مسلمانوں کے لئے ایک فوجی دیوان بنایا ۔ انہوں نے لوگوں کی اسلام کے لئے خدمت کے اعتبار سے سالانہ وظیفہ جاری کیا CITATION Sun8 \l 1033 ۔
اس دیوان میں امہات المومنین یعنی بنی کی بیگمات کو سب سے مقدم رکھا
انہیں دس ہزار درہم جاری کئے گئے۔انہوں نے عائشہ کو دوہزار درہم زیادہ دینے کا ارادہ کیا کہ محمد ان سے بہت محبت کرتے تھے لیکن عائشہ نے انکار کردیا۔ CITATION Sun8 \l 1033 مہاجرین اور انصار کو اوسطا پانچ ہزار درہم دئے گئے۔ اس ملٹری رجسٹر میں ایک عام سپاہی کو پانچ سو سے چھ سو کے درمیان رقم کا حقدار ٹھرایا گیا جبکہ بچوں اور خواتین کو بشمول غیر مسلموں کے دو سے پانچ سو ماہانہ وظیفہ مقرر کیا گیا۔ عمر انتہائی عملی آدمی تھے ۔ وہ تجارت کو بہت پسند کرتے اور اپنے لوگوں کو تاکید کرتے کہ اپنی توانائیاں تجارت میں صرف کریں اور با عزت زندگی گزاریں۔ ایک دفعہ وہ ایک بازار گئے اور جب کسی مسلمان تاجر کو وہاں نہ دیکھا تو سخت ناراض ہوئے۔ کسی نے کہا کہ جنگوں میں ملنے والے مال غنیمت کی وجہ سے انہیں کام کرنے کی ضرورت نہیں رہی تو وہ بولے مال جلد ختم ہوجائے گا اور اگر وہ کام نہیں کریں گے تو انہیں غیر مسلموں کی غلامی کرنا پڑے گی۔ انہوں نے ہمیشہ لوگوں کو سخت محنت کرنے کی تاکید کی

CITATION Sun8 \l 1033 (Umar Ibn al-Khattab, his Life and Times Volume 1, page 205)
CITATION Sun8 \l 1033 (Hitti, Philip K. page 172)
CITATION Sun8 \l 1033 (Friedmann, Yohanan page 202)

اور انہیں ہنر سیکھنے کی ترغیب دیتے وہ کہتے تھے کہ کوئی
معمولی کام کرنا بھی بھیک مانگنے سےافضل ہے۔ عظیم خلیفہ اپنے
لوگوں کو کہتے تھے کہ وہ کسی ایک پیشے میں تین بار کوشش کریں
اگر نا کام رہیں تو کوئی اور کام دیکھیں ۔ عمر نے مارکیٹوں کو باقاعدہ
کیا اور اور ذخیرہ اندوزی ممنوع کردی۔ یہ انکی تجارت سے محبت
تھی کہ وہ غیر مسلم تاجروں کو اپنا مہمان کہہ کر انکی حوصلہ
افزائی کرتے تھے۔ عمر کے فیصلے عوامی نوعیت کے ہوتے تھے۔ انہوں
نے رات کا گشت شروع کیا۔ ایک رات وہ گشت پر تھے جب ایک عورت
کو تکلیف سے کراہتے سنا۔ وہ تنہائی کی وجہ سے پریشان تھی ۔
اس کی تکلیف محسوس کرتے ہوئے عمر نے اسے کچھ کپڑے اور رقم
بھیجوائی اور حکم دیا کہ اسکے شوہر کو میدان جنگ سے فوری واپس
بلوایا جائے ۔ ایک اور روائت کے مطابق ، وہ اپنی بیٹی کے پاس گئے اور
ان سے پوچھا کہ ایک عورت شوہر کے بغیر کتنے دن گزار سکتی ہے؟
ان کی بیٹی نے کہا کہ ایک یا دو ماہ، لیکن چار ماہ بعد وہ اپنا صبر
کھو بیٹھے گی۔ بیٹی کے اس مشورے پر ، عمر نے حکم دے دیا کہ چار
ماہ سے زیادہ فوجیوں کو گھر سےدور نہ رکھاجائے۔ یہ عمر کی سختی
تھی کہ بے مثال فتوحات کے باوجود ان کی فوج عام لوگوں کے ساتھ
حسن سلوک سے پیش آتی۔ عمر کی قوی خواہش تھی کہ وہ راہ خدا
میں مریں۔ وہ دو موتوں کی تمنا کرتے ایک اللہ کی خاطر جہاد کرتے
ہوئے ، یا پھر کہ وہ اونٹ پر سوار ہوکر تجارت کے نکلے ہوئے ہوں۔
عمر کے دور حکومت کا تنقیدی نظروں سے جائزہ لیں تو ہمیں معلوم
ہوتا ہے کہ عمر کے اکثر فیصلوں کے پیچھے ایک طاقت ور کابینہ تھی۔
علی ابن طالب اور دوسرے جید صحابی انکے مشیر تھے ۔عمر کے دس
سالہ لازوال اور بے مثال دور اقتدار میں انکے دو فیصلوں پر ناقدین بہت
تنقید کرتے ہیں۔ عظیم سپہ سالار خالد بن ولید کو انکے عروج پر
معزول کرنے اور الیگزنڈریہ یا سکندریہ کی ایک بیش قیمت کتب خانے
کو آگ لگا کر ضائع کرنے پر عمر کو آڑے ہاتھوں لیا جاتا ہے۔ مورخین
خالد بن ولید کی معزولی کے پیچھے کئی محرکات بیان کرتے ہیں ۔ خالد
بن ولید بہت فیاض تھے اور لوگوں میں اپنی دولت لٹاتے تھے ۔ ایک ایسے
ہی موقع پر انہوں نے اپنی شان میں قصیدے پڑھنے والے ایک شاعر کو
خطیریر رقم سے نواز دیا۔ اس سے پہلے خالد ایک حمام میں تھکاوٹ
اتارنے کے لئے شراب کا محلول جسم پر ملنے پر عمر کی سرزنش سن
چکے تھے۔ خطیر رقم شاعر کو دینے کے الزم میں عمر نے اس عظیم
فاتح کا باقاعدہ کورٹ مارشل کروایا ۔ ایک عوامی اجتماع میں ان

کے ہاتھ باندھے گئے ۔اور انکی خوب تضحیک ہوئی۔ ہاتھ باندھنے والے
جید صحابی اور مؤذن بلال حبشی تھے۔ اسوقت جنگ سے پہلے جرنیل
دو بدو لڑائی یعنی ڈوئیل لڑا کرتے تھے ۔ جر نیل ہونے کے ناطے خالد کا
مقابلہ بھی جرنیلوں سپہ سالاروں سے ہوتا ، اور وہ خطیر رقم جیتتے۔
تاہم عمر کا اصرار تھا کہ وہ رقم کہاں سے آئی جو انہوں نے شاعر کو
دی۔ مورخین کہتے ہیں کہ عمر نے خالد کو اس لئے معزول کیا کہ
مسلمان جنگی کامیابیوں کو خالد کا مرہون منت سمجھنے لگے تھے۔
مغربی مؤرخین کے خیال میں عمر نے خالد کی کامیابیوں اور انکی
عوام میں مقبولیت کے حسد میں انہیں معزول کیا۔ یہ خالد بن ولید
کی عظمت تھی کہ سپہ سالار کے عہدے سے معزول ہو کر وہ ایک
سپاہی کے طور پر جنگوں میں شریک ہوئے۔آج ہمیں وہ مستند اور
غیر جانبدار ذرائع حاصل نہیں کہ ہم تحقیق کر سکیں کہ عمر نے خالد
کو حسد میں معزول کیا یا کسی ٹھوس وجہ کی بناء پر۔ہو سکتا ہے۔
عمر سے غلطی ہوئی ہو لیکن ان کی زندگی دیکھ کر سخت ترین
ناقد بھی سوچ میں پڑ جاتا ہے۔ کہ ایسے انسان کے بارے میں کیا لکھے
جس نے اپنی ذات کوخدا کی خوشنودی کے لئے وقف کردیا ہو ۔ عمر پر
دوسرا الزام ایک عظیم لائبریری کو جلا دینے کا عائد کیا جاتا ہے۔جید
تاریخ دانوں کا مرتب کردہ انسائیکلو پیڈیا ہسٹورینز ہسٹری آف دی
ورلڈ لکھتا ہے۔ عمر پر اسلام نافذ کرنے کا جنون اس حد تک تھا کہ
اس کے حکم پر قدیم نایاب کتب کا ذخیرہ شہر کے چار ہزار عوامی
غسل خانوں کی بھٹیوں میں جلا دیا گیا ۔ چھ ماہ تک نادر کتب
بھٹیوں میں بطور ایندھن استعمال ہوتی رہیں ۔ یہ ایک علم اور فنون
لطیفہ کو ایک ناقابل تلافی نقصان تھا۔جدید مورخین ایسی کسی بھی
لائبریری کے وجود سے انکار کرتے ہیں۔ اسکالرز کا خیال ہے۔ کہ وہ
جولیس سیزر تھے جنہوں نے 48 بی سی میں ایک عظیم لائبریری کو
جلایا۔ بعدازاں ، شہنشاہ تھیوڈوسیس نے ایک اور ذیلی کتب خانہ تباہ
کیا ۔ ماہرین کہتے ہیں کہ اسکندریہ میں اس وقت سرے سے کوئی
لائبریری تھی ہی نہیں جب عربوں نے اسے فتح کیا۔ اس کہانی کو
گھڑنے کے لئے ایک روائت بنائی گئی کہ عمر نے کہا کہ ان کتابوں کو
جلادو کہ ہمارے پاس قرآن ہے۔ اور ہمیں کسی اورکتاب کی ضرورت
نہیں ۔
فلپ کے ہٹی نے اپنی کتاب ، ہسٹری آف عربزمیں عمر پر لگائے گئے
الزام کو جھوٹ کا پلندہ قرار دیتے ہیں[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ خلیفہ عمر

CITATION Sun8 \l 1033 (Hitti, Philip K. page 166)

کے حکم پر ، اسکندریہ کی لائبریری کی کتب کو چھ مہینے عوامی
غسل خانوں میں جلانے کی کہانی ، ان کہانیوں میں سے ہے جو
افسانے کے طور پر تو بہت اچھی لگتی ہیں لیکن تاریخ کو مسخ
کردیتی ہیں۔ عمر کو ایک خارجی نے شہید کیا ۔ محمد کی زوجہ
عائشہ کی اجازت سے انہیں محمد کے قریب دفن کیا گیا۔

خلیفہ عثمان 644-656

تیسرے خلیفہ عثمان نے دوسرے خلیفہ عمر کی جنگجوانہ پالیسیوں کو
جاری رکھا۔ ان کے دور حکومت میں مسلمانوں نے پورے ایران کو فتح
کرلیا ۔ انکی سلطنت انڈیا کی سرحدوں تک پھیل گئی لیکن وہ اپنے
پیش رو مسلمان حکمرانوں کے مقابلے میں بہت نرم مزاج کے تھے اور
فطرتا کسی کو انکار نہیں کرتے تھے۔ نتیجے میں کئی نااہل اہم عہدوں
پر تعینات ہو گئے ۔ نئی گروہ بندیاں ہوں شروع ہو گئیں ، ہر صوبے
نے اپنے نئے گورنر کا تقاضا شروع کردیا۔ نئے خلیفہ کا مطالبہ زور پکڑنے
لگا۔ اسی اثنا میں مصری فوج نے اچانک مدینے کی طرف چڑھائی
کردی۔ وہ فوری اصلاحات چاہتے تھے ۔ ان سے وعدہ کیا گیا کہ جلد
ہی ان کے مطالبوں پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ وہ لوٹ گئے لیکن اگلے
سال پھر آگئے ۔ اس بار انکے ساتھ بصرہ اور کوفہ کی فوج بھی تھی۔
انکو ایک دفعہ پھر وعدوں پر رخصت کردیا گیا لیکن جب وہ واپس
جارہے تھے انہیں معلوم ہوا کہ خلیفہ کے ایک معتمد خاص نے انکے
خلاف سخت کاروائی کے احکامات جاری کئے ہیں۔ وہ الٹے قدموں
واپس لوٹ آئے اور اس معتمد خاص کے سر کا مطالبہ کرنے لگے۔ جب
انہیں انکار کیا گیا تو انہوں نے عثمان کو ہی شہید کرڈالا۔ جس
وقت فوج مدینہ کی جانب چڑھائی کر رہی تھی اس وقت انکے
مشیروں نے انہیں اپنی حفاظت کے لئے دستے مقرر کرنے کا مشورہ دیا
لیکن عثمان نے یہ کہ کر انکار کردیا کہ محمد نے انہیں اپنے ساتھ جنت
میں روزہ افطار کرنے کی دعوت دی ہے۔

خلیفہ علی ابن ابی طالب 656-661

علی ابن ابی طالب محمد کے چچا زاد بھائی ، داماد ، اور ایک قریبی
ساتھی تھے وہ اسلام قبول کرنے والے پہلے مرد تھے ۔ علی نے تقریبا
تمام مہمات میں حصہ لیا۔ انہوں نے تنہا ہی جنگ بدر میں دشمن کے
ایک تہائی سے زیادہ افراد کو ہلاک کیا اور یہودی قبیلہ بنو قریظہ کے
قتل کی نگرانی کی۔ اپنی غیر معمولی بہادری کی وجہ سے ، محمد نے

ان کا نام اسداللہ (خدا کا شیر) رکھا تھا ۔ علی کو کعبہ کے اندر موجود بتوں اور دیگر قبیلوں کے بتوں کو بھی توڑنے کا کام دیا گیا۔ علی کا سب سے اہم کارنامہ توحید کے پیغام اور تصور کو عام کرنے کی کوششیں تھی۔ محمد نے انہیں اسلام کی تبلیغ کے لئے یمن اور دوسری اہم جگہوں پر بھیجا ، اسلام کے ابتدائی دنوں سے ہی علی ایک مرکزی شخصیت رہے۔ پہلے اور دوسرے خلیفہ کی حکومتوں کے پیچھے بھی بطور مشیر علی کا ہی دماغ تھا۔ عمر نے فوجی رجسٹر تیار کرتے ہوئے علی کے مشورے پر عمل درآمد کیا۔ علی کے مشورے پر ہی عمر نے یروشلم کا سفر کیا۔ یہ ان کی صلاحیتوں پر اعتماد تھا کہ یروشلم روانہ ہوتے وقت عمر نے علی کو مدینہ کا گورنر مقرر کیا۔یہ عمر اور علی کے قریبی تعلقات تھے کہ علی نے اپنی دختر ام کلثوم کی شادی عمر سے کی [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ عمر کے دور حکومت میں علی مدینہ کے قاضی (چیف جج) بھی مقرر رہے۔تاریخ میں ایک واقعہ کا ذکر ملتا ہے کہ محمد کی رحلت کے بعد انکی بیٹی فاطمہ نے خلیفہ ابو بکر سے باغ فدک کی زمین کا مطالبہ کی جو محمد انہیں اپنی زندگی میں ہی عطیہ کر گئے تھے۔ لیکن ابو بکر نے یہ کہہ کر انکار کردیا کہ محمد نے اپنی زندگی میں کہہ دیا تھا کہ نبی کی کوئی میراث نہیں ہوتی۔ محمد کی وفات کے بعد اب یہ زمین مسلمانوں کی ملکیت ہے۔ [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ جب فاطمہ نے اصرار کیا کہ محمد نے انہیں زمین تحفہ میں دی تھی تو ابوبکر نے گواہ طلب کئے۔ فاطمہ ناراض ہوگئی اور ان سے بات کرنا چھوڑ دی۔ کچھ ذرائع کے مطابق ، علی نے اپنی بیوی ، فاطمہ کی وفات تک ، ابوبکر سے بیعت نہیں کی تھی۔اپنے دور حکومت میں عمر نے محمد کی مدینہ میں موجود املاک علی اور عباس کو دے دیں ، لیکن انہوں نے خیبر اور فدک کی جائیدادیں اپنی ہی تحویل میں رکھیں کہ محمدنے ان جائیدادوں کو خرچ اور فوری ضرورت کے لئے مختص کیا ہوا تھا [CITATION Sun8 \l 1033]

پہلی خانہ جنگی

انگریز مصنفین ہمیں بتاتے ہیں کہ علی نے اپنی حکومت کا آغاز بیت المال کی تمام دولت ضرورت مندوں میں تقسیم کرکے اور صوبوں کے تمام گورنروں کو معزول کر کے کیا [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ انکے مشیروں نے

CITATION Sun8 \l 1033 (Translated by Gautier H. A.Juynboll page 109)
CITATION Sun8 \l 1033 (Sahih al-Bukhari 3092, 3093 Vol. 4, Book 53, Hadith 325)
CITATION Sun8 \l 1033 (Sahih al-Bukhari 3092, 3093 Vol. 4, Book 53, Hadith 325)
CITATION Sun8 \l 1033 (The Historians History of the World: Parthians, Sassanids, and Arabs page 170)

انہیں گورنروں کو ممعزول کرنے سے روکا تھا لیکن انکا جواب تھا کہ
وہ کسی ناانصافی اور بدعنوانی میں شریک کار نہیں بننا چاہتے۔
خلیفہ عثمان کے زمانے سے ہی قبائلی سیاست میں ایک بغاوت پک
رہی تھی۔ انکے قتل کے ساتھ ہی پھٹ پڑی۔ علی نے جن عہدے داروں
کو برخاست کیا تھا ان میں کئی لوگ بہت اثر و رسوخ کے حامل تھے۔
ابو سفیان کے بیٹے معاویہ بھی معزول ہونے والوں میں شامل تھے ۔
ابو سفیان مشرکین مکہ کے سرداروں میں سے تھے۔ وہ دیر سے
مسلمان ہوئے ۔ فتح مکہ کے بعد ، محمد نےابو سفیان کے بیٹے معاویہ
کو اپنا ذاتی سیکرٹری مقرر کر لیا۔ خلیفہ عمر کے دور میں وہ شام
میں اہم عہدے پر فائز رہے۔ اور اس اہم صوبے پر طویل عرصے تک
حکومت کر تے رہے۔ خلیفہ عثمان کے قریبی رشتے دار ہونے کے ناطے
عثمان کی شہا دت پر انہوں نے اعلان کیا کہ وہ عثمان کے وارث
ہیں اور انکے قتل کا بدلہ لیں گے۔ محمد کے کچھ پرانے ساتھیوں نے
بھی جنہوں نے علی کے ہاتھ پر بیعت کی ہوئی تھی ان کے ساتھ مل
گئے۔ اسی اثنا میں کچھ نے محمد کی زوجہ عائشہ کو قائل کرلیا
کہ چونکہ علی ،عثمان کے قاتل قبیلے کے خلاف کاروائی کرنے سے
گریزکر رہے ہیں ، انہیں علی کے خلاف جنگ کرنی چاہئے۔ عائشہ نے
فوج کی بذات خود قیادت کی ۔ عائشہ کا لشکر بڑ اتھا لیکن اس میں
زیادہ تر ناتجربہ کار لوگ تھے۔ علی کی فوج محض بیس ہزار پر
مشتمل تھی لیکن تمام چنے ہوئے لوگ تھے۔ علی کی فوج نے جلد ہی
باغیوں پر قابو پالیا
جب عائشہ کو علی کے سامنے لایا گیا تو علی بہت مؤدبانہ انداز میں
پیش آئے انہوں نے عائشہ کو مشورہ دیا کہ وہ سیاسی معاملات سے
خود کودور رکھیں۔ علی نے اپنے قابل اعتماد ساتھیوں کے ساتھ عائشہ
کو مدینہ روانہ کردیا۔ اب علی کی توجہ شام کی طرف ہوئی معاویہ
نے علی کی خلافت کو تسلیم کرنے سے انکار کردیا تھا۔ اپنی تحریک
میں وزن ڈالنے کو وہ عثمان کی خون آلودہ قمیض لے کر سڑکوں پر
پھرتے تھے۔ یہ عمل عوامی جذبات کو بھڑکانے کے لئے کافی تھا۔ تیس
ہزار سے زیادہ لوگوں نے عہد کیا کہ وہ جب تک عثمان کی موت کا
بدلہ نہیں لیتے تب تک پانی نہیں پئیں گے۔ دونو ں مسلم فوجیں صفین
کے قریب آمنے سامنے آگئیں ۔ نوے روز تک کسی نے بھی جنگ نہیں
چھیڑی۔ ایسے میں تین خارجیوں نے علی ،معاویہ اور عمرو کو بیک
وقت قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔ انہوں نے ایک دن کا انتخاب کیا کہ
جس میں تینوں کو نشانہ بنایا جانا تھا۔ لیکن اس دن عمرو نکلے ہی

نہیں ۔ معاویہ کو فقط چند زخم آئے جبکہ علی پر حملہ جان لیوا ثابت ہوا۔ علی کی شہادت کے وقت عمر تریسٹھ سال تھی۔ وہ کوفہ میں مدفون ہیں۔علی کی شہادت کے بعد انکے بیٹے حسین نے معاویہ کے بیٹے یزید کی خلافت کو تسلیم کرنے سے انکار کردیا۔ اہل کوفہ نے حسین کو اموی حکمرانوں کے خلاف بغاوت کے لئے مدعو کیا۔ حسین اپنے اہل خانہ اور قریبی رشتہ داروں کے ساتھ کوفہ کی جانب چل پڑے ۔ ایراق کے گورنر کو جب معلوم ہوا تو اس نے یزید کے ایما پر چار ہزار فوجی بھیجے جنہوں نے نواسہ رسول کا گھیراؤ لیا ۔ حسین کے   گرفتاری دینے سے انکار پر فوج نے انہیں شہید کرکے ان کا سر یزید کو بھیج دیا [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ اس واقعے پر مسلم دنیا میں کہرام مچ گیا اور لوگ اموی خلافت   کے خلاف ہوگئے۔ اس واقعے نے ایک طاقتور شیعہ تحریک کو جنم دیا۔ اس واقعہ پر شیعہ اور سننی دونوں بہت حساس ہیں ۔ مسلمانوں کی تاریخ مسلمانوں نے ہی رقم کی ہے۔مغربی ماہرین بھی ان ہی کی بنیاد پر تاریخ لکھتے ہیں ۔ لیکن محمد کی رحلت کے بعد رونما ہونے والے کئی واقعات پر شیعہ اور سننی میں اختلاف ہے۔ کچھ کتب کو شیعہ نہیں مانتے اور کچھ کو سننی تسلیم نہیں کرتے ۔ اس لئے کوئی غیر جانبدار رائے قائم کرنا مشکل ہے ۔ غیر جانبدار رہنے کے لئے درج بالا واقعات مغربی محقیقن کی تحریروں سے لئے گئے ہیں ۔
مبصرین کے مطابق علی اور معاویہ کے درمیان جنگ سے مسلم امہ شیعہ اور سنی میں تقسیم ہوگئی۔ شیعہ علی کو ایک خاص مرتبہ دیتے ہیں ۔ اور بعض معاملات میں انہیں محمد سے بھی افضل مانتے ہیں ۔ انکے خیال میں خلافت علی کا حق تھا جو ابوبکر ، علی اور عثمان نے غصب کیا اس لئے وہ علی کو دوسرا خلیفہ مانتے ہیں ۔ سنی علی کو کوئی خاص مرتبہ نہیں دیتے لیکن اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ حسین کی شہادت مسلم تاریخ کا ایک بہت بڑا المیہ ہے۔ [CITATION Sun8 \l 1033]

اموی خلافت 750-661

علی کی شہادت کے بعد معاویہ نے شام اور مصر میں اپنی خلافت کا اعلان کردیا وہ کوفہ گئے اور لوگوں سے بیعت حاصل کرلی، انہوں نے

CITATION Sun8 \l 1033 (Madelung, Wilferd)
CITATION Sun8 \l 1033 (The Historians ' History of the World: Parthians, Sassanids page 273)

اپنا دارلخلافہ مدینہ سے دمشق منتقل کرلیا اور اموی خلافت کی بنیاد رکھی
معاویہ وہ پہلے عرب فرمان روا تھے جن کا نام سکوں ے اور تحریروں میں نظر آنے لگے انکی تمام تر فتوحات کے باوجود مسلم تاریخ دان متفق ہیں کہ معاویہ نے مسلمانوں کا طرز حکمرانی تبدیل کردیا۔ مدینہ کے خلیفہ ابو بکر عمر اور عثمان عوام سے انصاف سے پیش آتے اور اچھا برتاو کرتے۔ لیکن معاویہ نے بازنطینی اور ایرانی حکمرانوں کا طرز اپنا لیا۔ انھوں نے اپنے بیٹے یزید کو اپنا جان نشین نامزد کر کے ورا ثتی نظام کی داغ بیل ڈالی اور خلافت کو بادشاہت میں تبدیل کردیا[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ وہ پہلے مسلمان خلیفہ تھے جس نے حفاظتی دستے رکھے، ان کے آگے اہلکار چلا کرتے تھے۔ انہوں نے اپنے مفتوحہ علاقوں میں عوام پر گرفت رکھنے کے لئے بڑی تعداد میں غیر مسلم اپنی حکومت میں شامل کرلئے۔ اموی خلافت 661 سے 750 تک قائم رہی ۔ اس دور میں مسلمانوں نے بخارا اور سمرقند فتح کئے اور سند ھ تک پھیل گئے۔ مسلم فتوحات سے ایک ایسا دور شروع ہوا جس نے اسلام کو مشرق کا غالب مذہب بنا دیا۔ اسلامی فتوحات سے عیسائیت ، آتش پرستی ، یہودیت اور دوسرے قدیم مذاہب معدوم ہونے لگے۔ اسلام قریب مشرق کا غالب مذہب بن گیا اور پوری دنیا میں پھیل گیا۔ سنہ 651 میں ساسانی سلطنت تحلیل ہو گئی ۔ بازنطینی سلطنت کسی طرح قائم رہی لیکن مخدوش حالت میں[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ بازنطینی بادشاہ طویل عرصے تک خلافت کے حریف رہے۔ اموی بادشاہوں کی منفی شہرت آٹھویں خلیفہ عمر بن عبدالعزیز کے دور میں تبدیل ہوگئی، ان کی اصلاحات کے باعث سننی انہیں مجدد اور اسلام کے چھٹے خلیفہ قرار دیتے ہیں[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ عمر بن عبدالعزیز کو عمر ثانی بھی کہا جاتا ہے ۔ وہ عمر بن الخطاب کے پڑ پوتے تھے ۔ اسلام کی تبلیغ کے لئے انہوں نے افریقہ سمیت دورسے کئی ممالک میں وفود بھیجے۔ انہوں نے نئے مسلمان ہونے والوں کو ٹیکس کی مکمل چھوٹ دی۔ مسلمان تاریخ دانوں کے مطابق انہوں نے پہلی مرتبہ احادیث کو مرتب کیا ۔ اور وہ تمام احادیث جو سیاسی طور پر شامل کردی گئی تھیں انہیں جانچنے کے بعد مسترد کردیا ۔مثال کے طور پر قریبا چھ لاکھ احادیث میں سے صرف

[CITATION Sun8 \l 1033] (T. W. Arnold page 22)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Donner, Fred M. page 46)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Hoyland, In God’s Path: The Arab Conquests and the Creation of an Islamic Empire, page 199)

چار ہزار احادیث مکمل جانچ پڑتال کے بعد بخاری میں شامل کی گئیں۔ عمر کے نقش قدم پر خلیفہ ثانی نے ایران، خراسان اور شمالی افریقہ میں کئی ترقیاتی منصوبے شروع کئے نہریں ، سڑکیں ، دواخانے اور سرائے تعمیر کیں

قریبا اڑھائی سالہ دور حکومت کے بعد عمر ثانی انتالیس کی عمر میں ہی وفات پاگئے ۔ بتایا جاتا ہے کہ انہیں زہر دیا گیا تھا ۔ CITATION Sun8 \l 1033 انہوں نے اپنے قاتل کو اسلامی قانون کے مطابق خون بہا لے کر معاف کردیا اور خون بہا سے حاصل ہونے والی رقم عوام کی فلاح کے لئے خزانے میں جمع کروادی ۔ کہتے ہیں کہ وفات کے وقت انکے پاس اتنے پیسے نہیں نکلے کہ انکی آخری رسومات ادا کی جا سکیں

خلافت عباسیہ 1258-750

عباسی امویوں کے خلاف ایک انقلاب کے نتیجے میں بر سر اقتدار آئے ۔ عباسی محمد کے چچا عباس کی اولاد بتائے جاتے ہیں ۔CITATION Sun8 \l 1033

انہوں نے بغداد کو اپنا دارلخلافہ بنایا ، جو نویں صدی تک پانچ لاکھ کی آبادی کے ساتھ دنیا کا سب سے بڑا شہر بن گیا۔

کئی تاریخ دان آٹھویں سے چودہویں صدی کے درمیان کے وقت کو مسلمانوں کا سنہرا دور کہتے ہیں یہ دور سائنس ریاضی فنون لطیفہ اور ادب کے فروغ کا تھا

اسلامی سنہرے دور کا آغاز خلیفہ ہارون الرشید کے دور سے ہوا۔ عباسیوں نے مذہب دنیاوی معاملات میں ایک توزن قائم کیا ۔اکثر سنی ریاستیں دیر تک اسی اصول پر کاربند رہیں۔ یہ شیعہ طرز حکمرانی کے برعکس تھا ۔ جہاں خلیفہ اما م اور مذہبی رہنما بھی ہوتا ۔ شیعہ ماڈل خلفائے راشدین کے طرز حکمرانی کے قریب نظر آتا ہے۔ نویں صدی میں جب عباسی عروج پر تھے انکی سلطنت مراکو سے چین کی سرحدوں تک پھیلی ہوئی تھی۔ جو وقت کے ساتھ ساتھ کمزور ہوتی گئی۔ سنہ 1258 میں منگولوں کے ہاتھوں کے آخری خلیفہ کے قتل اور بغداد کی تباہی کے بعد عالی شان عباسی سلطنت کا وجود باقی نہ رہا۔ چودہویں صدی میں قائم ہونے والی سلطنت عثمانیہ نے عباسی حکومت کی طرح حنفی فقہ کو اپنایا ۔ تحقیق کرنے والے کہتے ہیں کہ مسلمانوں نے اس دور میں ایک ہزار سے زائد ایجادات کیں CITATION Sun8 \l 1033 ۔ شائد بہت سے لوگوں کو معلوم نہ ہو

CITATION Sun8 \l 1033 (Wellhausen, J. page 311)
CITATION Sun8 \l 1033 (Ágoston, Gábor page 3)
CITATION Sun8 \l 1033 (https://www.1001inventions.com/)

کے پہلی بار ہوائی جہاز عباس ابن فارس نے نویں صدی میں قرطبہ میں ایجادکیا CITATION Sun8 \l 1033
کرینک کسی بھی جدید انجن کی جان ہوتی ہے ۔ اسے الجزاری نے بارہویں صدی میں ایجاد کیا۔مسلمانوں نے جدید جراحت ، الجبرا اور آپٹکس علوم کی بنیاد رکھی۔ اسی دور میں ریشم اور دوسری صنعتیں اپنی عروج پر تھیں۔ تاج محل، الحمرا، اصفہان کی جمعہ مسجد ، ڈام آف دی راک یروشلم، سمارا کی مسجد الیپو کاکلیسا ، قرطبہ کی بڑی مسجد، استنبول کی سلیمانی مسجد آج بھی ہمیں مسلمانوں کی عظمت رفتہ کی یاد دلاتے ہیں۔ بادشاہ اس بات کو یقینی بناتے تھے کہ منڈیاں مال سے بھری رہیں ، اور قیمتیں ایک خاص حد سے تجاوز نہ کریں۔ قانون سخت تھا ، پولیس رات کو گشت کرتی تھی۔ ریاست کا فوج کے ساتھ بہت اچھا رویہ تھا انہیں سرحدی علاقوں میں زمین دی جاتی تھی ، مذہبی تہوار جوش و جزبے سے منائے جاتے ، رمضان المبارک اور عید کے مہینے میں خوب خیراتیں کی جاتیں۔ سائنس کو مسلمان حکمرانوں کی خاص توجہ حاصل تھی۔ فلکیات ، طب ، کیمسٹری اور ریاضی کو سرکاری سرپرستی حاصل تھی۔
یونیورسٹیوں میں گرائمر ، جغرافیہ ، اور مذہب کی تعلیم دی جاتی تھی۔ دنیا کے تاریخ دان متفق ہیں کہ 1500 سے پہلے صدیوں تک ، اسلامی سلطنت ثقافتی اور تکنیکی لحاظ سے یورپ سے بہت آگے تھی۔ اس کے شہر بڑے تھے اور ان میں پانی کی نکاسی کا نظام موجود تھا ، وسیع لائبریریاں اور درس گاہیں تھیں اور حیرت انگیز طور پر خوبصورت مساجد تھیں CITATION Sun8 \l 1033 ۔ مسلمانوں کو ریاضی ، ادویات ،کارخانوں ، بندوق بنانے ، اور گھوڑوں کی افزائش میں برتری حاصل تھی۔ خلیفہ مامون نے بغداد میں اپنے ماہر فلکیات کو زمین کے سائز کا تعین کرنے کا حکم دیا تھا مغرب نے یہ کام پانچ صدیوں کے بعدکیا۔ یورپ نے الفانسین ٹیبل عرب ماہر فلکیات الزرقاوی سے مستعار لیا۔ جرمن ماہر فلکیات جوہانس کیپلر نے اپنے آئیڈیاز ابن ہیثم سے لئے۔ غالب امکان ہے کہ مشہور سائنسدان آئزک نیوٹن نے اپنے کشش ثقل کے قوانین عرب سائنس دان محمد بن موسی سے اخذ کئے ہوں۔ عرب کا علم جغرافیہ کسی بھی دوسری قوم سے افضل تھا ، مسلمانوں کی سائنس اور دوسرے علوم میں ترقی کی وجہ یہ تھی کہ وہ عملی لوگ تھے ، ان کے علم کی بنیاد مشاہدہ اور تجربہ تھا ، ان کی کتب دیگر قوموں کی طرح خانقاہوں میں نہیں لکی گئی

CITATION Sun8 \l 1033 (Lienhard, John H.)
CITATION Sun8 \l 1033 (Kennedy, Paul page 11)

تھیں ۔ بلکہ وہ عملیت پر مبنی تھیں۔ سلیمان اول کے دور میں نوکر شاہی چودہ ملین عوام کا نظم و نسق چلاتی تھی جبکہ اسوقت سپین کی کل ابادی پانچ ملین اور انگلینڈ کی محض اڑھائی ملین نفوس پر مشتمل تھی

سلطنت عثمانیہ 1924-1517

سلطنت عثمانیہ کی بنیاد عثمان 1 ، یا عثمان غازی نے کھی۔ عثمان نے منگولوں کے حملے کے بعد وسطی ایشیاء سے فرار ہوکے اناطولیہ کے علاقے میں پناہ لی تھی [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ تیرہویں صدی میں ، کئی ترک خاندان اناطولیہ پر حاکم تھے۔عثمان نے بازنطینی سلطنت کے ایک کنارے پر ایک چھوٹی سی ریاست قائم کرلی۔ اور ، بازنطینیوں کی کمزوریوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ، اپنا اقتدار بازنطینی علاقوں تک پھیلادیا۔ منگولوں سے فرار ہونے والے دوسرے لوگ ان کے ساتھ شامل ہو تے گئے اور انکا چھوٹا سا گروہ ایک فوج میں تبدیل ہو گیا۔ عثمان نے اسلام کے دشمنوں کے خلاف جہاد کےجذبے کو زندہ کیا۔ اور انکی فوج نے اسی بازنطینی دشمن پر حملے کئے جن کے خلاف خلفائے راشدین ، اموی ، اور عباسی خلفاء صدیوں سے بر سر پیکار تھے۔ سنہ 1326 میں ، جب عثمان کی وفات ہوئی اسوقت تک انکی سپاہ بصرہ پر قبضہ جما چکی تھیں ۔ یہ شہر بعد میں عثمانیوں کا پہلا دارلخلافہ بنا۔
چودھویں صدی کے دوران ، عثمانی سلطنت پھیلتی رہی ۔ 1350 کی دہائی میں ، عثمانی پہلی بار یورپ میں داخل ہوئے اور ان علاقوں پر بھی حکومت قائم کر لی جنہیں آج ترکی بلغاریہ اور گریس کہا جاتا ہے۔ سلطنت عثمانیہ بایزید اول کے دور میں اپنے عروج پر تھی ۔ طوفانی انداز میں برق رفتاری کے ساتھ سپاہ کو بر اعظم یورپ سے ایشیا اور ایشیا سے یورپ منتقل کرنے کی خاصیت کی وجہ سے انہیں یلدرم یعنی طوفان کہا جاتا تھا [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ انہوں نے یورپ کے کئی علاقہ فتح کئے جو 1800 تک سلطنت عثمانیہ کے زیر تسلط رہے۔ عسکری اور معاشی ترقی بایزید دوئم اور سلیم اول کے زمانے میں بھی جاری رہی اور سلطنت عثمانیہ کا پرچم بوسنیا اور البانیہ کے کئی علاقوں پر لہرانے لگا۔ سولہویں صدی میں سلیم نے ایران کی صفوی حکومت کو شکست دی اور مصر کی پوری مملوک سلطنت کواپنی

[CITATION Sun8 \l 1033] (Quataert, Donald page 13)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Encyclopedia of the Ottoman Empire)

سلطنت میں شامل کرلیا اسلامی دنیا میں سلطنت عثمانیہ کو ایک
خاص مذہبی اہمیت حاصل ہوگئی جب شام مصر اور مقدس شہر
انکے زیر تسلط آگئے ۔ اور عثمانی فرمان روا مکے مدینے اور یروشلم
کے محافظ بن گئے۔ سلطنت نے سولہویں اور سترہویں صدی میں
بڑھتی ہوئی یورپی طاقت کا مقابلہ کرنے کے لئے شمالی افریقہ اور
انڈونیشیا تک کے دور دراز مسلمانوں کی مدد کی ۔ سلطنت عثمانیہ کا
اس سے بھی بڑھ کر کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے ریاست مدینہ کے
اصولوں پر ایک مسلم ریاست کی بنیاد رکھی۔
انھوں نے اپنی ریاست میں نہ صرف غیر مسلموں کو مذہبی آزادی
فراہم کی ، بلکہ انہوں نے عیسائی عیسائیوں اور یہودیوں کو نیم
خودمختار برادری بنانے کی اجازت دی۔ ملت سسٹم کے تحت وہ اپنے
نمائندگان منتخب کرتے جو حکومت میں انکی نمائندگی کرتے[CITATION Sun8 \l 1033]
۔ سلطنت عثمانیہ میں غیر مسلموں کا آزادانہ تجارت کی
اجازت تھی[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ سلطان سلیمان کے چھیالس سالہ دور
میں 1520 سے 1566 کے دوران سلطنت اپنے عروج پر تھی

صفوی سلطنت 1501-1722

صفوی سلطنت تاریخ کی ایک اہم اسلامی ریاست تھی اور عروج کے
دنوں میں ایک بڑا علاقہ اس کے زیراثر تھا
صفوی مشہور صوفی بزرگ شیخ صفی الدین میں سے تھے ۔ صفوی
بادشاہ دعوی کرتے ہیں کہ وہ محمد کی اولاد میں سے ہیں جبکہ
تاریخ دانوں کا اصرار ہے کہ وہ یا تو کرد ہیں یا ایرانی نژاد ہیں
[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ انہیں مقامی ایرانی آبادی اور بعد میں ترک قبائلیوں
میں خوب پزیرائی ملی۔ سنہ 1488 میں صفوی بادشاہ کے قتل کے بعد
کم عمر اسمائیل ، بڑے ہو کر وہ ایک قابل جرنیل کے روپ میں سامنے
آئے۔ اور ایران کے بیشتر علاقوں پر سنہ 1510 تک اپنا قبضہ جما لیا۔
اسماعیل جارجیا کے بادشاہ جارج اول کے پڑ پوتے تھے۔ انکی والدہ
مارتھا جنہیں حلیمہ کے نام سے جانا جاتا ہے   ترکمان بادشاہ   اوزن
حسن کی بیٹی تھیں ۔ انکی والدہ دسپینا خاتون یونانی النسل تھیں

[CITATION Sun8 \l 1033] (Encyclopedia of the Ottoman Empire page xxviii)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Faroqhi, Suraiya page 190)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Tapper, Richard page 39)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Charanis, Peter page 476)

۔ اسمٰعیل نے شیعہ مسلک کو سرکاری مذہب بنا دیا اور غیر شیعہ کو کہا کہ یاتو وہ شیعہ مسلک اختیار کرلیں یا سلطنت سے نکل جائیں ورنہ مار دئے جائیں گے۔ CITATION Sun8 \l 1033

انہوں نے لبنان اور ایراق سے شیعہ علماء بلوائے تاکہ وہ شیعہ مسلک کی ترویج کریں اور عوام میں سے سنی عقائد کو ختم کرسکیں۔
سلطنت عثمانیہ کے شہنشاہ اپنی سلطنت میں معتدل اسلام کی ترویج کر رہے تھے انہیں اسمعیل کی سوچ اپنی پالیسی سے متصادم نظر آئی۔ مشرقی اناطولیہ اور آزر بائیجان میں صفوی حکومت کی شورشوں سے عثمانی سلطان پہلے ہی شاکی تھے کہ ان کی فوج وہاں مصروف ہو گئی تھی اور وہ ہنگری اور دوسرے علاقوں پر توجہ نہیں دے پارہے تھے۔ آخر سلیم کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا اور انہوں نے صفویوں پر حملہ کردیا۔ اسمعیل کو جان بچا کر بھاگنا پڑا ۔ اس ہزیمت سے ان کے بارے میں قائم یہ تاثر زائل ہو گیا کہ انہیں کوئی غیبی مدد حاصل ہے۔ یا ان کے پاس کوئی روحانی طاقت ہے۔ CITATION Sun8 \l 1033 ۔ عثمانیوں نے 23 اگست 1514 کو ایک فیصلہ کن معرکہ کے بعد مشرقی اناطولیہ اور شمالی ایراق اپنی سلطنت میں ضم کرلیا ۔ اس جنگ کے بعد شیعہ اور سنی ریاستوں میں ایک حد بندی ہو گئی۔ صفوی اور عثمانی حکومتوں کے درمیان جھڑپیں CITATION Sun8 \l 1033 اٹھارویں صدی تک جاری رہیں۔

مغل سلطنت

تیسری عظیم مسلم سلطنت ہندوستان میں ابھری۔ دہلی سلطنت نے 1200 کی دہائی میں برصغیر کے شمالی حصے پر حکمرانی کی۔ مغل لفظ منگول سے نکلا ہے CITATION Sun8 \l 1033 ۔ سلطنت کا دوسرا نام ہندوستان تھا ، جو آئین اکبری میں سلطنت کا سرکاری نام لکھا گیا بابر کے پوتے اکبر کے دور میں سلطنت عروج پر پہنچ گئی۔ 1573 تک ، انہوں نے گجرات کو فتح کرلیا ، اور اگلے تین سالوں میں ، بہار اور بنگال بھی سلطنت میں شامل کرلئے ۔ اگلی دہائی کے دوران ، انہوں نے اڑیسہ کو فتح کر لیا ، اور کابل ، قندھار ، کشمیر ، سندھ اور بلوچستان پر کنٹرول حاصل کرلیا۔ اگرچہ سائنس اور ٹیکنالوجی میں تین مسلم سلطنتوں کے کارنامے عباسیوں کے سنہری دور کے برابر

CITATION Sun8 \l 1033 (Ágoston, Encyclopedia of the Ottoman Empire page 284)
CITATION Sun8 \l 1033 (Momen, Moojan page 107)
CITATION Sun8 \l 1033 (Turkey and Iran: Limits of a Stable Relationship, British Journal of Middle Eastern Studies volume 25 page 76)
CITATION Sun8 \l 1033 (Hodgson, Marshall G. S. page 62 Footnote)

نہیں پھر بھی مسلمانوں کو دوسری قوموں سے تکنیکی برتری حاصل تھی۔ اس دور میں ، مسلمانوں کی دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک حکمرانی تھی ۔ 1600 کی دہائی کے دوران ، ایک مسلمان بالکانسے چل کر عرب علاقوں سے ہوتا ہوا ایرانی پہاڑیوں ، اور ہندوکش کے اس پار سے برصغیر پاک و ہند تک سفر کرتا تو اسے لگتا ایک ہی دیس میں ہے۔

دنیا کا اسلام پر رد عمل

جب محمد مدینے میں ایک نئے مذہب کی بنیاد رکھ رہے تھے ، دنیا کی دو بڑی طاقتیں ایک طویل جنگ کے آخری مراحل میں تھیں۔ یہ جنگ جو قدیم ایرانی اور بازنطینی سلطنت کے مابین لڑی گئی ،چھ سال تک جاری رہی۔ ایرانی سلطنت پر ساسانی خاندان کا راج تھا ۔ اس کا مرکز جدید ایران اور عراق تھا لیکن یہ انڈیا اور اسے بھی آگے تک پھیلی ہوئی تھی۔ آتش پرست ساسانی تجارت کے باعث خوش حال تھے اور انکے پاس ایک بڑی فوج تھی۔ یونانیوں حتی کہ رومنوں نے بھی ان پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے۔ اور ایرانی سلطنت مشرق وسطی کی سب سے بڑی طاقت ہی رہی۔ چوتھی صدی کے دوران ، بازنطینی یا مشرقی رومن سلطنت کی سرحدیں قسطنطنیہ شہر کے آس پاس تک پہونچ چکی تھیں۔ ساتویں صدی تک ، بازنطینی سلطنت بحیرہ روم کے بیشتر سمندری ساحلی علاقوں پر اپنا تسلط قائم کرچکی تھی۔ اسکی بحریہ سمندر پر راج کرہی تھی جبکہ سپاہ گریس ، جنوبی افریقہ۔ ترکی شام اٹلی بلکہ سپین تک کے علاقوں پر گرفت رکھتی تھی۔ چوتھی صدی سے رومن سلطنت نے عیسائیت کو سرکاری مذہب بنا لیا تھا

مسلم سلطنت جب دنیا میں پھیلنے لگی تو جسٹینن ، خسرو اور دوسرے بادشاہوں کو تشویش لاحق ہونے لگی۔ ایک طاقتور خدا کے اسلامی تصور نے دوسرے مذاہب اور عقیدوں کو ہلا کر رکھ دیا ایسے سوالات پیدا ہونے لگے جو کبھی نہیں پوچھے گئے تھے۔ عقیدے تثلیث پر سوال اٹھے۔ لوگ کہنے لگے اگر یسوع مسیح خدا کے بیٹے تھے اور عام لوگ انہیں تنگ کرتے تھے تو عیسائی تو بہت کمزور ہوئے۔ کسی نے کہا اگر کرائسٹ خدا کے بیٹے ہیں اور انکے شاگرد انکے بھائی ،تو خدا تو انکے بچوں کے چچا ہوئے [CITATION Sun8 \l 1033] ۔ نئے مذہب کو اپنے اقتدار کے لئے خطرہ سمجھتے ہوئے بازنطینی اور ساسانی حکومتوں نے

CITATION Sun8 \l 1033 (Robert G. Hoyland page 94)

پادریوں اور روحانی پیشواوں کو متحرک کردیا۔ سرکاری سرپرستی کا نتیجہ یہ ہوا کہ تفریحی تھیٹروں کی جگہ چرچ اور مندروں نے لے لی ۔ مذہبی پیشواوں کو قومی ہیرو کے روپ میں پیش کیا جانے لگا مافوق الفطرت کہانیاں تخلیق کی گئیں اور صلیب کا نشان خدائی حفاظت کی ضمانت بنا دیا گیا۔ چھٹی صدی کے وسط میں ، بازنطینی جرنیل عربوں سے جنگ ہار نے کے بعد اتنے روہانسے ہو گئے۔ کہ انہوں نے پوپ مارٹن اول کو محض اس الزام میں گرفتار کر لیا کہ وہ مسلمانوں کے خلاف نفرت پیدا کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ مسلمانوں سے ہمدردی بازنطینیوں کی نظر میں ناقابل معافی جرم بن گیا۔
ہرکولیس کی لغط میں مسلمانوں سے محبت یا مسلمانوں جیسا کا مطلب تھا غداری [CITATION Sun8 \l 1033]۔جب عالمی قوتیں اسلام کے پھیلاؤ کو روکنے میں ناکام ہوگئیں تو انہوں نے مسلمانوں کو بدنام کرنے کے لئے ایک منظم مہم شروع کردی۔ یونانیوں نے کہنا شروع کردیا کہ اسلامی مہمات میں مسلمان پر تشدد ہوتے ہیں وہ قتل وغارت گری کرتے ہیں اور لوگوں کو غلام بنا لیتے ہیں۔ عقیدہ تثلیث پر اٹھانے والے سوالات کے جواب میں انہوں نے مسلمانوں کے ماضی کوہی متنازع بنا دیا۔ اسلام کے بانی اسماعیل کو ایک بت پرست اور غیر مہذب ثابت کرنے کی کوشش کی گئی اور انکی والدہ کو ایک حقیر مصری غلام یا خادمہ کے طور پر پیش کیا گیا۔
تورات کے ایک قدیم انگریزی ترجمہ میں لکھا ہے کہ سارہ نے دیکھا کہ اسمعیل بت کی پرستش کر رہے ہیں اور اس کے آگے جھک رہے ہیں جس پر سارہ نے ابراہیم کو کہا کہ اس خادمہ اور اسکے بچے کو باہر نکال دو کہ یہ ممکن نہیں کہ ایک خادمہ کا بچہ ہماری جائیداد لے کر ہمارے بیٹے سے ہی جنگ کرے[CITATION Sun8 \l 1033]۔ بتوں کے خلاف مسلمانوں کی تنقید کا جواب اس طرح دیا گیا کہ مشہور کردیا گیا کہ مسلمان جب اللہ اکبر کہتے ہیں تو وہ دراصل کوبر نامی ایک پتھر ، یا ستارے کو پکار رہے ہوتے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ مسلمانوں اور اسلام کے خلاف نفرت ایک باقاعدہ مہم بن گئی
دسویں صدی میں بازنطینی شہنشاہ نے پوپ اربن دوئم سے درخواست کی کہ وہ سلجوک ترکوں کے خلاف حکومت کی مدد کریں سلجوک ترک ان سے ایشیا کا بڑا حصہ ہتھیا چکے تھے۔ اس درخواست کے جواب میں نومبر 27 سنہ 1095 کو پوپ نے ایک تاریخی خطاب کیا۔ انکی تقریر تاریخ کی پر اثر ترین تقریروں میں سے ایک ہے ۔ اسی تقریر کے

[CITATION Sun8 \l 1033] (Hoyland)
[CITATION Sun8 \l 1033] (R. G. Hoyland page 509)

نتیجہ میں صلیبی جنگوں یا کروسیڈز کا آغاز ہوا۔ پوپ نے مسلمانوں
کے خلاف ایک مقدس جنگ کا اعلان کرتے ہوئے تمام عیسائیوں پر زور
دیا کہ وہ جس حالت میں بھی ہوں مسلمانوں سے فلسطین حاصل
کریں ۔انہوں نے ضمانت دی کہ اس جنگ میں جو بھی مرے گا وہ
سیدھا جنت میں جائے گا ۔
Deus vult![CITATION Sun8 \l 1033] یعنی یہ خدا کا حکم ہے ۔
انکی تقریر کا یہ فقرہ ۔عیسائی دنیا کا مقبول ترین نعرہ بن گیا
مؤرخین کا اصرار ہے کہ مغرب نے اسپین اور فرانس کی جنگ جیتنے کے
لئے مسلمانوں کا نظریہ جہادمستعار لیا۔اسلام کو متروک اور قدامت
پسند مذہب قرار دیا گیا جبکہ مسلمانوں کو توہم پرست اور جاہل
ثابت کرنے کی کوشش کی گئی۔ ایک منظم مہم کے تحت محمد، انکے
اہل خانہ اور ساتھیوں کے خلاف ہرزہ سرائی کی گئی۔صلیبی جنگوں
کے خاتمہ کے بعد جب برطانیہ دنیا پر حکومت کا خواب لے کےچلا ۔ ایک
بار پھر مسلمانوں کے خلاف مہم شروع ہوگئی ۔ اٹھارویں صدی میں
یکدم بڑے بڑے جید انگریز سکالرز نے سارا کام چھوڑ کر محمد کی
سوانح حیات لکھنا شروع کردیں ۔مسلمانوں کی تمام تاریخ مسلمانوں
نے عربی زبان میں لکھی ہے ۔ تاج برطانیہ کے یہ ملازم نے تو عربی
زبان سے واقف تھے اور نہ ہی عربی ثقافت یا قبائیلی رسم و رواج سے
۔
ان کا مقصد صرف تنقید تھا ۔ انہوں نے اسلام اور قرآن کو جھوٹا
ثابت کرنا شروع کردیا۔ ایک ایسا ماحول بنا دیا کہ اسلام پر تنقید کو تو
خوب سراہا جاتا لیکن اگر کوئی غیر جانبدار ہو کر یا اسکے دفاع میں
کچھ کہہ دے تو اسے معذرت خواہانہ تحریر کہہ کر لکھنے والے اور تحریر
کا مذاق اڑایا جاتا۔آج بھی یہ رواج قائم ہے ۔ قرآن کو ایک بے ربط سی
کتاب قرار دے دیا گیا جس میں کوئی نئی بات نہیں ہے۔قرآن کا
گہرائی سے مطالعہ کیا جائے تو واقعی اس میں کوئی نئی بات نہیں
ملتی ۔ہم دیکھتے ہیں کہ محمد کی شریعت اور موسی کی شر
یعت ،یعنی انکو دئے گئے 613 احکامات میں ،کوئی فرق ہی نہیں ۔ اس
سے محمد کا یہ دعوی صحیح ثابت ہوتا ہے کہ اسلام دین ابراہیم کا
ہی تسلسل ہے ۔
یہ بات قابل ذکر ہے کہ اٹھارویں صدی اور اس کے بعد کی لکھی گئی
مغربی تحریروں کی تصحیح اکیسویں صدی کے غیر جانبدار سکالرز نے
کی ہے

[CITATION Sun8 \l 1033] (Mills, Charles page 26)

اپنے وقت کے ممتاز مفکر اور تاریخ دان ، فلپ کے ہٹی نے ، اپنی کتاب
، عربوں کی تاریخ میں ایک مکمل باب قرآن کے لئے مختص کیا ہے ،
قرآن ، اللہ کی کتاب کے نام سے اس باب میں انہوں نے قرآن کا
دوسری الہامی کتابوں سے موازنہ کیا ہے۔ اس موازنے سے ثابت ہوتا
ہے کہ قرآن ایک الہامی کتاب ہے جو ابھی تک کسی قسم کے ردو بدل
سے محفوظ ہے۔ اسماعیل اور انکی والدہ حاجرہ کے بارے میں تنقید
کی تحقیق کرتے ہوئے وکٹر پی. ہیملٹن نے لکھا ہے کہ حاجرہ ایک
مقدس خاتون تھیں۔ جن سے ایک بچے کا وعدہ کیا گیا۔ خدا نے ابراہیم ،
اسحاق اور یعقوب سے بچوں کا وعدہ کیا۔ بائیبل میں حاجرہ ہی وہ
واحد خاتوں ہیں جن سے خدا نے بچے کا وعدہ کیا۔ وہ واحد خاتون ہیں
جن سے خدا بائیبل کے مطابق ہم کلام ہوا۔ اور اس نے اسماعیل کی
دیکھ بھال کا وعدہ کیا اور پھر دونوں ماں بیٹوں کی بے مثال دیکھ بھال
کیے کہا جاتا ہے کہ اسماعیل سے خدا نے کوئی عہد نہیں لیا۔ لیکن
ہیملٹن کے مطابق کسی علیحدہ عہد کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ
خدا نے جب ابراہیم سے عہد لیا تو اس نے یہ عہد ابراہیم اور انکی
اولاد سے کیا۔ اس عہد کی یادگار کے طور پر انکی اور انکی اولاد کے
ختنے کئے گئے[CITATION Sun8 \l 1033]۔ بائیل ہمیں بتاتی ہے جب خدا نے
ابراہیم سے عہد لیا اور اس عہد کے نتیجے میں اسماعیل کے بھی ختنے
ہوئے ۔ اسوقت انکی عمر تیرہ سال تھی
کتاب پیدائش بتاتی ہے کہ خدا نے اس امر کی تائید کی کہ اسماعیل
انکے جائز اور پیارے بیٹے ہیں[CITATION Sun8 \l 1033]۔ اس طرح یہ بات واضح
ہوجاتی ہے کہ اولاد اسحاق کو کسی طور اولاد اسماعیل پر کوئی
برتری حاصل نہیں۔ بائیبل بتاتی ہے کہ اسحاق نے اپنے بیٹے یعقوب کو
اپنا جانشین مقرر کیا اور اس طرح انہوں نے یعقوب کو عیسو سے
افضل کردیا لیکن اسحاق کو اس طرح اسمعیل پر فوقیت دینے کو کوئی
ذکر موجود نہیں۔ناقدین محمد کی شادیوں پر تنقید کرتے ہیں اور
انکی مبینہ زبان کی لغزش پر ہرزہ سرائی کرتے ہیں۔ تاہم اس
صدی کے مغربی محققین نے ان الزامات کو جب حقائق کی کسوٹی پر
پرکھا تو وہ افسانے نکلے۔معروف اسکاٹ مورخ ولیم منٹگمری واٹ نے
اپنی شہرہ آفاق کتاب محمد ایٹ مدینہ میں محمد کی شادیوں پر پورا
ایک باب لکھا ہے۔وہ کہتے ہیں کہ محمد نے اپنی پہلی شادی ایک بیوہ
اور عمر رسیدہ خاتون سے کی ۔ محمد پچیس سال کے تھے اور خدیجہ
کی عمر چالیس سال تھی، محمد نے خدیجہ کی زندگی میں کوئی

[CITATION Sun8 \l 1033] (Hamilton, Victor P. page 480)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Genesis Chapter 17:20)

دوسری شادی نہیں کی۔ محمد نے اپنی جوانی کے پچیس سال خدیجہ کے ساتھ گزارے یہاں تک کہ وہ 65 سال کی عمر میں انتقال کرگئیں۔ محمد نے دوسری شادی ترپین یا 54 سال کی عمر میں کی۔ اگلے کئی سالوں میں ، انہوں نے پندرہ خواتین سے شادی کی لیکن تیرہ خواتین سے انکی شادی مکمل ہو سکی۔عائشہ کے سوا ان کی تمام بیویاں بیوہ تھیں یا طلاق یافتہ ۔ واٹ کے مطابق محمد کی تمام شادیاں سیاسی تھیں اور انکا مقصد مختلف قبائل کے درمیان تعلقات مستحکم کرنا تھا[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ محمد کی شادیوں نے مدینہ کی معاشرتی تنظیم نو میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ ان کی شادیوں کی بدولت پرانے رسم و رواج منسوخ ہوگئے اور ایک نیا نظام متعارف ہوا۔محمد پر انکے منہ بولے بیٹے زید بن حارثہ کی اہلیہ سے شادی پر تنقید کی جاتی ہے اور اس تنقید میں رنگ بھرنے کے لئے نت نئے رومانوی فسانے گھڑے جاتے ہیں۔ محققین کے مطابق زینب انکی قریبی عزیزہ تھیں اگر محمد چاہتے تو ان سے کبھی بھی شادی کر سکتے تھے۔شادی کے وقت ان کی عمر پینتیس یا اڑتیس سال تھی۔تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ زینب میں قبائلی انا بہت تھی ۔ جبکہ انکے شوہر زید ایک آزاد کردہ غلام تھے ۔ اسی وجہ سے زید ا ور زینب میں ذہنی ہم آہنگی نہیں ہو پارہی تھی۔اور اسی بنا پر زید نے زینب کو طلاق دی ۔ زینب کی انا یہ عالم تھا کہ جب خلیفہ عمر نے محمد کی ازواج کے لئے سرکاری وظیفہ شروع کیا تو زینب نے اسے لینے سے انکار کردیا ، وہ بقیہ تمام عمر ایک چمڑا رنگنے کے کارخانے میں مزدوری کرتی رہیں۔ ان کے زہد کا یہ عالم تھا انہوں نے ایک رسی باندھی ہوئی تھی ۔ رات میں جب نمازیں پڑھتے تھک جاتیں تو اس رسی کا سہارا لیتیں۔ محمد نے جب یہ رسی دیکھی تو اسے اتروادیا ۔ولیم منٹگمری واٹ کے مطابق محمد کی شادیوں میں ایسا کچھ نہیں ملتا کہ جو انکے نبی کے منصب کے خلاف ہو۔ اسی طرح مغرب محمد پر زبان کی مبینہ لغزش پر بہت تنقید کرتا ہے۔ کچھ مسلم مورخین نے ایک واقعہ کا ذکر کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ محمد نے ایک دن قریش مکہ کے سامنے قرآنی آیات پڑھتے ہوئے بتوں کو، جنہیں وہ شدت سے مسترد کرتے تھے، بڑی عظمت اور شان والا کہ دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ قریش مکہ کے سامنے ایک دن تبلیغ کرتے ہوئے وہ سورہ نجم کی آیات کی تلاوت کرتے ہوئے وہ غلطی سے کہ گئے کہ لات عزٰی اور منات اعلی وارفع ہیں[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ مسلمان تاریخ دان کمزور راوی ہونے کے باعث اس واقعہ

[CITATION Sun8 \l 1033] (M. Watt, Muhammad at Medina page 331-332)

[CITATION Sun8 \l 1033] (The History of al-Tabari, Muhammad at Mecca Volume VI, page 108)

کی تردید کرتے ہیں ۔ کچھ کے خیال میں یہ واقعہ ہوا لیکن بعد میں اموی یا دوسری حکومتوں نےسیاسی مصلحتوں کی بنا پر محمد کو افضل ثابت کرنے کی کوشش میں اسے تاریخ سے نکال دیا ۔ آج چودہ سو سال بعد ہم اس واقعہ کی سچائی تک تونہیں پہنچ سکتے لیکن عقلی کسوٹی پر ضرورپرکھ سکتے ہیں۔

میرے علم کے مطابق محمد نے کبھی یہ دعوی نہیں کیا کہ وہ انسان سے کوئی افضل مخلوق ہیں۔ صحیح بخاری نمبر 3395 ، کتاب 60 اور حدیث 69 کے مطابق محمد تو خود کو یونس بن متاسے بھی بہترکہنے کو منع کرتے تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ یونس سے ایک غلطی سرزد ہوگئی تھی ۔ قرآن کے باب اکیس کی آئت 87 کی روشنی میں کہا جاتا ہے کہ یونس اپنی غلطی کی پاداش میں چالیس روز تک مچھلی کے پیٹ میں رہے ۔ محمد نے ہمیشہ تاکید کی کہ وہ خدا کے بندے اور رسول ہیں ۔ اس بات کو مسلمان اپنے پہلے کلمے میں دہراتے ہیں ۔ محمد نے اپنی امت کو قرآن کے 114 باب اور 6236 آیات درست طور پر پہنچائیں ۔ اگر فرض کرلیا جائے کہ وہ ایک آیت درست طور پر نہیں پڑھ سکے تو کوئی بھی غیر جانبدار اور بردبار ذہن اسے ایک انسانی غلطی قرار دے گا اور اس سے زیادہ کچھ نہیں ۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ محمد پر تنقید کرنے والے بائیبل سے نا بلد ہیں اور تاریخ کا سطحی علم بھی نہیں رکھتے۔ محمد کو مسلم زرائع کے مطابق آسمان کی سیر کروائی گئی ۔ لیکن موسی سے تو خدا کلام کرتے تھے ۔ ان سے بھی غلطی سرزد ہوئی۔ انہیں بائیبل کے مطابق کنعان کی سرزمین میں اسی جرم کی پاداش میں داخل ہونے سے روک دیا گیا۔ہو سکتا ہے ناقدین کو اس لئے موقع ملتا ہو کہ کچھ مسلمان اپنے نبی اور انکے اہل خانے کو کسی مافوق الفطرت منصب پر فائز کردیتے ہیں ۔لیکنمغرب کی بے سروپا تنقید سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ مسلمانوں سےقدیم بدلے اتاررہا ہے ۔ گزشتہ ایک ہزار سال کی سب سے متنازعہ کتاب سلمان رشدی کی تحریر "سیٹنک ورسز" اسلام سے مغرب کی نفرت کی ایک عمدہ مثال ہے۔ عالمی شہرت یافتہ برطانوی اخبار ، دی گارڈین کی دو تحریریں ہمیں بتاتی ہیں کہ برطانیہ نے سلمان رشدی اور انکی کتاب کو دو دہائیوں تک اپنے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا [CITATION Sun8 \l 1033]

[CITATION Sun8 \l 1033] (Anthony, Andrew)(Dodd, Duncan Campbell and Vikram)

اسلام میں تقسیم

اسلام میں پہلی تفریق تو ابتدائی دنوں میں ہی پیدا ہوگئی تھی ۔
جب محمد کی رحلت کے بعد ابو بکر پہلے خلیفہ بنے شیعہ اسکالرز کے
مطابق ، محمد نے علی کو اپنا جانشین مقرر کیا تھا لیکن علی کا حق
غصب کرتے ہوئے ابوبکر خلیفہ بن گئے۔ سنیوں کے مطابق ابوبکر عمر
اور معاویہ بھی قانونی اوردرست خلیفہ تھے ، کیونکہ محمد نے کبھی
علی کی جان نشینی کا اعلان نہیں کیا ۔ شیعہ جس کی بات کرتے ہیں
وہ چند لوگوں کے درمیان غیر رسمی گفتگو تھی ۔مسلمانوں میں شیعہ
سننی کی اصل تفریق عثمان کی شہادت کے بعد گہری ہوئی ، جب
منتخب خلیفہ علی کے مدمقابل پہلے محمد کی زوجہ اور پھر معاویہ
آگئے۔ معاویہ نے منتخب خلیفہ کے خلاف جنگ کی ۔ جو اسلام اور ریا
ست مدینہ کے ماڈل کے خلاف تھی پھر انکے بیٹے یزید نے محمد کے
نواسےحسین کو انتہائی بے رحمی سے انکے اہل و عیال سمیت شہید
کردیا ۔ یہ لوگ تو انکے نبی محمد کے بھی قریبی عزیز تھے۔ شیعہ اور
سننی دونوں اس موضوع پر بہت حساس ہیں ۔ لیکن تاریخ ہمیں بتاتی
ہے کہ علی نے ابو بکر اور عمر دونوں کے دور خلافت میں مشیر کے
طور پر اہم ذمہ داریاں سر انجام دیں۔ اگر علی کو ابوبکر کی خلافت
پر اعتراض نہیں تھا یا اگر تھا تو بعد میں ختم ہو گیا تو پھر یہ تفرقہ
چودہ سو سال سے کیوں جاری ہے؟ اپنے دعوی میں کون سچا ہے اور
کون جھوٹا ۔ ہم یہ تو نہیں سکتے لیکن مغربی محققین کے مطابق
شیعہ سننی کی تقسیم سراسر سیاسی ہے۔ تاریخ بتاتی ہے شیعہ
سننی تنازعہ کا مسلمانوں پر ایک تباہ کن اثررہا ہے سولہویں صدی میں
، مسلم دنیا کو دھچکا لگا جب عراق اور فارس کے شیعوں نے سنی
طریقوں کو چیلنج کیا۔ دشمنی اتنی بڑھ گئی کہ مسلمان مدد کے لئے
اپنے ازلی دشمنوں کی طرف دیکھنے لگے۔
اس بات کے ثبوت ہیں کہ شیعہ سنی تقسیم میں یہودیوں کا کردار
تھا۔ عبداللہ ابن صبا ساتویں صدی کی ایسی ہی متنازعہ شخصیت
ہیں۔ مسلمان ، عیسائی اور یہودی علماء نے عبداللہ پر کتابیں لکھی
ہیں۔ سنی اور شیعہ روایات دونوں متفق ہیں کہ عبد اللہ بن صبا
ہمیار قبیلہ سے تعلق رکھنے والے یمنی یہودی تھے جنہوں نے عثمان کے
دور میں اسلام قبول کیا۔ انہوں نے مصریوں کو عثمان کی حکومت
کے خلاف اکسایا۔
خلفائے راشدین کے دور تک مسلمان کٹر توحید پرست تھے لیکن وقت
گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ مادی چیزوں کی جانب راغب ہونے لگے ۔

مسلمان بادشاہوں نے اپنے اقتدار کو دوام بخشنے کے لئے مذہب کا استعمال کیا۔ محمد اور انکے خلفائے راشدین کے دور میں ہمیں انسان اور خدا کے درمیان کسی ثالث کا کوئی تصور نہیں ملتا ۔ پہلے محمد اور انکے بعد خلفاء نے نمازوں کی امامت کرتے تھے

محمد نے اپنے لوگوں کو اسطرح کھول کر مذہب بیان کردیا تھا کہ کوئی الجھن باقی نہ رہی تھی۔ بعد میں خلفائے راشدین نے اپنے ادوار میں اسلام کو عملی طور پر نافذ کرکے مذہب کے حوالے سے تمام ابہام دور کردئے تھے۔ لیکن جب شیعہ اور سننی سلطنتیں وجود میں آئیں تو دونوں مسالک کے درمیان تنازعہ شدت اختیار کر گیا دونوں مصر تھے کہ وہ درست راستے پر ہیں اور دوسرے راہ راست سے بھٹک چکے ہیں ۔ اس شدت امیز رویے کی وجہ یہ تھی کہ وہ دوسرے کو غلط ثابت کر پوری مسلم دنیا پر حکومت کرنا چاہتے تھے۔ اسلام میں مذہبی پیشوا کا کردار اسی وقت شروع ہوا جب حکمرانوں نے مذہب کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرنا شروع کیا۔ مغربی تجزیہ کاروں کے مطابق روحانیت کی جڑیں قدیم ایران میں ملتی ہیں ۔ یہ محمد کے زمانے میں بھی موجود تھی ۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ روحانیت قرآن مجید سے شروع ہوئی ۔ عرفان محمد سے شروع ہوا اور علی کے ذریعے پھیل گیا۔ لیکن ، ابتدائی اسلام میں تصوف کی موجودہ شکل کا کوئی تاریخی ثبوت موجود نہیں ملتا۔ محمد اور انکے ساتھی انتہائی با عمل لوگ تھے

سلسلے تیرہویں صدی میں نمودار ہوئے ۔ اور مخصوص بھائی چارے کا تصور، طریقت کے قیام کے بعد سامنے آیا۔ پہلا طریقہ سہروردی 1230 میں بغداد میں شروع ہوا ، پھر دیگر سلسلے سکندریہ، ہندوستان اور وسطی ایشا میں بھی دیگر سلسلے پھیلے[CITATION Sun8 \l 1033] ۔ کئی تجزیہ کار کہتے ہیں کہ ان سلسلوں نے اسلام کی ترویج میں نمایاں کردار ادا کیا ۔ انہوں نے لوگوں پر انفرادی محنت کر کے اخلاقی برائیوں کا خاتمہ کیا اور اسلامی معاشرے کی طرز پر ایک معاشرے کی بنیاد رکھی۔ تاہم کچھ کے خیال میں بزرگوں کی وفات کے بعد کئی سلسلے سیاسی ہوگئے اور مذہب کمائی کا دھندہ بن گیا۔ کچھ لوگ محی الدین اعرابی کو اسلام میں تقسیم کا باعث گردانتے ہیں ۔ انکی فلسفیانہ عقائد نے عام انسان کو الجھا دیا اور وہ سادہ دین چھوڑ کر توہم پرستی اور کئی تو شرک کے راستے پر گامزن ہوگئے۔ مسلم دنیا میں سرکاری مولوی کا تصور اسوقت آیا جب بغداد کے بادشاہ نظام

[CITATION Sun8 \l 1033] (Robinson, Francis page 41)

الملک نے 1067 میں پہلے سرکاری مدرسے کی بنیاد رکھی۔ سلجوک
دور حکومت میں یہ مدرسے ایران اور اس سے آگے پھیل گئے۔ نماز
پڑھانا ، خطبہ دینا ۔ قرآن کی تعلیم اور فتوی جاری کرنا باقاعدہ ایک
پیشہ بن گیا۔ گیارھویں صدی کے بعد جب مدرسے پھیلے تو علما نے ان
میں ملازمتیں شروع ہو گئے۔ لیکن باد شاہوں اور دوسرے امرا کے
ملازم ہونے کی وجہ سے عوام انہیں حقارت سے ہی دیکھتے تھے۔
برصغیر میں اسلام کے ساتھ سب سے مہلک تجربہ مغل بادشاہ اکبر نے
دین الہی بنا کر کیا۔ یہ وہی دین تھا جو دو ہزار سال قبل از مسیح
میں یہودیوں کے دیس میں پھیلا۔ ان کا دین اسلام، عیسائیت ، اور
ہندوازم کا ملغوبہ تھا ۔ اس دین بنانے کا مقصد سیاسی استحکام تھا
وہ ہندو مسلمان اور عیسائی رعایا پر اپنی گرفت رکھنا چاہتے تھے۔ ان
کے اس دین سے سادہ لوح مسلمانوں میں ہندووں اور دوسرے مذاہب
کے عقائد جڑ پکڑ گئے۔ کیونکہ وہ انہی مذاہب سے تبدیل ہوکر مسلمان
ہوئے تھے۔

اکبر اعظم کے بعد مسلمانوں کی قحط الرجالی کا نقشہ حکومت
برطانیہ کے سرکاری دیوانوں میں ملتا ہے۔ انیسویں صدی کے پنجاب
گیزیٹرز بتاتے ہیں کہ شہنشاہ اکبر کے بعد مسلمانوں میں ہندو اور
سکھوں کی طرح توہمات پیدا ہو گئیں[CITATION Sun8 \l 1033]۔ اور مزارات
مقبول عبادت گاہیں بن گئیں۔ پیروں کو معاشرے میں ایک اہم مقام
حاصل ہوگیا۔ خانقاہیں مرکزی حیثیت اختیار کر گئیں ۔ لوگ عمل کی
بجائے منتوں اور نذر پر زیادہ انحصار کرنے لگے۔ مسلمان اور ہندووں
کی شادی، فوتگی اور پیدائش کی رسمیں ایک جیسی اور توہمات سے
بھرپور تھیں[CITATION Sun8 \l 1033]۔ ہندوں کی طرح رسموں پر پیسے ضائع
کرنے کے باعث مسلمان بھاری قرضوں میں جکڑے ہوئے تھے۔ وہ کسی
نئے ہنر کو سیکھنا نہیں چاہتے تھے اور محنت کم کرنے اور توہم
پرستی پر زیادہ یقین کرنے کے باعث وہ کسی بھی دوسری قوم سے
معاشی طور پر بہت پیچھے تھے۔ تاہم ہندوستان کے مختلف علاقوں
میں ایسے لوگ موجود تھے جو برطانوی حکومت کے خلاف علم بغاوت
بلند کرتے رہتے تھے ۔ تمام تر توہم پرستی کے باوجود ہندوستان بھر کے
مسلمانوں میں ان مجاہدین کے لئے نرم گوشہ موجود تھا۔ ہندوستانی
سرکاری ملازم سر ولیم ولسن ہنٹر جو ہندوستان کے شاہی دیوان
مرتب کرنے کے حوالے سے مشہور ہیں اپنی کتاب انڈین مسلمان میں

[CITATION Sun8 \l 1033] (The Gazette of India, 1891-92 page 60-63)
[CITATION Sun8 \l 1033] (The Gazette of India, 1914 page 39-49)

لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کو پختہ یقین تھا کہ اگر وہ اس ملک میں مرے جس پر کافر حکومت ہو تو انکو تکلیف دہ موت کا سامنا کرنا پڑے گا اوروہ قیامت کے روز دوزخ میں ڈالے جائیں گے CITATION Sun8 \l 1033 ۔

تاہم یہ مغربی نکتہ نظر ہے ۔ مغربی معاشرے میں میں تو کئی یہودی اور عیسائی مذہبی رسومات بھی توہم پرستی کے زمرے میں آتی ہیں۔

یہودی - مسلم تنازعہ کی ابتدا

محمد کی مدینہ ہجرت پر کئی لوگوں نے خوشیاں منائیں لیکن کچھ ایسے بھی تھے جو محمد اور انکے مذہب سے خوش نہ تھے۔ یہودی ناخوش ہونے والوں میں پیش پیش تھے۔ یثرب کی بڑی آبادی یہودیوں پر مشتمل تھی ۔ بیس سےزائد یہودی قبائل آباد تھے لیکن مستند یہودی قبیلے تین ہی تھے ۔ بنو نادر ،بنو قریضہ اور بنو قینوقہ پیشے کے اعتبار سے سنار یا اسلحہ CITATION Sun8 \l 1033 قینوقہ۔ ساز تھے۔ قریضہ اور نادر مدینہ کے جنوب میں واقع انتہائی امیر ترین اراضی کے مالک تھے۔ مدینہ کے یہودی قبائل کے پاس انسٹھ قلعہ تھے۔ ان مضبوط اور کشادہ قلعوں میں اسکول اور عبادت خانہ اور کونسل ہال تھے۔ CITATION Sun8 \l 1033 کچھ قلعہ پہاڑیوں کی چوٹیوں پر ہونے کی وجہ سے ناقابل تسخیر سمجھے جاتے تھے۔ ان قلعوں میں بیس ہزار کے قریب جنگجو رہتے تھے۔یہودیوں کے مقابلہ میں عربوں کے پاس محض تیرہ قلعہ تھے۔ یثرب سے نوے میل کے فاصلہ پر یہودیوں کی دوسری سب سے اہم آبادی خیبر تھی۔ وہاں یہودی انگور ، سبزیاں ، اور اناج کاشت کرتے اور بھیڑ ، مویشی ، اونٹ ، گھوڑے اور گدھے پالتے تھے۔ ان کے پاس کھجور کے بھی باغات تھے۔ خیبر کے لوگ عرب ، شام اور عراق کے درمیان سفر کرنے والے قافلوں سے تجارت کرتے تھے۔

کچھ یہودی جنگی آلات بھی تیار کرتے تھے۔ یہودی سازش کر کے قبیلوں کو لڑوانے کے حوالے سے کافی بدنام تھے ۔ لیکن قبیلوں کی لڑائی سے وہ کماتے خوب تھے۔ جب قبیلے لڑتے تو ان سے اسلحہ خریدتے ، ان سے سود پر رقم لیتے اور یہودیوں کی چاندی ہوجاتی۔ یہودیوں کو تجارت اور پیسہ کمانے کا فن آتا تھا۔ اناج ، کھجور ،

CITATION Sun8 \l 1033 (Hunter, W. W. page 77)
CITATION Sun8 \l 1033 (Watt page 193)
CITATION Sun8 \l 1033 (Ahmad, Barakat page 104)

شراب ، اورکپڑے کی تجارت میں انہیں ملکہ حاصل تھا۔ یثرب میں یہودیوں کی کل آبادی چھتیس سے بیالیس ہزار نفوس کے درمیان تھی۔ [CITATION Sun8 \l 1033] یہودی عرب کے مقامی نہیں تھے بلکہ کسی دور میں یروشلم سے ہجرت کرکے آئے تھے۔

بہت سی روایات موجود ہیں جو بتاتی ہیں کہ ساتویں صدی کے دوران یہودی سرزمین عرب سے کسی نبی کے منتظر تھے۔ محمد کی ولادت کے بعد ، ایک یہودی نے نوزائیدہ کو دیکھا ، اور بچے کی پیٹھ پر مہر بنوت دیکھ کر بیہوش ہوگیا۔ جب ہوش آیا تو رویا کہ نبوت اسرائیلیوں سے چلی گئی ہے۔ یہ محض اتفاق تھا کہ محمد جب مدینہ پہونچے تو انہیں ایک یہودی نے ہی دیکھا اور انکی امد کا اعلان کیا۔ محمد کی تبلیغ پر کچھ یہودیوں نے اسلام قبول کرلیا۔ ایک یہودی تو اسلام کے اتنے شیدائی ہوگئے کہ سبت کے دن مسلمانوں کے ہمراہ جنگ کے لئے نکل کھڑا ہوئے ۔ جنگ احد سبت کے دن لڑی گئی تھی۔یہودی سبت کے جنگ نہیں کرتے۔ یہی نہیں بلکہ انہوں نے شہادت کی صورت میں اپنا مال بھی مسلمانوں کے لئے وقف کردیا۔ وہ جنگ کے دوران شہید ہوگئے ۔ اور محمد نے انکا مال خیرات کردیا[CITATION Sun8 \l 1033]۔ ایک اور یہودی ربیع عبد اللہ بن سلام نے اسلام قبول کیا ، لیکن مکمل جانچ پڑتال کے بعد۔ سلام پھل جمع کررہے تھے جب انہیں علم ہوا کہ محمد کی مدینہ منورہ آمد ہے۔ وہ سیدھے نبی کے پاس آئے اور تین سوالات پوچھے

قیامت کی پہلی علامت کیا ہوگی، اہل جنت کا پہلا کھانا کیا ہوگا اور بچے کی شکل کیوں ماں یا باپ پر جاتی ہے۔
محمد نے جواب دیا کہ مجھے ابھی ابھی جبرائیل نے بتایا ہے کہ قیامت کی پہلی علامت آگ ہوگی جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی جانب اکٹھا کرے گی۔ اہل جنت کا پہلا کھانا مچھلی کے جگر کا لطیف حصہ ہوگا۔ جنسی عمل کے دوران اگر مرد پہلے فارغ ہوگیا تو بچہ باپ پر ہوگا اور ماں پہلے ہوئی تو بچہ ماں پر ہوگا[CITATION Sun8 \l 1033]۔ اس جواب کو سن کر عبداللہ بن سلام ایمان لے آئے اور کہا کہ ان سوالوں کے جواب ایک نبی ہی دے سکتا ہے۔ ابتدائی دنوں میں ، مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہوگئے تھے۔ یہاں تک کہ وہ دستور مدینہ پر دستخط کرکے مسلمانوں کے اتحادی بن گئے تھے۔

[CITATION Sun8 \l 1033] (Ahmad, Muhammad and the Jews, A re-examination page 43)
[CITATION Sun8 \l 1033] (The Life of Muhammad: A Translation of Ibn Ishaq’s Sirat Rasul Allah page 241)
[CITATION Sun8 \l 1033] (Sahih al-Bukhari 3329, Vol. 4, Book 55, Hadith 546)

